Driven to

Deliver

شیل پاکستان لمیٹڈ

سالانہ رپورٹ

2022ء



ترسیل کے لیے گامزن

شیل کا مقصد ہے کہ زیادہ سے زیادہ اور صاف توانائی کے سولیوشنز کے ساتھ مل کر ترقی کو تقویت دی جائے۔ شیل ملک کی سب سے پرانی انرجی کمپنی ہے جو 1947ء سے پاکستان کی ترقیاتی اور اسٹریٹجک ترجیحات کی معاونت کر رہی ہے۔ ہم پاکستان کے لیے پائیدار توانائی کے مستقبل کی تعمیر کے حوالے سے حکومت، صنعت اور اپنے صارفین کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے آمادہ ہیں۔ ہم ملک اور اس کے عوام کی خدمت کے اپنے مشن پر ثابت قدم ہیں۔

فہرست

گورننس اور کمپلائنس

کمپنی کی معلومات ---------- 5
نصب العین ---------- 6
عمومی کاروباری اصولوں کا بیان ---------- 7
چیئرپرسن کا تجزیہ ---------- 11
بورڈ آف ڈائریکٹرز ---------- 13
ڈائریکٹرز کی رپورٹ ---------- 17
نوٹس برائے سالانہ جنرل میٹنگ ---------- 22
کمپلائنس کا بیان ---------- 27
غیر جانب دار آڈیٹرز کی جائزے کی رپورٹ ---------- 30

ہماری کارکردگی

موبیلیٹی ---------- 32
لبریکینٹس ---------- 36
ایچ ایس ایس ای کارکردگی ---------- 40
ہمارے لوگ ---------- 44
سماجی کارکردگی ---------- 49

مالی معاملات

کارکردگی ایک نظر میں ---------- 55
آپریٹنگ اور مالی جھلکیاں ---------- 57
غیر جانب دار آڈیٹرز کی رپورٹ ---------- 59
مالی صورت حال کا بیان ---------- 64
نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کا بیان ---------- 65
ایکویٹی میں تبدیلی کا بیان ---------- 66
نقد رقوم کے بہاؤ کا بیان ---------- 67
مالی گوشواروں کے نوٹس ---------- 68
بورڈ کی حاضری ---------- 131
شیئر ہولڈنگ کا پیٹرن ---------- 132
پراکسی کا فارم ---------- 137

ترسیل کے لیے گامزن

توانائی

توانائی ہماری روزمرہ کی زندگی کے لیے اہم ہے۔ یہ ان پہیوں کو طاقت دیتی ہے جو پورے ملک میں ترقی اور نقل و حرکت کو بڑھاتے ہیں۔ شیل پاکستان اپنے شراکت داروں، کمیونٹیز اور حکومت کے ساتھ مل کر ملک بھر میں محفوظ، قابل اعتماد اور ماحولیاتی طور پر ذمہ دارانہ طریقوں سے توانائی کی فراہمی کے لیے کام کرتا ہے۔

ہم آئندہ برسوں کے لیے زیادہ، صاف توانائی حاصل کرنے کے لیے انسانی مہارت، جدت طرازی اور ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہیں۔

گورننس اور کمپلائنس

کمپنی کی معلومات

بورڈ آف ڈائریکٹر	زین کے حق (چیئرپرسن) وقار آئی صدیقی رفیع ایچ بشیر پرویز غیاث عمران آر ابراہیم مدیحہ خالد ظفر اے خان جان کنگ چونگ لُو ضرار محمود عامر آر پراچہ بدرالدین ایف ویلانی
چیف ایگزیکٹو	وقار آئی صدیقی
آڈٹ کمیٹی	عمران آر ابراہیم (چیئرپرسن) رفیع ایچ بشیر بدرالدین ایف ویلانی
کمیٹی برائے افرادی وسائل ومعاوضے	ظفر اے خان (چیئرپرسن) پرویز غیاث وقار آئی صدیقی زین کے حق
کمپنی کے سیکرٹری	لالہ رخ حسین-شیخ
رجسٹرڈ دفتر	شیل ہاؤس، 6 چوہدری خلیق الزمان روڈ، کراچی 75530 پاکستان
آڈیٹرز	ای وائے فورڈ رہوڈز
لیگل ایڈوائزرز	ویلانی اینڈ ویلانی، ایڈووکیٹس اینڈ سالیسیٹرز
رجسٹرار اور شیئر رجسٹریشن دفتر	فیمکو ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ 8 ایف، ہوٹل فاران سے متصل، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس شاہراہِ فیصل کراچی-75400



نصب العین

پاکستان کے عوام کے لیے پائیدار توانائی کے مستقبل کی مشترکہ طور پر تعمیر میں ایک قابل اعتماد اور جدت طراز شراکت دار بننا

عمومی کاروباری اصولوں کا بیان

شیل کے عمومی کاروباری اصول کا مطلب ہے کہ شیل گروپ☆، میں شامل ہر ایک کمپنی، اپنے معاملات کو کس طرح انجام دیتی ہے۔

☆شیل پی ایل سی اور وہ کمپنیاں جن میں یہ براہ راست یا بالواسطہ طور پر سرمایہ کاری کی مالک ہے وہ الگ اور مختلف ادارے ہیں۔ لیکن اس اشاعت میں جہاں عام طور پر ان کمپنیوں کا حوالہ دیا جاتا ہے مشترکہ اظہار کے لیے 'شیل' اور 'شیل گروپ' کے لفظ کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح شیل گروپ کی کمپنیوں کا بالعموم حوالہ دینے کے لیے بعض جگہوں پر 'ہم'، اور 'ہمارے' کے الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔ یہ تاثرات وہاں بھی استعمال کیے جاتے ہیں جہاں کسی خاص کمپنی یا کمپنیز کی شناخت کا بالخصوص اظہار مقصود نہ ہو۔

ہماری اقدار کے ساتھ رہنا

شیل گروپ کے مقاصد تیل، گیس، کیمیکل اور دیگر منتخب کاروباروں میں مستعدی، ذمہ داری سے اور منافع بخش طور پر شامل ہونا نیز صارفین کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور دنیا کی توانائی کے لیے ارتقاپذیر طلب کو پورا کرنے کے ضمن میں توانائی کے دیگر ذرائع کی تلاش اور تیاری میں حصہ لینا ہے۔

ایمانداری، دیانت داری اور لوگوں کے احترام کی ہماری مشترکہ بنیادی اقدار ہمارے تمام کاموں کی اساس اور ہمارے کاروباری اصولوں کی بنیاد ہیں۔

ان کاروباری اصولوں کا اطلاق ہمارے تمام، بڑے یا چھوٹے، لین دین پر ہوتا ہے اور ہر شیل کمپنی میں ہر ملازم سے ہر وقت اپنے کاروبار کے طرز عمل میں اسی برتاؤ کی توقع کرتے ہیں۔ ہم کس طرح کام کرتے ہیں یہ ہمارا فیصلہ ہے۔ اگر ہم قانون اور کاروباری اصولوں کے مطابق کام کرتے ہیں تو ہماری ساکھ برقرار رہے گی۔ ہم اپنے کاروباری شراکت داروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ ان اصولوں یا مساوی اصولوں کے مطابق زندگی گزاریں۔

یہ منیجمنٹ کی ذمہ داری ہے کہ وہ مثال پیش کرتے ہوئے رہنمائی کرے، اس بات کو یقینی بنائے کہ تمام ملازمین ان اصولوں سے آگاہ ہیں، اور ان کی حقیقی روح کو سمجھتے ہوئے من و عن برتاؤ کریں۔

ان اصولوں کا اطلاق یقین دہانی کے طریقہ کار کے ایک جامع مجموعے کے ذریعے کیا گیا ہے، جو اس امر کو یقینی بنانے کے لیے وضع کیے گئے ہیں کہ ہمارے ملازمین اور کاروباری شراکت دار ان اصولوں کو سمجھتے ہیں اور ان کے مطابق کام کرنے کی تصدیق کرتے ہیں۔

یقین دہانی کے نظام کے حصے کے طور پر، یہ انتظامیہ کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ ملازمین کو محفوظ اور خفیہ چینل فراہم کرے تاکہ خدشات کا اظہار کیا جا سکے اور عدم تعمیل کے واقعات کی اطلاع دی جا سکے۔ بدلے میں، یہ شیل ملازمین کی ذمہ داری ہے کہ وہ کاروباری اصولوں کی مشکوک طور پر خلاف ورزیوں کی اطلاع شیل کو دیں۔

کاروباری اصول کئی برسوں سے بنیادی حیثیت کے حامل ہیں کہ ہم اپنے کاروبار کو کس طرح چلاتے ہیں اور ان کے مطابق زندگی گزارنا ہماری مسلسل کامیابی کے لیے اہم ہے۔



ہماری اقدار

شیل کے ملازمین بنیادی اقدار کے ایک مجموعے - ایمانداری، سالمیت اور لوگوں کے لیے احترام - پر عمل کرتے ہیں۔ ہم بھروسے، کشادہ دلی، ٹیم ورک اور پیشہ ورانہ مہارت، اور اپنے کام پر فخر جیسے بنیادی اصولوں کی اہمیت پر بھی راسخ یقین رکھتے ہیں۔

پائیدار ترقی

کاروباری اصول کے طور پر، ہم پائیدار ترقی میں حصہ لینے کا عزم رکھتے ہیں۔ اس کے لیے قلیل اور طویل مدتی مفادات میں توازن پیدا کرنے، اقتصادی، ماحولیاتی اور سماجی تحفظات کو کاروباری فیصلہ سازی میں ضم کرنا ضروری ہے۔

ذمہ داریاں

شیل ذمہ داری کے پانچ شعبوں کی نشان دہی کرتی ہے۔ یہ انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ ترجیحات کا مسلسل جائزہ لے اور اس جائزے کی بنیاد پر ان ناگزیر ذمہ داریوں کو بجالائے۔

الف۔ شیئرہولڈرز کے لیے

شیئرہولڈرز کی سرمایہ کاریوں کا تحفظ اور صنعت میں دیگر نمایاں کمپنیوں کے مقابلے میں طویل مدتی منافع کی فراہمی

ب۔ صارفین کے لیے

قیمت، معیار، تحفظ، ماحولیاتی اور کمرشل مہارتوں کے لحاظ سے خوبیوں کی پیش کش کرنے والی پراڈکٹس اور خدمات کی تیاری اور فراہمی کے ذریعے صارفین کا دل جیتنا اور انھیں اپنے ساتھ رکھنا

ج۔ ملازمین کے لیے

ہمارے ملازمین کے انسانی حقوق کا احترام اور انھیں کام کی بہتر اور محفوظ صورتِ حال اور ملازمت کی مسابقتی شرائط وضوابط فراہم کرنا۔ اپنے ملازمین کی صلاحیتوں کی ترقی اور ان کے بہترین استعمال کو فروغ دینے کے لیے کام کا ایک جامع ماحول پیدا کرنا جہاں ہر ملازم کو اپنی صلاحیتوں اور قابلیت کو بڑھانے کا مساوی موقع ملتا ہے۔ ملازمین کے کام کی منصوبہ بندی اور سمت بندی میں ان کی شمولیت کی حوصلہ افزائی کرنا اور خدشات کی اطلاع کے لیے ذرائع مہیا کرنا۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ کمرشل کامیابی کا دارومدار تمام ملازمین کی مکمل وابستگی پر ہے۔

د۔ وہ جن کے ساتھ ہم کاروبار کرتے ہیں

کانٹریکٹرز، سپلائرز، اور مشترکہ امور میں اور شیل کے ان عمومی کاروباری اصولوں یا ان تعلقات میں مساوی اصولوں کے نفاذ کو فروغ دینا۔ ایسے تعلقات میں داخل ہونے یا ان کے قائم رہنے کے فیصلے میں ان اصولوں کو مؤثر طریقے سے فروغ دینے کی اہلیت ایک اہم عنصر ہوگی۔

ہ۔ معاشرہ

معاشرے کے ذمہ دار کارپوریٹ رکن کے طور پر کاروبار کرنا، قابلِ اطلاق قوانین وضوابط کی تعمیل کرنا، کاروبار کے قانونی کردار کے ساتھ بنیادی انسانی حقوق کی معاونت کرنا اور صحت، تحفظ، سلامتی اور ماحولیات کا مناسب طور پر خیال رکھنا۔

اصول 1

کفایت

ہماری کاروباری مقاصد کو حاصل کرنے اور ہماری مستقل نمو کے لیے طویل مدتی نفع آوری لازمی ہے۔ یہ کارکردگی اور قیمت دونوں کی پیمائش ہے جو صارفین شیل کی مصنوعات اور خدمات کے لیے ادا کرتے ہیں۔ اس سے لگاتار سرمایہ کاری کے لیے ضروری کارپوریٹ وسائل کی فراہمی ہوتی ہے جو صارفین کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مستقبل میں توانائی کی ترسیل کی تیاری اور پیداوار کے لیے درکار ہوتی ہے۔ منافع اور مضبوط مالی بنیاد کے بغیر، ہماری ذمہ داریاں پوری کرنا ممکن نہیں ہو گا۔

سرمایہ کاری کرنے اور نہ کرنے کے فیصلوں کے معیارات میں پائیدار ترقی کے تحفظات (معاشی، سماجی اور ماحولیاتی) اور سرمایہ کاری کے خطرات کا اندازہ شامل ہے۔

اصول 2

مسابقت

شیل کمپنیاں آزاد کاروبار کو سپورٹ کرتی ہیں۔ ہم منصفانہ اور اخلاقی طور پر اور مسابقت کے قابل اطلاق قوانین کے دائرہ کار میں رہ کر مقابلہ کرنا چاہتے ہیں؛ ہم دوسروں کو ہمارے ساتھ آزادانہ طور پر مسابقت کرنے سے نہیں روکیں گے۔

اصول 3

کاروباری ربط

شیل کمپنیاں ہمارے کاروبار کے ہر پہلو میں ایمان داری، ربط، اور منصفانہ پن پر زور دیتی ہیں اور جن کے ساتھ بھی ہم کاروبار کرتے ہیں ان کے ساتھ تعلق میں یہی توقع کرتی ہیں۔ رشوت کی بلاواسطہ یا بالواسطہ پیش کش، ادائیگی، رشوت کی درخواست یا قبولیت کسی بھی شکل میں ناقابلِ قبول ہے۔ سہولت کاری کی ادائیگیاں بھی رشوت ہوتی ہیں اور یہ نہیں ہونی چاہئیں۔ ملازمین کو اپنی نجی سرگرمیوں اور کمپنی کے کاروبار کو چلانے میں ان کے حصے کے مابین مفادات کے تصادم سے گریز کرنا چاہیے۔ ملازمین کو اپنی آجر کمپنی کو مفادات کے ممکنہ تصادم کے بارے میں بھی واضح طور پر بتانا ہو گا۔ شیل کمپنی کی جانب سے تمام کاروباری لین دین کی عکاسی کمپنی کے کھاتوں میں درست اور منصفانہ انداز میں اور طے شدہ طریقہ کار کے مطابق ہوں، جن کے لیے آڈٹ اور انکشاف (disclosure) لازمی شرط ہیں۔

اصول 4

سیاسی سرگرمیاں

الف۔ کمپنیوں کی

شیل کمپنیاں ان ممالک کے قوانین کے تحت سماجی طور پر ذمہ دارانہ انداز میں کام کرتی ہیں جن میں ہم اپنے قانونی کمرشل مقاصد کے حصول میں کام کرتے ہیں۔

شیل کمپنیاں سیاسی جماعتوں، تنظیموں یا ان کے نمائندوں کو ادائیگی نہیں کرتی ہیں۔ شیل کمپنیاں پارٹی سیاست میں حصہ نہیں لیتی ہیں۔ تاہم، حکومتوں کے ساتھ معاملات کرتے وقت، شیل کمپنیوں کا یہ حق اور ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ کسی بھی معاملے میں، جو ہمیں، ہمارے ملازمین، ہمارے صارفین، ہمارے شیئر ہولڈرز یا مقامی کمیونٹیز کو متاثر کرتا ہو، میں ہماری بنیادی اقدار اور کاروباری اصولوں کے مطابق ہماری پوزیشن کو واضح کر سکیں۔

ب۔ ملازمین کی

جہاں افراد کمیونٹی سرگرمیوں میں حصہ لینا چاہتے ہیں، بشمول حکومت بنانے کا انتخاب لڑنے کے لیے، تو جہاں یہ مقامی حالات کی روشنی میں مناسب ہو گا وہاں انھیں ایسا کرنے کا موقع دیا کیا جائے گا۔

اصول 5

صحت، سیفٹی، سیکورٹی، اور ماحول

کارکردگی میں مسلسل بہتری کے حصول کے لیے شیل کمپنیاں صحت، سیفٹی، سیکورٹی اور ماحولیاتی انتظام کے لیے منظم انداز اختیار کرتی ہیں۔

اس مقصد کے لیے، شیل کمپنیاں ان معاملات کا انتظام اہم کاروباری سرگرمیوں کے طور پر کرتی ہیں، بہتری کے معیار اور اہداف طے کرتی ہیں، اور خارجی اعتبار سے کارکردگی کی پیمائش، تشخیص اور رپورٹ کرتی ہیں۔

ہم اپنے آپریشنز، مصنوعات اور خدمات کے ماحولیاتی اثرات کو کم کرنے کے لیے مستقل طور پر طریقے تلاش کرتے رہتے ہیں

اصول 6

مقامی کمیونٹیز

شیل کمپنیوں کا مقصد ہے کہ وہ اچھے پڑوسی ثابت ہوں، ان طریقوں کو مستقل طور پر بہتر بناتے ہوئے جن سے ہم اُن کمیونٹیز کی عمومی بہبود میں بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر حصہ لیتے ہیں، جن میں ہم کام کرتے ہیں۔

ہم اپنی کاروباری سرگرمیوں کے معاشرتی اثرات کے بارے میں محتاط رہتے ہیں اور مقامی کمیونٹیز کے فوائد میں اضافے، نیز اپنی سرگرمیوں کے کسی بھی منفی اثرات کو کم کرنے کے لیے دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔

مزید برآں، شیل کمپنیاں ان سماجی معاملات میں تعمیری دلچسپی لیتی ہیں جو ہمارے کاروبار سے بالواسطہ یا بلاواسطہ تعلق رکھتے ہیں۔

اصول 7

ابلاغ اور تعلق

شیل کمپنیاں اس بات کو تسلیم کرتی ہیں کہ ہمارے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ باقاعدہ بات چیت اور تعلق ضروری ہے۔ ہم قانونی طور پر دلچسپی رکھنے والے فریقوں کو اپنی کارکردگی کی مکمل متعلقہ معلومات فراہم کرکے اطلاع دہندگی (رپورٹنگ) کے پابند ہیں، جو کاروبار کی رازداری کے کسی بھی اہم نظریے سے مشروط ہیں۔

ملازمین، کاروباری شراکت دار اور مقامی برادریوں کے ساتھ ہمارے میل جول میں، ہم ان کی رائے کو ایمانداری اور ذمہ داری کے ساتھ سننے اور ان کا جواب دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

اصول 8

کمپلائنس

ہم جن ممالک میں ہم کام کرتے ہیں ان کے تمام قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کی تعمیل کرتے ہیں۔

چیئرپرسن کا تجزیہ

31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے

عزیز شیئر ہولڈرز،

میں 31، دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے چیئرپرسن کا تجزیہ پیش کرتے ہوئے مسرور ہوں۔

ملک اور تیل کی صنعت کے لیے یہ دشوار اور اتار چڑھاؤ سے بھرپور سال رہا ہے۔ اس سال روپے کی قدر میں غیر معمولی کمی، بڑھتی ہوئی مہنگائی اور معاشی غیر یقینی صورت حال دکھائی دی۔ سال کی دوسری ششماہی کے دوران، پاکستان الم ناک اور تباہ کن مون سون سیلابوں کا شکار بنا، جس سے ایک اندازے کے مطابق 33 ملین افراد متاثر ہوئے۔ ان دشواریوں کے باوجود، آپ کی کمپنی نے فیول کی محفوظ، مؤثر اور بھروسا مند فراہمی، اور اپنے آپریشنز کے تمام پہلوؤں میں آپریشنل برتری کو برقرار رکھنے کی اپنی اسٹریٹجک ترجیحات پر توجہ مرکوز کی۔ کمپنی پورے کاروبار میں محفوظ آپریشنز کو یقینی بنانے کے لیے صنعت میں اپنا ممتاز مقام برقرار رکھا اور حفاظت کی تائید کے ضمن میں صنعت میں نمایاں کردار ادا کرتی رہی ہے۔

اس مدت کے دوران، کمپنی کے معاملات کو چلانے میں بورڈ نے اہم کردار ادا کیا۔ کمپنیز ایکٹ، 2017ء اور فہرستی کمپنیوں (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کے ضوابط، 2019ء (اور تمام قابل اطلاق قوانین) کے مطابق، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنی ذمہ داریاں پوری تن دہی سے نبھائیں، نیز مینیجمنٹ کی کارکردگی کی نگرانی اور کمپنی کے لیے اسٹریٹجک اہداف کے کامیاب حصول میں کلیدی کردار ادا کیا۔ بورڈ اس حقیقت سے بخوبی آگاہ ہے کہ کارپوریٹ نظم و نسق کے بہترین معیارات کو یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کرنے کے ساتھ کارپوریٹ احتساب کو بڑھانے کے لیے کارپوریٹ گورننس کے معین پراسس اہمیت کے حامل ہیں۔

بورڈ کو متعلقہ ذیلی کمیٹیوں - بورڈ کی آڈٹ کمیٹی اور کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے کی معاونت حاصل رہی، جنھوں نے کوڈ آف کارپوریٹ گورننس کے رہنما خطوط کے مطابق امور انجام دیے۔ کمیٹیوں نے پراسس اور کارکردگی دونوں کے حوالے سے ان شعبوں کی نشان دہی میں اہم کردار ادا کیا جہاں بہتری کی ضرورت تھی۔

بورڈ نے یقینی بنایا کہ بورڈ اور اس کی کمیٹیوں میں نان ایگزیکٹو اور خود مختار ڈائریکٹرز کی مناسب نمائندگی موجود رہے۔ کارپوریٹ فیصلہ سازی کے عمل کو مضبوط بنانے کے لیے بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کے سامنے تمام اہم مسائل پیش کیے گئے، اور کمپنی کی جانب سے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ کیے گئے لین دین کو بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر بورڈ نے منظور کیا۔

بورڈ اور مینیجمنٹ ان بنیادوں کو استوار کرنے اور تمام اسٹیک ہولڈرز کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنی کی کارکردگی کو تمام جہتوں میں بہتر بنانے پر توجہ مرکوز رکھنے کے لیے پرعزم ہیں۔

تاہم، کمپنی بیرونی عوامل جیسے کرنسی کی قدر میں کمی، تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ اور اقتصادی غیر یقینی صورت حال سے پیدا ہونے والی دشواریوں سے نبرد آزما رہی ہے، جس نے کمپنی کے جاری سرمائے اور نقدر قم کی کیفیت کو تناؤ کا شکار کیا ہے۔ اس کے باوجود، بورڈ آف ڈائریکٹرز منیجمنٹ کے ساتھ مل کر ان دشواریوں کے اثرات کو کم کرنے، متعلقہ مواقع سے استفادہ کرنے اور پاکستان کے لیے توانائی کے پائیدار مستقبل کی تیاری میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کے لیے پر عزم ہیں۔

میں اس موقع پر شیل پاکستان لمیٹڈ کے نصب العین کے لیے بورڈ کے اپنے ساتھی ارکان اور اپنے ملازمین کی غیر متزلزل لگن کا اعتراف بھی کرنا چاہوں گا۔ کمپنی کے لیے لگن، مستقل معاونت اور کمپنی پر اعتماد کے لیے ہمارے شیئر ہولڈرز، صارفین، اور دیگر تمام اسٹیک ہولڈرز کے شکر گزار ہیں، کیونکہ ہم اپنی تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ اپنے صافین کی خدمت کا اپنا سفر جاری رکھے ہوئے ہیں۔

زین کے حق

چیئرپرسن

بورڈ آف

ڈائریکٹرز

زین حق

زین حق سنگاپور میں مقیم ہیں اور شیل ایگریکلچر اینڈ فاریسٹری- جو شیل ڈاؤن اسٹریم حکمت عملی کا ایک اہم شعبہ ہے۔ کے عالمی نائب صدر ہیں۔ اس کے علاوہ، زین شیل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ میں چیئرمین کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔

زین ریفائننگ، مارکیٹنگ، ٹریڈنگ سپلائی میں 26 سال کے پیشہ ورانہ اور قائدانہ تجربے کے حامل ہیں اور پاکستان، سنگاپور، ویتنام، برطانیہ، سوئٹزرلینڈ اور امریکہ میں رہ چکے ہیں اور لاطینی امریکہ، افریقہ، جاپان، اوشیانا، یورپ اور کیریبین منڈیوں کی انتظامی نگرانی کا تجربہ رکھتے ہیں۔ اپنی موجودہ ذمہ داری سے قبل، زین شیل فلیٹ سولیوشنز کے جنرل منیجر ایشیا تھے جہاں انہوں نے شیل کو پورے ایشیا میں فلیٹ، نقل و حرکت اور توانائی کے حل میں قائدانہ حیثیت دلانے کے لیے کاروبار کو بڑھایا۔ اس سے پہلے زین نے ہیوسٹن میں امریکی کمپنی کے لیے جنرل منیجر پرائسنگ اینڈ لاجسٹکس اور سوئٹزرلینڈ کی عالمی لائسنس یافتہ مارکیٹس کے جنرل منیجر کے طور پر خدمات انجام دیں۔ اس سے ایک عشرہ قبل، وہ ویتنام، پاکستان اور سنگاپور میں کنٹری مینجمنٹ کے فرائض انجام دے رہے تھے۔ زین امریکہ، سوئٹزرلینڈ، عمان میں جے ویز (JVs) اور پی ایل سیز (PLCs) میں نگرانی اور بورڈ کے کہنہ مشق تجربے کے حامل ہیں نیز صنعت کے فورمز میں قائدانہ کردار ادا کر چکے ہیں، یعنی چیئرمین مارکیٹنگ کمیٹی امریکن پیٹرولیم انسٹی ٹیوٹ، یو ایس ایسوسی ایشن فار انرجی اکنامکس کے وی پی، ویتنام حکومت کے مشیر رہ چکے ہیں۔

انہوں نے کیمبرج یونیورسٹی، برطانیہ سے ایم بی اے کیا، سی او ای کالج، امریکہ سے معاشیات میں بی اے کیا اور کراچی گرامر اسکول، پاکستان سے اپنی اسکول کی تعلیم مکمل کی۔

وقار آئی صدیقی

وقار آئی صدیقی شیل پاکستان لمیٹڈ (SPL) کے چیف ایگزیکٹو اور منیجنگ ڈائریکٹر ہیں۔

وقار آئی صدیقی بین الاقوامی تجربے کے حامل بورڈ کی سطح کے ایگزیکٹو ہیں جو شیل اور دیگر اہم اداروں کے ساتھ بزنس کی تشکیلِ نو کے مستحکم ریکارڈ کے حامل ہیں۔

وقار 2001ء میں شیل پاکستان لمیٹڈ سے منسلک ہوئے اور تب سے مقامی و بین الاقوامی سطح پر سینئر لیڈرشپ عہدوں پر رہتے ہوئے مختلف کاروباری ڈویژنوں میں متنوع کردار ادا کر چکے ہیں۔ پٹرولیم ڈاؤن اسٹریم میں ان کے 25 سال سے زائد تجربے کے ساتھ وہ کاروباری ترسیل، تنظیمی تبدیلی، حکمتِ عملی کی تیاری، مشترکہ امور اور انضمام کے ذریعے ملٹی ملین ڈالر کمرشل اداروں کی کامیابی سے رہنمائی کر چکے ہیں۔ پاکستان واپسی سے قبل وہ پی ٹی شیل انڈونیشیا میں شیل ڈاؤن اسٹریم ریٹیل کے منیجنگ ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دے رہے تھے۔ وقار 2019ء سے شیل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں شامل ہیں۔

وقار شیل اور آئل کے دیگر اہم اداروں کے لیے کاروباری ٹرانسفارمیشن میں کامیابی کے مضبوط ریکارڈ کے ساتھ بورڈ کی سطح کے عالمی تجربے کے حامل ہیں۔ وہ مثالی اسٹیک ہولڈر مینجمنٹ کے تجربے کا ٹھوس ریکارڈ رکھتے ہیں؛ حکومتی ضابطہ کاروں میں قابلِ اعتماد مشیر کے طور پر جانے جاتے ہیں اور اعلیٰ سطح کے کاروباری اداروں اور پائیدار ترقی کے پروگراموں میں ان سے باقاعدہ مشاورت کی جاتی ہے۔

وہ کیمیکل انجینئرنگ میں بی ایس اور مارکیٹنگ میں ایم بی اے کی ڈگری کے حامل ہیں۔ مزید برآں ہارورڈ بزنس اسکول اور یونیورسٹی آف برٹش کولمبیا سے تعلیمی اور پیشہ ورانہ اسناد کے حامل ہیں۔

رفیع ایچ بشیر

رفیع بشیر فی الوقت ایشیا پیسیفک کے لیے شیل کے لبریکینٹس اور فیولز ریٹیلنگ کاروبار کے فنانس منیجر ہیں اور سنگاپور میں مقیم ہیں۔ رفیع مالی پروفیشنل ہیں اور گزشتہ 20 سال سے شیل کے ساتھ متعدد مالی عہدوں پر کام کرتے ہوئے پاکستان سے باہر اور سنگاپور میں رہتے ہوئے ملکی، علاقائی اور عالمی مالیات پر مرکوز متنوع ذمہ داریاں ادا کر چکے ہیں۔ وہ برطانیہ اور ویلز (آئی سی اے ای ڈبلیو) میں انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کے رکن ہیں اور شیل سے قبل لندن اور یو اے ای میں پروفیشنل اکاؤنٹینسی فرمز میں کام کر چکے ہیں۔

پرویز غیاث

پرویز غیاث انگلینڈ اینڈ ویلز کے انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کے فیلو ہیں اور معاشیات اور شماریات میں بیچلرز کی ڈگری رکھتے ہیں۔

وہ 2017ء سے 2022ء کے دوران حبیب یونیورسٹی فاؤنڈیشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ڈائریکٹر ہیں۔ حبیب یونیورسٹی فاؤنڈیشن ایک غیر منفعت بخش ادارہ ہے، جو حبیب یونیورسٹی کے کاموں کی نگرانی کرتا ہے۔ قبل ازیں 2005ء تا 2016ء کے دوران وہ انڈس موٹر کارپوریشن لمیٹڈ کے سی ای او (CEO) رہے، جو ہاؤس آف حبیب، ٹویوٹا موٹر کارپوریشن اور جاپان کی ٹویوٹا سوشو کارپوریشن کے مابین مشترکہ منصوبہ ہے اور جو ٹویوٹا برانڈ آٹو موبائل کی تیاری اور مارکیٹنگ سے منسلک ہے۔

انھوں نے اپنے 25 سال سے زائد کیریئر کا آغاز اینگرو کارپوریشن (سابقہ ایگزون کیمیکل پاکستان، ایک ایگزون موبل ایفلیٹ) سے کیا تھا، جہاں انہوں نے پاکستان، ہانگ کانگ اور کینیڈا میں سی ایف او اور نائب صدر کارپوریٹ افیئرز سمیت مختلف ذمہ داریاں انجام دیں اور کمپنی اور اس کے ماتحت اداروں کے بورڈ ممبر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔

پرویز غیاث اس وقت شیل پاکستان، راوی آٹوز سندر اور ایچ آر ایس جی کے بورڈز میں آزاد ڈائریکٹر اور داؤد ہرکولیس کارپوریشن کے بورڈ میں نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹر کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ الکرم ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ میں مشاورتی بورڈ کے رکن بھی ہیں۔

وہ داؤد ہرکولیس کارپوریشن اور شیل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ میں بھی بطور نان ایگزیکٹو خدمات انجام دیتے ہیں۔

عمران راشد ابراہیم

عمران راشد ابراہیم، گورنمنٹ کالج لاہور کے گریجویٹ ہیں، انھوں نے پوسٹ گریجویٹ کی تعلیم کراچی میں انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (آئی بی اے) سے حاصل کی۔ وہ مختلف کاروباری شعبوں، جیسے بعض کثیر القومی اداروں کو مصنوعات کی تقسیم کے ساتھ ساتھ کپاس کی چھڑائی (ginning) اور خوردنی تیل کی کشید (extraction) جیسے متنوع شعبوں میں 46 سال سے زائد تجربے کے حامل کاروباری فرد ہیں۔

وہ 2008ء تا 2017ء کے دوران شیل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں خدمات انجام دے چکے ہیں، اسی مدت میں وہ بورڈ کی آڈٹ کمیٹی کے رکن بھی تھے۔ وہ 2010ء تا 2014ء کے دوران پِک اسیٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ (PICIC Asset Management Company Limited) کے بورڈ آف ڈائریکٹر میں بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔

مدیحہ خالد

مدیحہ خالد شیل پاکستان لمیٹڈ کے ہیومن ریسورس کی سربراہ ہیں۔ انھوں نے 2005ء میں اے بی این ایمرو بینک سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا۔ 2006ء میں شیل پاکستان لمیٹڈ سے منسلک ہو کر مقامی و علاقائی سطح پر بھرتی، کاروباری شراکت، انتظامِ تبدیلی اور ٹیلنٹ کے حوالے سے مختلف عہدوں پر فائز رہی ہیں۔ وہ 2012ء سے شیل پاکستان لمیٹڈ کے لیے بطور ہیڈ آف ہیومن ریسورس کام کر رہی ہیں اور پاکستان میں موجود تمام کاروباری اداروں کے لیے تنظیمی استعداد کی ایچ آر پارٹنر ہیں، جو اسٹرے ٹجک ایچ آر سپورٹ کی مکمل رینج کی فراہمی کے لیے ایچ آر پروفیشنلز کی ایک ٹیم کی سربراہی کرتی ہیں۔

مدیحہ چارٹرڈ انسٹیٹیوٹ آف پرسنیل اینڈ ڈویلپمنٹ (CIPD)، یو کے کی چارٹرڈ رکن اور ہیومن ریسورس میں ایم بی اے ڈگری کی حامل ہیں۔

ظفر اے خان

ظفر اے خان نے پشاور یونیورسٹی سے مکینیکل انجینئرنگ میں گریجویشن مکمل کی اور اس کے فوراً بعد ہی ایکسون (Exxon) کیمیکلز سے منسلک ہو گئے جو اپنے ملازمین کے بیشتر حصص خریدنے کے بعد اینگرو کیمیکل پاکستان بن گئی۔ انھوں نے 35 سال کمپنی میں ملازمت کی، جس میں سے آخری 6 سال وہ بطور سی ای او کام کرتے رہے۔ ان کے کیریئر میں ایکسون کیمیکلز کی طرف سے ہانگ کانگ، سنگاپور اور امریکا میں پیٹرو کیمیکلز کے کاروبار میں دس سالہ خدمات بھی شامل ہیں۔ اینگرو سے ریٹائرمنٹ کے بعد وہ پی ٹی سی ایل، کراچی اسٹاک ایکسچینج، اور پی آئی اے میں چیئرمین کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔ فی الحال وہ جز وقتی پروفیسر آئی بی اے سے منسلک ہیں جہاں وہ ہیومن ریسورس منیجمنٹ کی تعلیم دیتے ہیں۔

وہ ہوائی یونیورسٹی سے ایڈوانس منیجمنٹ پروگرام مکمل کر چکے ہیں اس کے علاوہ وہ انسیڈ (INSEAD) اور ہارورڈ بزنس اسکول سے مختصر کورسز بھی کر چکے ہیں۔

ظفر اے خان نجی و سرکاری شعبے اور شہری انجمنوں کے کئی مختلف النوع بورڈز میں خدمات انجام دے چکے ہیں۔ وہ اس سے قبل 2017ء تک تین بار شیل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ میں شامل رہ چکے ہیں۔ اس وقت وہ سیکیورٹی پرنٹنگ کارپوریشن آف پاکستان، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، ڈیٹاچیک لمیٹڈ، ایکومین پاکستان اور پاکستان سینٹر فار فیلن تھراپی کے بورڈز میں تعینات ہیں۔

وہ اعلیٰ شہری اعزاز ستارۂ امتیاز بھی حاصل کر چکے ہیں۔

جان کنگ چُونگ لو

جان تیل و گیس اور پیٹرو کیمیکلز انڈسٹریز میں 30 سال سے زائد تجربہ رکھتے ہیں اور وہ ڈاؤن اسٹریم کے متنوع عہدوں پر کام کر چکے ہیں۔ ٹریڈنگ اور سپلائی آپریشنز کے جنرل منیجر کے طور پر جان شیل کے عالمی ٹریڈنگ آپریشنز اور دنیا بھر میں شیل کے صارفین کو فیول کی تقسیم و ترسیل کی نگرانی کے ذمہ دار ہیں۔ اپنے اس منصب سے قبل وہ شیل ایوی ایشنز میں بطور جنرل منیجر آپریشنز اینڈ ٹیکنیکل کام کرتے تھے، جہاں وہ شیل کے عالمی ایوی ایشن بزنس کے امور کے لیے ذمہ دار نیز ایوی ایشن فیولز اور لبریکینٹس کے تحقیق و اختراع (ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ) پروگرام کے منتظم تھے۔

وہ ٹورانٹو یونیورسٹی، کینیڈا سے کیمیکل انجینئرنگ میں بیچلرز ڈگری رکھتے ہیں، اور بزنس اسکول آف یونیورسٹی آف دُرہم سے ایم بی اے کی ڈگری لے چکے ہیں۔

جان شیل (جیانگ) پیٹرولیم ٹریڈنگ لمیٹڈ اور شیل انٹرنیشنل شپنگ سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ کے بورڈ کے رکن بھی ہیں۔
وہ ذاتی مشاغل کے طور پر اپنا خیراتی ادارہ ”ریڈ سائیکلنگ“ بھی چلاتے ہیں۔

ضرار محمود

ضرار محمود شیل پاکستان لمیٹڈ کے چیف فنانشل آفیسر اور فنانس ڈائریکٹر ہیں۔ ضرار نے 2008ء میں شیل میں شمولیت اختیار کی اور وہ سنگاپور، برونائی، اومان، پاکستان، مشرقِ وسطیٰ، وسطی ایشیا اور ایشیا پیسفک جیسے کئی مقامات کا متنوع تجربہ رکھتے ہیں۔ وہ انٹیگریٹڈ گیس اور ڈاؤن اسٹریم مارکیٹنگ کے کاروبار یعنی لبریکنٹس، ریٹیل، کمرشل فیولز اور ایوی ایشن میں مختلف عہدوں پر کام کر چکے ہیں۔ ان عہدوں میں انٹیگریٹڈ گیس نان آپریٹڈ وینچرز میں بطور شیئر ہولڈر فنانس منیجر، یو اے ای (ٹریڈنگ اینڈ سپلائی) اور سعودی عرب (ایوی ایشن) میں بطور شیل ڈائریکٹر، 10 ممالک کا انتظام کرنے والے ریجنل فنانس منیجر، پاکستان اور یو اے ای (UAE) کے لیے ریٹیل کنٹری فنانس منیجر، لبریکنٹس فنانس منیجر اور پرائسنگ اسپیشلسٹ شامل ہیں۔

ضرار نے لندن اسکول آف اکنامکس سے اکاؤنٹنگ میں بیچلر کی ڈگری اور سی اے ایس ایس بزنس اسکول، لندن سے اکاؤنٹنگ میں ماسٹرز کی ڈگری حاصل کی۔

عامر پراچہ

عامر پراچہ یونی لیور پاکستان لمیٹڈ کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیں۔ انھوں نے 2000ء میں Wheel کے اسسٹنٹ برانڈ منیجر کے طور پر یونی لیور پاکستان میں شمولیت اختیار کی اور اس کے بعد مارکیٹنگ اور سیلز کے مختلف اہم عہدوں پر کام کیا۔

اپنے موجودہ عہدے پر عامر کمپنی کے "یونی لیور فار پاکستان" وژن کی قیادت کر رہے ہیں، جس کا مقصد پاکستانیوں کو مساوی مواقع، بامعنی زندگی اور معاش کے ذریعے بااختیار بنانے میں یونی لیور پاکستان کے کردار کو بڑھانا ہے۔ وہ یونی لیور پاکستان کے ماحولیاتی اقدامات کو صاف توانائی کی منتقلی، پلاسٹک کے اثرات کو کم کرنے اور ملک میں گردشی معیشت کی جانب بڑھنے کے بارے میں مرکوز کوششوں کے ساتھ آگے بڑھا رہے ہیں۔

عامر وسیع تر صنعت اور ماحولیاتی نظام کے ساتھ فعال طور پر شریک ہیں۔ وہ اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (او آئی سی سی آئی) کے صدر ہیں اور اینڈیور پاکستان، کراچی ووکیشنل ٹریننگ سینٹر اور فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے بورڈز میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ پاکستان بزنس کونسل کے لیے سینٹر آف ایکسیلینس فار ریسپانسبل بزنس (سی ای آر بی) کے سربراہ بھی ہیں۔

عامر نے انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن سے بزنس ایڈمنسٹریشن (ایم بی اے) میں ماسٹرز کی ڈگری حاصل کی۔ انہوں نے 1996ء میں رائل ڈچ شیل آئل کمپنی میں اپنے کیریئر کا آغاز کیا۔ اپنے کیریئر کے دوران، انہوں نے ہارورڈ، انسیڈ اور لندن بزنس اسکول میں ایگزیکٹو کورسز میں بھی تعلیم حاصل کی۔ اپنے فارغ وقت میں، وہ پڑھنے، لینڈ اسکیپنگ اور تصوراتی فن تعمیر کے ساتھ تجربات سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور میل چیمپئنز آف چینج آسٹریلیا (ایم سی سی) کے پاکستان کولیشن کے چیمپئن ہیں۔

بدرالدین ایف ویلانی

بدرالدین ایف ویلانی لوبورو یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (Loughborough University of Technology) سے کیمیکل انجینئرنگ میں آنرز گریجویٹ اور مڈل ٹیمپل (لندن) کے بیرسٹر ایٹ لاء بھی ہیں۔ 1982ء میں انھیں وکالت کا اجازت نامہ ملا اور اس کے فوراً بعد انھوں نے کراچی میں لیگل پریکٹس شروع کر دی۔

ان کا نام پاکستان کی عدالت عظمیٰ میں بطور وکیل درج ہو چکا ہے اور وہ قانونی فرم ویلانی اینڈ ویلانی کے سینئر پارٹنر ہیں۔ وہ اپنی لیگل پریکٹس کے علاوہ ایف ایم سی جی، مینوفیکچرنگ، ریٹیل، اور فارماسوٹیکل کے شعبے میں کئی ملٹی نیشنل کمپنیوں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز سے بطور رکن اور متعدد رفاہی انجمنوں اور اداروں کے بورڈز سے بھی منسلک ہیں۔

ڈائریکٹرز کی

رپورٹ

31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے

عزیز شیئر ہولڈرز

آپ کی کمپنی کے ڈائریکٹران 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے ساتھ اپنی سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہیں۔

آپ کی کمپنی کے انتظامی امور، مارکیٹنگ اور تقسیم کاری کے اخراجات، مالی اور دیگر واجبات کی ادائیگی کے بعد 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے نقصان درج ذیل تھا:

	روپے ملین میں
نفع / نقصان قبل از ٹیکس	2,915
ٹیکس	(2,987)
31 دسمبر 2022ء کو ختم ہونے والے سال کا خالص نقصان	(72)
	روپے
نفع / نقصان فی شیئر–بنیادی اور سیال (diluted)	(0.34)

ذخائر کی کارروائی (موومنٹ) اور تصرفات ان مالی گوشواروں کے صفحہ 66 پر ایکویٹی میں تبدیلیوں کے بیان میں ظاہر کیے گئے ہیں۔

30 ستمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے نو مہینوں کے لیے روپے 3 فی شیئر کا عبوری منقسمہ تجویز کیا گیا، منظور کیا گیا اور ان ارکان کو ادا کیا گیا جن کے نام 31 اکتوبر 2022ء تک شیئر رجسٹر میں درج کیے گئے تھے۔

کاروباری جائزہ

ملک اور تیل کی صنعت کے لیے یہ دشوار اور اتار چڑھاؤ سے بھرپور سال رہا ہے۔ اس سال روپے کی قدر میں غیر معمولی کمی، بڑھتی ہوئی مہنگائی اور معاشی غیر یقینی صورت حال دکھائی دی۔ سال کی دوسری ششماہی کے دوران، پاکستان اپنی تاریخ کی بدترین قدرتی آفات سے دوچار ہوا، مون سون کے اندوہ ناک اور تباہ کن سیلاب سے پورے ملک کا ایک تہائی حصہ متاثر ہوا۔ دورانِ سال جاری اقتصادی دشواریوں کے نتیجے میں معاشی سرگرمیوں میں سست روی، پست طلب اور سیکورٹی کی فراہمی میں خطرات پیدا ہوئے۔ شرح مبادلہ کے نقصانات، روپے کی قدر میں کمی اور واجب الادا وصولیوں نے 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے نقصان میں اہم کردار ادا کیا۔

کمپنی نے کاروباری کارکردگی، لوگوں کی حفاظت اور ماحولیات کے تحفظ پر اپنی توجہ برقرار رکھی اور اخراجات کو قابلِ انتظام سطح پر رکھتے ہوئے آپریشنل برتری کے لیے پرعزم رہی ہے۔

موبیلٹی (قبل ازیں ریٹیل)

موبیلٹی نے صارفین کو فوقیت دیتے ہوئے اور ملک بھر میں اپنی سائٹس پر نئی اور مربوط ریٹیل آفرز فراہم کرکے زندگی کے سفر کو بہتر بنانے پر اپنی توجہ برقرار رکھی۔

صارفین کی حفاظت پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، کمپنی نے موٹر سائیکل سواروں اور تین پہیوں والی گاڑیوں کے لیے ری فیولنگ کی سیفٹی کے دوران صارفین کے رویوں اور طرز عمل کو بدلنے میں صنعت کی قیادت کی۔ پائیدار ثقافتی تبدیلی کی تعمیر کے لیے، کمپنی نے صارفین، حکومت اور صنعت کے اشتراک سے ایک جامع حفاظتی مہم شروع کی ہے، جس کا نام ہے "احتیاط بنے حفاظت" ("احتیاط سے حفاظت ہے")۔ کمپنی نے اس اہم اقدام کے لیے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا)، آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل (او سی اے سی) اور صنعت کے ساتھ اشتراک کیا۔

صارفین کو ان کے سفر میں فیولنگ کے لیے مزید سہولت اور انتخابات فراہم کرتے ہوئے، کمپنی نے 31 نئے ریٹیل اسٹیشنز کا آغاز کیا، 28 شیل سلیکٹ آؤٹ لیٹس، اور 25 نئی شیل کار واش اور ٹائر کیئر کی سہولیات شامل کیں۔

مزید برآں، کمپنی نے پاکستان بھر میں 90 ریٹیل سائٹس پر "وائس آف کسٹمر" پروگرام کا آغاز کیا، اور صارفین کے تجربے حوالے سے ان کی رائے اور بصیرتیں جمع کیں۔ یہ پروگرام کمپنی کو اپنی سروس کو بہتر بنانے اور غیر معمولی صارفی تجربات فراہم کرنے کے اپنے عزم کو برقرار رکھنے کے قابل بنائے گا۔

لبریکینٹس

لبریکینٹ ہماری کمپنی کے مجموعی کاروبار میں قدر کی فراہمی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ مشکل اقتصادی حالات اور اہم شعبوں میں پست طلب کے دوران، مندی کی شکار مارکیٹ کے باوجود لبریکینٹس نے ترقی جاری رکھی۔

2022 میں، ہنڈائی کے ساتھ شراکت کے ذریعے، کمپنی نے پہلے کو برانڈڈ کار لبریکینٹ کا افتتاح کیا، جو صارفین کو خاص طور پر ان کی ہنڈائی گاڑیوں کے لیے تیار کردہ قابل اعتماد اور تکنیکی طور پر جدید پروڈکٹ فراہم کرتا ہے۔ کمپنی نے پریمیم مارکیٹنگ کے اقدامات اور خصوصی ٹرانسپورٹ مارکیٹنگ کمپینز پر بھی توجہ مرکوز کی۔ دانش مندانہ اور اسٹریٹجک کاروباری فیصلوں کے ذریعے، کمپنی نے برانڈڈ آزاد ورکشاپس کے اپنے نیٹ ورک کو ملک بھر میں پھیلایا تاکہ صارفین کو پریمیم مصنوعات کے لیے مزید انتخابات اور اعلیٰ صارفی تجربہ فراہم کیا جاسکے۔

ماحولیات، سماج اور نظم ونسق

پاکستان کو اپنی تاریخ کی سب سے زیادہ بارشوں کا سامنا کرنا پڑا، نیز سیلاب نے تقریباً 33 ملین افراد کو متاثر کیا، جس سے جانوں، معاش اور املاک کو الم ناک نقصان پہنچا۔ کمپنی نے اس آفت سے متاثرہ کمیونٹیوں کو مدد فراہم کرنے کے لیے سیلاب کا امدادی منصوبہ شروع کیا۔ سیلاب کے وسیع پیمانے پر پھیلے اثرات کے ساتھ، اور مسلسل بدلتی زمینی صورت حال کے ساتھ، امدادی منصوبے میں دو امور پر توجہ مرکوز کی گئی: فوری امداد اور طویل مدتی بحالی کا مرحلہ۔ اس کا مقصد امداد، معاونت اور اس طریقے سے برمقام مدد فراہم کرنا تھا جو مؤثر اور پائیدار ہو۔

ہمارے شراکت داروں، ہینڈز (HANDS) اور نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (NRSP) کے ذریعے، کمپنی نے سیلاب سے متاثرہ تقریباً 2,770 گھرانوں (تقریباً 19,400 افراد) کو گھر بنانے، کھانے کا راشن، عارضی شیلٹر کٹس، حفظان صحت کی کٹس اور صحت کی دیکھ بھال میں مدد فراہم کی۔

جنوبی پنجاب میں توانائی تک رسائی کا پروگرام 2019ء سے نیشنل رورل سپورٹ پروگرام کے تعاون سے چل رہا ہے۔ جہاں کمپنی کام کرتی ہے ان کمیونٹیز میں سرمایہ کاری کے تسلسل میں، توانائی تک رسائی کے پروگرام کو وسعت دے کر ایک اور دیہات کو شامل کیا گیا، جنھیں صاف توانائی کے حل فراہم کیے گئے جس سے آمدنی کی سطحوں پر مثبت اثر پڑے گا اور معیار زندگی کو مستقل بنیادوں پر بہتر بنایا جائے گا۔ اس پروگرام کے ذریعے دونوں دیہاتوں میں شمسی توانائی سے چلنے والے چار ٹیوب ویل لگائے گئے ہیں، جس سے پانی کی فراہمی میں اضافہ ہو گا۔ اس سے 230 سے زائد کسانوں کو آب پاشی کی لاگت اور وقت کی بچت کے ضمن میں فائدہ حاصل ہوا ہے۔ شمسی توانائی سے چلنے والی آٹے کی چکی کے ذریعے گندم کی مقامی پروسیسنگ سے 430 سے زائد خاندان مستفید ہو رہے ہیں۔ ایک شمسی توانائی سے چلنے والا دودھ ریفریجریشن پلانٹ بھی بنایا گیا ہے، جو 40 ڈیری فارمرز کو دودھ کی شیلف لائف کو بڑھانے میں مدد دے کر ان کی آمدنی اور منافع میں اضافہ کر رہا ہے۔

9 ویں شیل تعمیر ایوارڈز، جو ایک ملک گیر مقابلہ ہے، کا انعقاد کیا گیا، تاکہ نوجوان کاروباری افراد کی نشان دہی، حوصلہ افزائی کی جائے اور انھیں انعام دیا جائے، جو قومی سطح پر کاروباری میدان میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ مقابلے کو چھ ایوارڈ کیٹیگریز: کلین انرجی، ویمن ایمپاورمنٹ، ٹیکنالوجی انوویشن، سرکلر اکانومی، ٹرانسپورٹ اینڈ موبیلٹی اور برائٹ آئیڈیاز میں 250 سے زیادہ درخواستیں موصول ہوئیں۔ فائنل ایونٹ میں حصہ لینے کے لیے ٹاپ 30 فائنلسٹ کو شارٹ لسٹ کیا گیا۔ چھ فاتحین اور چھ رنر اپ میں مجموعی طور پر 7.5 ملین روپے بطور بنیادی سرمایہ (seed capital) تقسیم کیے گئے تاکہ انہیں اپنے کاروبار کو برقرار رکھنے اور ترقی دینے میں مدد ملے۔ انہوں نے شیل لائیو وائر کے بین الاقوامی کنسلٹنٹ ڈی اے آئی (DAI) سے براہِ راست رہنمائی بھی حاصل کی، تاکہ وہ سرمایہ کاروں کا اعتماد جیتنے کی راہ فراہم کر سکیں۔

کمپنی کی صحت، حفاظت، تحفظ، ماحولیات اور سماجی کارکردگی کی پالیسی کے مطابق، کمپنی نے زمینی پانی میں پٹرولیم ہائیڈروکاربن سے متعلق بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ معیارات پر پورا اترنے کے لیے بعض ٹرمینلز اور ریٹیل سائٹس پر رضاکارانہ طور پر زمینی پانی کی اصلاح کا عمل شروع کیا۔ کمپنی نے مقامی کمیونٹیز کے ساتھ مل کر متعدد سرگرمیاں انجام دی ہیں اور ایک مقامی غیر سرکاری تنظیم کے تعاون سے ان ٹرمینلز اور ریٹیل سائٹس کے قریب رہنے والی کمیونٹیز کو پینے کا متبادل پانی فراہم کیا ہے۔

ایوی ایشن (ہوابازی)

کمپنی نے سال 2022ء کی دوسری سہ ماہی میں پاکستان بھر میں اپنے ایوی ایشن آپریشنز بند کرنے کے فیصلے کا اعلان کیا۔ کمپنی چار مقامات پر ہوابازی سے متعلق آپریشنز انجام دے رہی تھی (کراچی میں جناح ایئرپورٹ، کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ، سکھر میں بیگم نصرت بھٹو ایئرپورٹ اور نواب شاہ ایئرپورٹ)۔

مذکورہ ہوائی اڈوں سے متعلق لیز کی میعاد ختم ہونے کے بعد، پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی (CAA) نے ایک مشترکہ ٹینڈر جاری کیا جس میں شرکا کو ہوائی اڈوں کے آپریشن کے لیے بولی کی دعوت دی گئی۔ تاہم، لیز کی میعاد ختم ہونے، مالی اور تجارتی تحفظات سمیت وسیع پیمانے کے عوامل پر غور کرنے کے بعد، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ٹینڈر میں حصہ نہ لینے اور پاکستان میں کمپنی کے ایوی ایشن کاروبار کو بند کرنے کا فیصلہ کیا۔

کلی معاشی دشواریاں

ملک کو متاثر کرنے والی موجودہ اقتصادی دشواریوں سے کمپنی کی مالیات اور منافع متاثر ہوتے رہتے ہیں۔ کمپنی کی مالیات حکومتِ پاکستان کی جانب سے واجب الادا 5,331 ملین روپے وصولیوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بھاری بوجھ سے متاثر رہی ہے۔ رواں سال ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں 29 فیصد کی غیر معمولی کمی آئی، جس سے کمپنی کو بھاری مبادلہ نقصانات کا سامنا کرنا پڑا۔ واجبات کی بازیابی، اور مبادلہ نقصانات میں کمی کے طریقۂ کار کو بروئے کار لانے کے لیے کمپنی کی انتظامیہ متعلقہ حکام سے فعال اور مستقل رابطہ جاری رکھے ہوئے ہے تاکہ مؤثر اور نفع آور کاروبار یقینی بنایا جاسکے۔ ان امور میں مثبت پیش رفت اس بات کو یقینی بنائے گی کہ کمپنی اپنے شیئر ہولڈرز اور دیگر تمام اسٹیک ہولڈرز کے مفاد میں پاکستان میں ترقی کے مواقع میں سرمایہ کاری جاری رکھے گی۔ کمپنی صنعت کے مارجن کو بڑھانے کے لیے حکومت کے مثبت قدم کو بھی سراہتی ہے اور صنعت کو مضبوط بنانے کے لیے حکومت کے ساتھ مل کر کام کرنے کی امید رکھتی ہے۔

کارپوریٹ نظم ونسق

ڈائریکٹران تصدیق کرتے ہیں کہ:

1. بورڈ 11 ارکان پر مشتمل ہے، جس میں چیف ایگزیکٹو شامل ہیں، جنھیں ڈائریکٹر سمجھا گیا ہے۔ بورڈ ایک خاتون رکن اور 10 مرد ارکان پر مشتمل ہے، جس کی ہیئتِ ترکیبی یہ ہے:

خاتون رکن:

1- محترمہ مدیحہ خالد

مرد ارکان

1- جناب عامر پراچہ
2- جناب بدرالدین ایف ویلانی
3- جناب عمران ابراہیم
4- جناب جان لُو
5- جناب پرویز غیاث
6- جناب رفیع ایچ بشیر
7- جناب وقار آئی صدیقی
8- جناب ظفر اے خان
9- جناب زین کے حق
10- جناب ضرار محمود

خود مختار ڈائریکٹران:

1- جناب عامر پراچہ
2- جناب عمران ابراہیم
3- جناب پرویز غیاث
4- جناب ظفر اے خان

نان ایگزیکٹو ڈائریکٹران:

1- جناب بدرالدین ایف ویلانی
2- جناب جان لُو
3- جناب رفیع ایچ بشیر
4- جناب زین کے حق

ایگزیکٹو ڈائریکٹران:

1- محترمہ مدیحہ خالد
2- جناب وقار آئی صدیقی
3- جناب ضرار محمود

2. بورڈ نے درج ذیل ارکان پر مشتمل کمیٹیاں تشکیل دی ہیں:

الف۔ آڈٹ کمیٹی

ا۔ جناب عمران ابراہیم (چیئرپرسن)
ب۔ جناب بدرالدین ایف ویلانی
ج۔ جناب رفیع ایچ بشیر

ب۔ کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے

ا۔ جناب ظفر اے خان (چیئرپرسن)
ب۔ جناب پرویز غیاث
ج۔ جناب وقار آئی صدیقی
د۔ جناب زین کے حق

3. کمپنی کی انتظامیہ کی طرف سے تیار کیے گئے مالی گوشوارے واضح طور پر اس کے معاملات، اس کے امور کے نتائج، رقوم کا بہاؤ اور ایکویٹی میں تبدیلیوں کو پیش کرتے ہیں۔

4. کمپنی کے تمام مالی کھاتے برقرار رکھے گئے ہیں۔

5. مالی گوشواروں کی تیاری میں مناسب حسابی طریقہ کار کا ہمیشہ اطلاق کیا گیا ہے ماسوا مالی گوشواروں کے نوٹ 2.3.1 میں بیان کی گئی ان تبدیلیوں کے جو معیارات کے ابتدائی اطلاق اور پہلے سے موجود معیارات میں کی گئی ترامیم اور تشریحات کے نتیجے میں عمل میں آئیں۔ حسابی تخمینے مناسب اور محتاط فیصلوں کی بنیاد پر کیے گئے ہیں۔

6. بین الاقوامی مالی رپورٹنگ کے معیارات، جیسا کہ ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، ان مالی دستاویزات کی تیاری میں ان پر عمل کیا گیا ہے اور اگر کچھ ترک بھی کیے گئے ہیں تو ان کو ظاہر کیا گیا ہے۔

7. داخلی کنٹرول کا نظام (سسٹم آف انٹرنل کنٹرول) اپنے طور پر بے نقص ہے اور اس پر مستعدی سے عمل درآمد کروایا گیا اور اس کی نگرانی کی گئی ہے۔

8. بلاشبہ کمپنی ایک منافع بخش کاروبار کی حیثیت سے جاری رہنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

9. کارپوریٹ گورننس (Corporate Governance) کے ضابطوں پر مکمل عمل کیا گیا ہے، جو اس کے ضابطوں کی فہرست میں تفصیل سے درج ہیں۔

10. گذشتہ سات سال کے اہم آپریٹنز اور مالی ڈیٹا کا خلاصہ صفحہ 58 پر دیا گیا ہے۔ دورانِ سال نقصان کی وجوہات اور پچھلے سال کمپنی کے امور کے نتائج میں کیے گئے اہم انحراف پر بحث مذکورہ بالا ہے۔

11. غیر یقینی صورتِ حال کے ساتھ ساتھ مستقبل کے امکانات کی مناسب نشاندہی (ریزن ایبل انڈیکیشن) پر مذکورہ بالا میں تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔

12. 31 دسمبر 2022ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے بغیر آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی بنیاد پر پراویڈنٹ، گریجوایٹی اور پنشن فنڈز کی مقدار پر سرمایہ کاری کا بیان مالی گوشواروں کے نوٹ 33.4 میں شامل کیا گیا ہے۔

13. سال بھر کے دوران منعقد ہونے والی بورڈ اور کمیٹیوں کے اجلاس اور ان میں ہر ڈائریکٹر کی شرکت کی تعداد صفحہ 131 پر ظاہر کی گئی ہے۔

14. نان ایگزیکٹو / خود مختار ڈائریکٹران، ماسوا وہ جو شیل گروپ کی کمپنیوں میں ایگزیکٹو عہدے دار ہیں، ان کو بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کے اجلاس میں شرکت پر ادائیگی کی جاتی ہے۔ ڈائریکٹرز کی تنخواہوں کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز ایکٹ اور ضوابط سے ہم آہنگ رسمی پالیسی اور شفاف طریقہ کار کے حامل ہیں۔ مشاہروں کی تفصیلات کا انکشاف صفحہ 120 پر کیا گیا ہے۔

15. 2022ء کے لیے پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کی جانب سے دورانِ سال بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کی کارکردگی کا ایک رسمی جائزہ لیا گیا۔

16. جناب رفیع ایچ بشیر، جناب پرویز غیاث، جناب بدرالدین ایف ویلانی، محترمہ مدیحہ خالد، جناب عمران آر ابراہیم، جناب عامر آر پراچہ پہلے ہی پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (پی آئی سی جی) سے ڈائریکٹرز ٹریننگ سرٹیفکیشن حاصل کر چکے ہیں جبکہ جناب ظفر خان مستثنیٰ ہیں جبکہ جناب زین کے حق کے استثنیٰ کے لیے کمپنی نے درخواست دائر کی ہے۔ کمپنی ڈائریکٹرز کی سرٹیفکیشن کو یقینی بنانے کے لیے فہرستی کمپنیوں کے ضوابط 2019ء (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کے تقاضوں کی پابندی کرتی رہے گی تاکہ ڈائریکٹران کی مطلوبہ تعداد سند یافتہ ہو۔

17. حصص یافتگی (شیئر ہولڈنگ) کے طریقہ کار (پیٹرن) اور حصص یافتگی کے طریقہ کار سے متعلق اضافی معلومات صفحہ 132 ظاہر کی گئی ہیں۔ یہ کمپنی شیل پیٹرولیم کمپنی لمیٹڈ، لندن (امیڈیٹ ہولڈنگ کمپنی) کا ذیلی ادارہ ہے جو کہ رائل ڈچ شیل (الٹیمیٹ ہولڈنگ کمپنی) کا ایک ذیلی ادارہ ہے جو برطانیہ میں قائم کی گئی تھی۔

18. ایس ای سی پی کی جانب سے گذشتہ برس جاری کیے گئے نظر ثانی شدہ آڈیٹنگ کے معیارات کے نفاذ کے بعد آڈیٹرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ آڈٹ کے اہم معاملات کا اپنی آڈیٹرز رپورٹ میں بیان کریں۔ یہ اہم آڈٹ معاملات ان مالی گوشواروں کے صفحہ نمبر 59 پر ظاہر کیے گئے ہیں۔

19. 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے مالی گوشواروں کے اعداد و شمار کا کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز کی جانب سے آڈٹ کیا جا چکا ہے۔

20. بورڈ نے بورڈ آڈٹ کمیٹی کی ہدایت پر 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے مالی سال کے لیے ایم / ایس ای وائے فورڈ روڈز کو بطور ایکسٹرنل آڈیٹر برقرار رکھنے کی سفارش کی ہے۔

21. ڈائریکٹرز، سی ای او، سی ایف او، کمپنی کے سیکریٹری، انٹرنل آڈٹ کے سربراہ، دیگر ملازمین اور ان کے زوجین، نابالغ بچوں کی کمپنی کے حصص میں تجارت کی تفصیل صفحہ 134 درج ہے۔

22. مالی سال کے دوران کمپنی کی اختیار کردہ کارپوریٹ سماجی ذمہ داری اور دیگر سرگرمیاں مذکورہ بالا اقتباسات میں ظاہر کی گئی ہیں۔

جذبے، مستقل معاونت اور کمپنی پر اعتماد کے لیے ہم اپنے شیئر ہولڈرز، کسٹمرز، عملے اور دیگر فریقوں کے شکر گزار ہیں، اور ہم پاکستان کی سب سے بڑی انرجی کمپنی بننے کا اپنا سفر جاری رکھیں گے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

Zain Haq

زین کے حق

چیئرپرسن

Waqar Siddiqui

وقار آئی صدیقی

چیف ایگزیکٹو

کراچی: 15 مارچ 2023ء

نوٹس برائے سالانہ
جنرل میٹنگ

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ شیل پاکستان لمیٹڈ 54ویں سالانہ اجلاسِ عام ('اے جی ایم') کا انعقاد بروز جمعرات 04 مئی 2023ء کو صبح ساڑھے دس بجے میریٹ (Marriott Hotel) کراچی میں، اور ویڈیو کانفرنس سہولت کے ذریعے ورچوئل طور پر کیا جائے گا، جس میں مندرجہ ذیل امور پر بات چیت کی جائے گی:

1. 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کے ساتھ آڈٹ شدہ مالی بیانات کی وصولی، غور وخوض اور منظوری دینا۔
2. 31 دسمبر 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے آڈیٹرز کی تعیناتی اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا
3. غور کرنا اور اگر مناسب ہو تو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے مورخہ 21 مارچ 2023ء کو جاری کردہ ایس آر او 389(I)/2023 کے تقاضوں کو پورا کرنا، نیز اس مقصد کے لیے اس نوٹس کی ایک نقل کے ساتھ ارکان کو بھیجے گئے مادی حقائق کے بیان میں طے کردہ قرارداد کو منظور کرنا۔
4. غور کرنا اور اگر مناسب ہو تو، کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن (ضوابطِ انجمن) میں ترمیم کرنا اور اس مقصد کے لیے مندرجہ ذیل قرارداد کو بطور خاص منظور کرنا:

طے پایا گیا کہ خصوصی قرارداد کے ذریعے کمپنی کی ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز میں مندرجہ ذیل ترمیم کی گئی ہے:

(a) موجودہ آرٹیکل 95 کی جگہ مندرجہ ذیل نئے آرٹیکل کی شمولیت:

95. کوئی قرارداد، جو ایکٹ کے سیکشن 183 میں بیان کردہ کسی بھی معاملے کے سلسلے میں طے پائی گئی قرارداد کے علاوہ ہو، اور جو ڈائریکٹران یا ڈائریکٹران کی کسی کمیٹی کے اجلاس کے بغیر منظور کی گئی ہو اور اکثریتی ڈائریکٹران (یا ان کی غیر موجودگی میں ان کے متبادل ڈائریکٹران) کی تحریری تائید کی حامل ہو، درست اور مؤثر سمجھی جائے گی، جیسے کہ اسے ڈائریکٹران کے اجلاس میں منظور کیا گیا ہو، یا جیسا کہ اس کا معاملہ ایسی کمیٹی کا ہو، جسے مناسب طور پر بلایا گیا ہو یا تشکیل دیا گیا ہو۔ اس طرح کی قرارداد ایک دستاویز یا اسی طرح کی متعدد دستاویزات پر مبنی ہو سکتی ہے جس پر ایک یا زیادہ ڈائریکٹران یا متعلقہ کمیٹی کے اراکین کے دستخط ہوں۔ اس قرارداد کا تعین کرنے والی کسی دستاویز کا فیکس یا ای میل ٹرانسمیشن جس پر کسی ڈائریکٹر یا کمیٹی کے رکن کے دستخط ہوں، اسے آرٹیکل کے مقاصد کے مطابق اس کی دستخط شدہ دستاویز تصور کیا جائے گا۔

(b) موجودہ آرٹیکل 118 کی جگہ مندرجہ ذیل نئے آرٹیکل کی شمولیت:

118. کمپنی، ڈائریکٹران کی سفارش اور منظوری پر یہ فیصلہ کر سکتی ہے کہ رقم کے کسی بھی حصے کو وقتی طور پر کریڈٹ یا کمپنی کے کسی بھی ریزرو اکاؤنٹس یا منافع اور نقصان کے اکاؤنٹ کے کریڈٹ میں جمع کیا جائے، یا بصورت دیگر تقسیم کے لیے دستیاب ہو، اور اس کے مطابق ایسی رقم، اگر ڈیویڈنڈ کے ذریعے تقسیم کی جائے اور اسی تناسب میں، تو ان ارکان میں تقسیم کے لیے دستیاب ہو جو اس کے حق دار ہوں گے، اس شرط پر کہ اسے نقد ادا نہ کیا جائے بلکہ اس کا اطلاق کمپنی کے مکمل غیر جاری شدہ شیئرز یا الاٹ کیے جانے والے ڈی بینچرز کی ادائیگی کے لیے، ایسے ارکان کو مذکورہ بالا تناسب سے جیسا کہ مکمل طور پر ادا کیا گیا ہے، اور ڈائریکٹرز ایسی قرارداد کا نفاذ کریں گے۔

5. کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعات کے مطابق 13 جون 2023ء سے تین سال کی مدت کے لیے دس (10) ڈائریکٹران کا انتخاب کرنا۔

سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹران کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

زین کے حق
ظفر اے خان
رفیع ایچ بشیر

پرویز غیاث

بدرالدین ایف ویلانی

جون کنگ چونگ لو

عامر آر پراچہ

ضرار محمود

مدیحہ خالد

عمران آر ابراہیم

6. وہ ایگزیکٹوڈائریکٹران جو کمپنی کے کُل وقتی ڈائریکٹران ہیں، ان کو کمپنی کے ایگزیکٹوز کے طور پر اپنے متعلقہ عہدے کا معاوضہ لینے کا اختیار دینا۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 134(3) اور 166(3) کے تحت مطلوبہ مادی حقائق کا بیان اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

بحکم بورڈ

لالہ رُخ حسین شیخ

سیکریٹری

کراچی: 15 مارچ 2023ء

شیل ہاؤس

6، چوہدری خلیق الزماں روڈ،

کراچی-75530

نوٹس:

(i) 27 اپریل 2023ء تا 04 مئی 2023ء (بشمول یہ دونوں دن) تک ارکان کے کھاتے (registers) بند رہیں گے۔ 26 اپریل 2023ء کو کاروباری دن کے اختتام پر ہمارے حصص کے رجسٹرار (Share Registrars) آفس، فیمکو (FAMCO) ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-ایف، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل کراچی-75400 پر موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس میں شرکت اور ووٹ کے لیے بروقت تصور کی جائیں گی۔

(ii) ارکان خود یا کمپنی کی جانب سے ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے شرکت کرسکتے ہیں۔ ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کے لیے ارکان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنا نام، فولیو نمبر، درست ای میل ایڈریس، اور اپنے نام پر موجود شیئرز کی تعداد کو ذیل کے پتے پر ای میل کردیں۔ SHELLPK-CompanySec@shell.com، جبکہ ای میل کا سبجیکٹ یہ ہوگا "Registration for SPL's AGM".

(iii) اجلاس میں شریک ہونے اور ووٹ دینے کا اختیار رکھنے والے رکن کو اجلاس میں خود شریک ہونے یا کسی اور شخص کو میٹنگ میں اصالتاً یا ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے اپنی جگہ بطور نمائندہ تعینات کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ نمائندے پول طلب کرنے یا کسی طلب کی ہوئی پول میں شرکت کرنے اور ووٹ دے سکتے ہیں۔ میٹنگ میں اصالتاً یا ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے شریک ہونے کے لیے پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو اجلاس سے 48 گھنٹے پہلے موصول ہونا ضروری ہیں۔

نمائندے کے ای میل ایڈریس اور متعلقہ معلومات (حسبِ ذیل) کے ساتھ نمائندے کو مجاز بنانے کے لیٹر کی دستخط شدہ اسکین شدہ نقل کے ذریعے بھی نمائندے کو متعین کیا جاسکتا ہے، جسے SHELLPK-CompanySec@shell.com پر ای میل کیا جائے گا۔

نمائندے کے لیے کمپنی کا رکن ہونا ضروری نہیں۔

(iv) اراکین کو بھیجے جانے والے اجلاس کے نوٹس کے ساتھ نمائندے کا فارم بھی منسلک ہے۔

(v) صرف انھی اراکین / نمائندوں کو میٹنگ میں اصالتاً شرکت یا وڈیو لنک کے ذریعے شرکت (لاگ ان کی معلومات کے ساتھ) کی تصدیقی ای میل بھیجی جائے گی جن کی ای میلز درکار کوائف کے ساتھ دیے گئے پتے پر 02 مئی 2023ء کے یومِ کار کے اختتام (شام 5 بجے) تک / سے قبل موصول ہو جائیں گی۔ شیئر ہولڈرز اے جی ایم کے ایجنڈے سے متعلق اپنی رائے اور سوالات کا اظہار اس ای میل ایڈریس پر کر سکتے ہیں: SHELLPK-CompanySec@shell.com.

(vi) فزیکل شیئرز کے حامل ارکان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کے لیے ہمارے شیئر رجسٹرار آفس، فیمکو (FAMCO) ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-ایف، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل کراچی -75400 پر فوری طور پر اطلاع دیں۔

(vii) اراکین یا ان کے نمائندوں کے لیے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے سالانہ عام اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے شرکت کی شناخت (ID) اور اکاؤنٹ نمبر (نمبروں) کے ساتھ اپنا اصلی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ضروری ہے۔

(viii) 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ کھاتے اور سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دی گئی ہے۔

(ix) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223(6) کے تحت، کمپنی نے سالانہ رپورٹ 2022ء کو الیکٹرانک طور پر ای میل کے ذریعے ان شیئر ہولڈرز کو بھیجا ہے جن کے ای میل پتے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس دستیاب ہیں۔ ان صورتوں میں، جب کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جن ارکان کے ای میل ایڈریس دستیاب نہیں ہیں، انھیں سالانہ رپورٹ کی پرنٹ شدہ کاپیاں بھیج دی گئی ہیں۔ کمپنی کسی بھی رکن کو اس کی درخواست پر سالانہ رپورٹ کی نقول درخواست موصول ہونے کے ایک ہفتے کے اندر ان کے رجسٹرڈ پتے پر بلا معاوضہ فراہم کرے گی۔

(x) کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء کے تحت، ارکان کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی، مذکورہ ضوابط کی ضروریات اور طریقہ کار کے مطابق بذریعہ پوسٹ یا کسی بھی الیکٹرانک موڈ کے ذریعے۔ اس کی تفصیلات بعد میں فراہم کی جائیں گی۔

(xi) فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لیے شیئر ہولڈرز کے لیے خصوصی نوٹس: کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 72 اور ایس ای سی پی کے مراسلہ نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 بتاریخ 26 مارچ 2021ء کے تحت فہرستی کمپنیوں کے لیے اپنے جاری کردہ موجودہ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا ضروری ہے۔ مندرجہ بالا تقاضے کو مدِ نظر ہوئے، فزیکل فولیو / شیئر سرٹیفکیٹ کے حامل کمپنی کے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو فزیکل فارم سے جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے سے شیئر ہولڈرز کو کئی طریقوں سے سہولت ملے گی، یعنی شیئرز کی محفوظ تحویل، فوری فروخت اور شیئرز کی خریداری کے لیے آسانی سے دستیاب مارکیٹ، نقصان اور خسارے کے خطرے کو ختم کرنا، فزیکل شیئرز کے مقابلے میں کم رسمی کارروائیوں کے ساتھ آسان اور محفوظ منتقلی۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروانے میں مدد کے لیے کمپنی کے شیئر رجسٹرار یعنی FAMCO ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

(xii) ڈائریکٹرز کے عہدے کے لیے الیکشن لڑنے کے خواہشمند کسی بھی شخص کو، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا بصورتِ دیگر، کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب کے لیے مذکورہ میٹنگ کی تاریخ سے چودہ دن پہلے کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 159(3) کے مطابق کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں درج ذیل دستاویزات جمع کروانا ہوں گی:

(الف) کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 167(1) کے تحت فارم 28 میں بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی۔

(ب) ایس ای سی پی ایس آر او 1196 (1)/2019 بتاریخ 03 اکتوبر 2019ء کے مطابق الیکشن کی تاریخ سے سات دن پہلے کمپنی کی ویب سائٹ پر لیے دفتر کے پتے کے ساتھ تفصیلی پروفائل اپ لوڈ کی جائے

(ج) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019ء، کمپنیز ایکٹ، 2017ء اور کسی لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کے لیے کسی دوسرے قابل اطلاق قوانین، قواعد و ضوابط کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے کا اقرار نامہ۔

مادی حقائق کا بیان
کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 134(3) اور 166(3) کے تحت درکار

ایجنڈا آئٹم نمبر 3- سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او 2023/(I)389 کے تقاضوں کو پورا کرنا

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے تجویز دی ہے کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او 2023/(I)389 کے تقاضوں کے مطابق، سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں اور متعلقہ دستاویزات (سالانہ رپورٹ میں شامل) کو QR فعال کوڈ اور ویب لنک جو اجلاسِ عام کے نوٹس میں شامل کیے جائیں گے، کے ذریعے بھیجنے کے لیے شیئر ہولڈرز کی منظوری لی جائے گی۔

اس مقصد کے لیے، تجویز دی جاتی ہے کہ سالانہ اجلاس عام میں درج ذیل قرارداد منظور کی جائے:

طے پایا گیا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او 2023/(I)389 بتاریخ 21 مارچ 2023ء کے تقاضوں کے مطابق سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں اور متعلقہ دستاویزات (سالانہ رپورٹ میں شامل) ایک QR فعال کوڈ اور ویب لنک، جنرل میٹنگ کے نوٹس میں شامل ہیں، کے ذریعے ارکان کو بھیجے جائیں گے۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 4- کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن (ضوابطِ انجمن) میں ترمیم کرنا

کمپنیز ایکٹ 2017ء میں کی گئی حالیہ ترمیم اور کمپنیز (شیئرز کے مزید اجراء) کے ضوابط 2020ء کے مطابق بنانے کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 95 اور آرٹیکل 118 میں تبدیلی کی سفارش کی ہے۔

اس مقصد کے لیے تجویز دی گئی ہے کہ کمپنی کے سالانہ اجلاس عام کے نوٹس میں درج قرارداد کو خاص قرارداد کے طور پر منظور کیا جائے۔

بورڈ اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ مجوزہ تبدیلیاں ان کے علم اور یقین کے مطابق قانون اور ریگولیٹری فریم ورک کی قابل اطلاق دفعات کے مطابق ہیں۔

کمپنی کے ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کی موجودہ اور ترمیم شدہ شق مندرجہ ذیل ہیں:

موجودہ آرٹیکل 95	آرٹیکل 95 میں مجوزہ ترمیم
95. "کوئی قرارداد، جو ایکٹ کے سیکشن 183 میں بیان کردہ کسی بھی معاملے کے سلسلے میں طے پائی گئی قرارداد کے علاوہ ہو، اور جو ڈائریکٹران یا ڈائریکٹران کی کسی کمیٹی کے اجلاس کے بغیر منظور کی گئی ہو اور تمام ڈائریکٹران (یا ان کی غیر موجودگی میں ان کے متبادل ڈائریکٹران) کی تحریری تائید کی حامل ہو، درست اور مؤثر سمجھی جائے گی، جیسے کہ اسے ڈائریکٹران کے اجلاس میں منظور کیا گیا ہو، یا جیسا کہ اس کا معاملہ ایسی کمیٹی کا ہو، جسے مناسب طور پر بلایا گیا ہو یا تشکیل دیا گیا ہو۔ اس طرح کی قرارداد ایک دستاویز یا اسی طرح کی متعدد دستاویزات پر مبنی ہو سکتی ہے جس پر ایک یا زیادہ ڈائریکٹران یا متعلقہ کمیٹی کے اراکین کے دستخط ہوں۔ اس قرارداد کا تعین کرنے والی کسی دستاویز کا فیکس یا ای میل ٹرانسمیشن جس پر کسی ڈائریکٹر یا کمیٹی کے رکن کے دستخط ہوں، اسے آرٹیکل کے مقاصد کے مطابق اس کی دستخط شدہ دستاویز تصور کیا جائے گا۔"	95. "کوئی قرارداد، جو ایکٹ کے سیکشن 183 میں بیان کردہ کسی بھی معاملے کے سلسلے میں طے پائی گئی قرارداد کے علاوہ ہو، اور جو ڈائریکٹران یا ڈائریکٹران کی کسی کمیٹی کے اجلاس کے بغیر منظور کی گئی ہو اور **اکثریتی** ڈائریکٹران (یا ان کی غیر موجودگی میں ان کے متبادل ڈائریکٹران) کی تحریری تائید کی حامل ہو، درست اور مؤثر سمجھی جائے گی، جیسے کہ اسے ڈائریکٹران کے اجلاس میں منظور کیا گیا ہو، یا جیسا کہ اس کا معاملہ ایسی کمیٹی کا ہو، جسے مناسب طور پر بلایا گیا ہو یا تشکیل دیا گیا ہو۔ اس طرح کی قرارداد ایک دستاویز یا اسی طرح کی متعدد دستاویزات پر مبنی ہو سکتی ہے جس پر ایک یا زیادہ ڈائریکٹران یا متعلقہ کمیٹی کے اراکین کے دستخط ہوں۔ اس قرارداد کا تعین کرنے والی کسی دستاویز کا فیکس یا ای میل ٹرانسمیشن جس پر کسی ڈائریکٹر یا کمیٹی کے رکن کے دستخط ہوں، اسے آرٹیکل کے مقاصد کے مطابق اس کی دستخط شدہ دستاویز تصور کیا جائے گا۔"

آرٹیکل 118 میں مجوزہ ترمیم	موجودہ آرٹیکل 118
118. "کمپنی، ڈائریکٹران کی سفارش اور **منظوری** پر یہ فیصلہ کر سکتی ہے کہ رقم کے کسی بھی حصے کو وقتی طور پر کریڈٹ یا کمپنی کے کسی بھی ریزرو اکاؤنٹس یا منافع اور نقصان کے اکاؤنٹ کے کریڈٹ میں جمع کیا جائے، یا بصورت دیگر تقسیم کے لیے دستیاب ہو، اور اس کے مطابق ایسی رقم، اگر ڈیویڈنڈ کے ذریعے تقسیم کی جائے اور اسی تناسب میں، تو ان ارکان میں تقسیم کے لیے دستیاب ہو جو اس کے حق دار ہوں گے، اس شرط پر کہ اسے نقد ادا نہ کیا جائے بلکہ اس کا اطلاق کمپنی کے مکمل غیر جاری شدہ شیئرز یا یا الاٹ کیے جانے والے ڈی بینچرز کی ادائیگی کے لیے، ایسے ارکان کو مذکورہ بالا تناسب سے جیسا کہ مکمل طور پر ادا کیا گیا ہے، اور ڈائریکٹرز ایسی قرارداد کا نفاذ کریں گے۔"	118. "کمپنی، اجلاسِ عام میں ڈائریکٹران کی سفارش پر یہ فیصلہ کر سکتی ہے کہ رقم کے کسی بھی حصے کو وقتی طور پر کریڈٹ یا کمپنی کے کسی بھی ریزرو اکاؤنٹس یا منافع اور نقصان کے اکاؤنٹ کے کریڈٹ میں جمع کیا جائے، یا بصورت دیگر تقسیم کے لیے دستیاب ہو، اور اس کے مطابق ایسی رقم، اگر بذریعہ ڈیویڈنڈ تقسیم کی جائے اور اسی تناسب میں، تو ان ارکان میں تقسیم کے لیے دستیاب ہو جو اس کے حق دار ہوں گے، اس شرط پر کہ اسے نقد ادا نہ کیا جائے بلکہ اس کا اطلاق کمپنی کے مکمل غیر جاری شدہ شیئرز یا یا الاٹ کیے جانے والے ڈی بینچرز کی ادائیگی کے لیے، ایسے ارکان کو مذکورہ بالا تناسب سے جیسا کہ مکمل طور پر ادا کیا گیا ہے، اور ڈائریکٹرز ایسی قرارداد کا نفاذ کریں گے۔"

ایجنڈا آئٹم نمبر 5–ڈائریکٹران کا انتخاب

کمپنیز ایکٹ 2017ء ("ایکٹ") کے سیکشن 166(3) کا تقاضا ہے کہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد سے بلائے گئے اجلاسِ عام کے نوٹس میں مادی حقائق کا ایک بیان لازمی منسلک کیا جائے گا جس میں آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کا جواز بیان کیا گیا ہو۔

کمپنی کے موجودہ ڈائریکٹران کے عہدے کی میعاد 12 جون 2023ء کو ختم ہو رہی ہے۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء ("ایکٹ") کے سیکشن 159(1) کی شرائط کے مطابق ڈائریکٹرز نے سالانہ اجلاسِ عام میں تین سالہ مدت کے لیے منتخب ہونے کے لیے ڈائریکٹران کی تعداد دس (10) مقرر کی ہے۔

موجودہ ڈائریکٹران کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر دوبارہ انتخاب کے اہل ہونے کے باعث اس میں شرکت کے خواہش مند ہیں۔

آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب ایکٹ کے سیکشن 159 کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا اور وہ ایکٹ کے سیکشن 166(2) اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب اور طریقہ کار) کے ضوابط 2018ء کے تحت طے شدہ معیار پر پورا اترنا ضروری ہے۔ اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان سے توثیق شدہ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (PICG) کے زیر انتظام آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں ان کا نام شامل ہو۔ مزید برآں، ان کا انتخاب ان کی متعلقہ صلاحیتوں، مہارت، علم اور تجربے کی وجہ سے کیا جائے گا۔

ڈائریکٹرز کے انتخاب میں آزاد ڈائریکٹر کے طور پر حصہ لینے کا ارادہ رکھنے والے امیدواروں کو درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کرانا ہوں گی:

(الف) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019ء کی شق 6(3) کے تحت آزاد ڈائریکٹرز کا اقرار نامہ؛ اور

(ب) غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر یہ عہد کرنا کہ وہ کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب اور طریقہ کار) ریگولیشنز، 2018ء کے ضابطے 4(1) کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 6- کمپنی کے ایگزیکٹوز کے طور پر اپنے متعلقہ عہدے کا معاوضہ لینے کا اختیار

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 171(1)(c)(i) کی شرط کے مطابق، اجلاسِ عام میں ارکان کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کو اپنے عہدے کا معاوضہ لینے کا اختیار دیں۔ اس مقصد کے لیے تجویز دی جاتی ہے کہ درج ذیل قرارداد پر ایک عام قرارداد کے طور پر غور کیا جائے اور منظور کیا جائے:

طے پایا گیا ہے کہ کمپنی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرز (بشمول متبادل ڈائریکٹرز) اپنے متعلقہ خدمت کے معاہدوں کے تحت کمپنی کے ایگزیکٹوز کے طور پر اپنے متعلقہ معاوضے کا حق رکھنے کے مجاز ہیں اور انہیں ان کے متعلقہ خدمت کے معاہدوں اور کمپنی کے قابل اطلاق سروس رولز کے تحت حاصل ہونے والے فوائد کی اجازت دی جائے گی۔

مزید یہ طے کیا گیا کہ معاوضے کے حامل مذکورہ اسامیوں میں سے کسی کے خالی ہونے کی صورت میں، یہاں دی گئی منظوری اس آسامی کو پُر کرنے کے لیے مقرر کردہ کسی دوسرے شخص پر بھی یکساں طور پر لاگو ہوگی۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز کو مذکورہ بالا خصوصی امور میں کوئی براہ راست یا بالواسطہ دلچسپی نہیں رکھتے، ماسوا یہ کہ وہ کمپنی کے رکن ہیں۔

کمپلائنس کا بیان

فہرستی کمپنیز (کارپوریٹ نظم و نسق کے ضابطے) کے ساتھ ضوابط 2019ء (ضوابط)
31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی)

کمپنی درج ذیل انداز میں ضوابط کے تقاضوں کی تعمیل کر چکی ہے :

- ڈائریکٹرز کی مجموعی تعداد 11 (گیارہ) ہے جن کی ترکیب درج ذیل ہے:

  اے) مرد: دس (10)

  بی) خواتین: ایک (01)

- بورڈ کی ہیئتِ ترکیبی درج ذیل ہے :

زمرہ	نام
خود مختار ڈائریکٹر	پرویز غیاث
	عمران آر ابراہیم
	عامر آر پراچہ
	ظفر اے خان
ایگزیکٹو ڈائریکٹر	مدیحہ خالد
	ضرار محمود
	وقار آئی صدیقی
نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر	رفیع ایچ بشیر
	زین کے حق
	جان کُنگ چُونگ لو
	بدرالدین ایف ویلانی
خواتین ڈائریکٹر	مدیحہ خالد

- ڈائریکٹرز نے تصدیق کی ہے کہ ان میں سے کوئی بھی، بشمول اس کمپنی کے، سات سے زائد فہرستی کمپنیز میں بطور ڈائریکٹر خدمات انجام نہیں دے رہا ہے؛

- کمپنی نے ایک ضابطۂ اخلاق تیار کیا ہے اور اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ اس کی معاون پالیسیوں اور طریقہ کار کے ساتھ اس ضابطۂ اخلاق کی پوری کمپنی میں ترویج کے لیے مناسب اقدامات کیے گئے ہیں؛

- بورڈ نے ایک نصب العین / مشن کا بیان، مجموعی کارپوریٹ حکمتِ عملی اور کمپنی کی اہم پالیسیاں وضع کی ہیں۔ بورڈ نے یقین دہانی کروائی ہے کہ اہم پالیسیوں کی منظوری کی تاریخ یا اپ ڈیٹ سمیت معلومات کا مکمل ریکارڈ کمپنی کے پاس برقرار ہے؛

- بورڈ کے تمام اختیارات کو قانونی طور پر استعمال کیا گیا ہے اور بورڈ / شیئر ہولڈرز کی جانب سے متعلقہ امور کے بارے میں اسی طرح فیصلے لیے گئے ہیں جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017ء (ایکٹ) کی متعلقہ دفعات اور ان ضوابط کے ذریعے تفویض کیا گیا تھا؛

- بورڈ کی میٹنگز کی سربراہی چیئرمین نے اور ان کی غیر موجودگی میں بورڈ کی جانب سے اس مقصد کے لیے منتخب کردہ ڈائریکٹر نے کی۔ بورڈ نے بورڈ کی میٹنگوں کی تعداد، ریکارڈنگ اور میٹنگ کے منٹس کے ضمن میں ایکٹ اور قواعد و ضوابط کی تعمیل کی ہے؛

- ڈائریکٹرز کے معاوضے کے لیے بورڈ کے پاس ایکٹ اور ضابطے کے مطابق باقاعدہ پالیسی اور شفاف طریقہ کار موجود ہے۔

- مندرجہ ذیل چھ (6) ڈائریکٹرز ٹریننگ پروگرام کے تحت سند یافتہ ہیں:

1. رفیع ایچ بشیر
2. پرویز غیاث
3. بدرالدین ایف ویلانی
4. مدیحہ خالد
5. عمران آر ابراہیم
6. عامر آر پراچہ

ظفر اے خان کو تربیت سے استثنا حاصل ہے جبکہ زین کے حق نے انسیڈ سے بین الاقوامی سطح پر ڈائریکٹرز ٹریننگ پروگرام کامیابی سے مکمل کیا ہے اور کمپنی نے استثنا کے لیے درخواست دی ہے۔ کمپنی بقیہ ڈائریکٹرز کی سرٹیفکیشن کے لیے لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019ء کے تقاضوں کی تعمیل جاری رکھے گی۔

- بورڈ نے چیف فنانشل آفیسر، کمپنی سیکریٹری اور اندرونی آڈٹ کے سربراہ کی تقرری کی منظوری دے دی ہے جس میں ان کے معاوضے اور ملازمت کی شرائط و ضوابط شامل ہیں اور ضابطے کے متعلقہ تقاضوں کی تعمیل کی گئی ہے؛

- تاہم دورانِ سال کوئی نئی تقرری انجام نہیں دی گئی ہے۔

- چیف ایگزیکٹو آفیسر اور چیف مالی افسر نے بورڈ کی منظوری سے قبل کمپنی کے مالی بیانات کی قانونی طور پر تائید کی؛

- بورڈ نے ذیل میں دیے گئے ارکان پر مشتمل کمیٹیاں تشکیل دی ہیں:

آڈٹ کمیٹی

1. عمران آر ابراہیم (چیئرپرسن)
2. بدرالدین ایف ویلانی
3. رفیع ایچ بشیر

کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے

1. ظفر اے خان (چیئرپرسن)
2. جناب پرویز غیاث
3. زین کے حق
4. جناب وقار آئی صدیقی

- بورڈ نے انتظام خطر کی کوئی علیحدہ کمیٹی اور نامزدگی کمیٹی تشکیل نہیں دی ہے۔ ذمہ داریاں بالترتیب بورڈ، متعلقہ محکموں اور ایچ آر آر سی کے ذریعے ادا کی جاتی ہیں۔

- مذکورہ کمیٹیوں کی میعادوں کے حوالے سے شرائط و ضوابط کی تشکیل، دستاویزات بندی کر لی گئی ہے اور کمیٹی کو عمل درآمد کی ہدایت کر دی گئی ہے؛

- کمیٹی کے اجلاسوں کی تعداد (سہ ماہی / ششماہی / سالانہ) مندرجہ ذیل تھیں:

1. **آڈٹ کمیٹی:** دورانِ سال چار میٹنگوں کا انعقاد کیا گیا۔
2. **کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے:** دورانِ سال تین میٹنگوں کا انعقاد کیا گیا۔

- بورڈ نے داخلی آڈٹ کے عمل کے لیے بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی کو آوٹ سورس کیا ہے جو اس مقصد کے لیے مناسب طور پر اہل اور تجربہ کار سمجھے جاتے ہیں اور کمپنی کی پالیسیوں اور طریقہ کار کے ساتھ متفق ہیں؛

- کمپنی کے قانونی آڈیٹرز نے تصدیق کی ہے کہ انھیں انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان کے کوالٹی کنٹرول ریویو پروگرام کے تحت اطمینان بخش ریٹنگ دی گئی ہے اور ان کا آڈٹ اوورسائٹ بورڈ آف پاکستان کے ساتھ اندراج کیا گیا ہے، کہ وہ اور ان کے تمام ضابطہ اخلاق کے بارے میں پارٹنرز انٹرنیشنل فیڈریشن آف اکاؤنٹنٹس (آئی ایف اے سی) کی ہدایات کی تعمیل کرتے ہیں جیسا کہ ادارہ برائے چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان نے اختیار کی ہیں، اور یہ کہ اس فرم کے آڈٹ میں شریک پارٹنرز میں سے کوئی بھی کوئی چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر، داخلی آڈٹ کے سربراہ، کمپنی سکریٹری یا کمپنی کے ڈائریکٹر کا قریبی رشتہ دار (شریک حیات، والدین، زیرِ کفالت اور غیر زیر کفالت اولاد) نہیں ہے؛

- قانونی آڈیٹرز یا ان سے وابستہ افراد کی تعیناتی ایکٹ، اس کے ضوابط یا کسی اور ضوابطی تقاضے کے مطابق توقع کی جانے والی خدمات کی فراہمی کے علاوہ کسی اور کام کے لیے نہیں کی گئی ہے، اور آڈیٹرز نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ انھوں نے اس ضمن میں آئی ایف اے سی کے رہنما اصولوں کا مشاہدہ کیا ہے؛

- ہم تصدیق کرتے ہیں کہ ضوابط کے ضابطہ 3، 6، 7، 8، 27، 32، 33 اور 36 کے تمام تقاضوں پر عمل کیا گیا ہے۔

Zain Haq

زین کے حق

چیئرپرسن

تاریخ: 15 مارچ 2023ء

غیر جانب دار
آڈیٹرز کی جائزے کی رپورٹ

شیل پاکستان لمیٹڈ کے ارکان کے لیے

فہرستی کمپنیز (ضابطہ برائے کارپوریٹ نظم و نسق) کے ضوابط 2019ء میں موجود کمپلائنس کے بیانات پر جائزہ رپورٹ

ہم نے 31 دسمبر 2022ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے فہرستی کمپنیز (ضابطہ برائے کارپوریٹ نظم و نسق) کے ضوابط 2019ء (جنھیں اب سے 'ضوابط' کہا جائے گا) کے ضابطے 36 کی ضروریات کے مطابق ضوابط اور ان کے ساتھ منسلک شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے تیار کردہ کمپلائنس کے بیان کا جائزہ لیا ہے۔

ضابطے کی تعمیل کی ذمہ داری کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ہے۔ ہماری ذمہ داری اس بات کا جائزہ لینا ہے کہ کیا کمپلائنس کا بیان ضوابط کی شرائط کے ساتھ کمپنی کے کمپلائنس کی صورتِ حال کی عکاسی کرتا ہے اور اگر اس کی تعمیل نہیں ہوتی تو اس کی اطلاع دینا اور ضوابط کی شرائط کی عدم تعمیل پر روشنی ڈالنا ہے۔ ایک جائزہ بنیادی طور پر کمپنی کے ملازمین سے پوچھ گچھ اور قواعد و ضوابط کی تعمیل کے لیے کمپنی کی تیار کردہ مختلف دستاویزات کے جائزے تک محدود ہے۔

مالی بیانات کے ہمارے آڈٹ کے ایک حصے کے طور پر، ہمیں آڈٹ کی منصوبہ بندی اور آڈٹ کی مؤثر انداز میں تیاری کے لیے اکاؤنٹنگ اور اندرونی کنٹرول سسٹم کے بارے میں تفہیم حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں یہ سمجھنے کی ضرورت نہیں کہ داخلی کنٹرول سے متعلق بورڈ آف ڈائریکٹرز کا بیان تمام خطرات اور کنٹرول کا احاطہ کرتا ہے یا ان داخلی کنٹرولز، کمپنی کے کارپوریٹ نظم و نسق کے طریقہ کار اور خطرات کے بارے میں رائے قائم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

قواعد و ضوابط کے تحت کمپنی کو اپنے متعلقہ فریق کے ساتھ لین دین کو آڈٹ کمیٹی کے سامنے رکھنا ہو گا، اور آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر، جائزے اور منظوری کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر ہمیں صرف متعلقہ فریق کے ساتھ لین دین کی بورڈ آف ڈائریکٹرز سے منظوری کی حد تک اس شرط کی تعمیل کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔

ہم اپنے جائزے کی بنیاد پر یہ سمجھتے ہیں کہ، ہماری توجہ میں ایسا کچھ بھی نہیں آیا ہے جس کی وجہ سے ہمیں یقین ہوتا کہ کمپلائنس کا بیان کمپنی کے کمپلائنس کی مناسب طور پر عکاسی نہیں کرتا ہے، نیز ضوابط میں موجود تقاضے، تمام مادی اعتبار سے، 31 دسمبر 2022ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی میں لاگو ہیں۔

[signature]

چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس

مقام: کراچی

تاریخ: 22 مارچ 2022ء

یوڈی آئی این: CR202210076HiqW9c6Cx

ترسیل کی راہ پر گامزن

سیفٹی

ہم اپنے ملازمین، شراکت داروں، مقامی کمیونٹیز اور ماحول کو نقصان سے بچانے کے لیے ذمہ داری اور محفوظ طریقے سے توانائی کی فراہمی کے لیے پر عزم ہیں۔ ہر وہ شخص جو ہمارے لیے یا ہمارے ساتھ کام کرتا ہے، اس ثقافت کو آگے بڑھانے میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔

ہمارے عملے اور صارفین کی حفاظت اولین ترجیح ہے۔ ہم صنعت میں سیفٹی جدت طرازی اور ٹیکنالوجی کی شمولیت، حفاظتی معیارات میں پیش رفت اور بہتری کے رواج کی تعمیر میں سب سے آگے رہے ہیں۔

موبیلٹی

شیل پاکستان اپنی صارفی قدر کی پیش کش کو بڑھانے اور زندگی کے سفر کو بہتر بنانے کے لیے اعلیٰ معیار کی مصنوعات اور خدمات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے۔ شیل سپر ان لیڈیڈ اور شیل ڈیزل جیسے ایندھن کی وسیع اقسام کی پیشکش کے علاوہ، جدید پریمیم فیولز جیسے نئی ڈائنافلیکس ٹیکنالوجی کے ساتھ شیل وی-پاور، اور نان فیول ریٹیلنگ سہولتوں کی ایک رینج۔ مزید برآں، شیل ہیلکس فیملی میں دو نئی اقسام، شیل ہیلکس پاور اور شیل ہیلکس پروٹیکٹ، پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ہمارے ریٹیل اسٹیشنز مسلسل اعلیٰ معیار کی لبریکینٹس مصنوعات پیش کرتے ہیں۔ یہ نئی اقسام شیل وی پاور کے ساتھ ملا کر تیار کی گئی ہیں اور یہ سب سے اعلیٰ درجے کے لبریکنٹس گریڈ ہیں جو مسافر گاڑیوں کے انجنوں کو غیر معمولی طاقت اور تحفظ فراہم کرنے کا وعدہ کرتے ہیں اور یہ صرف شیل اسٹیشنوں کے لیے مخصوص ہیں۔ ہماری سائٹیں بھی کووڈ19 وبائی مرض کے دوران اپنے صارفین کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے وقف رہیں۔

فیول بھرنے کے دوران حفاظت کو فروغ دینا

گذشتہ پانچ برسوں کے دوران، صنعت میں 2000 خطرناک حادثات دیکھے گئے ہیں جن سے آسانی سے بچا جا سکتا تھا اگر لوگ فیول بھرنے کے دوران اپنی دو یا تین پہیوں والی گاڑیوں کو ہٹانے کے لیے سادہ احتیاطی تدابیر اختیار کرتے۔ اپنے صارفین کی حفاظت کی اہمیت کو تسلیم کرنے کے حوالے سے صنعت میں تبدیلی کا آغاز کرتے ہوئے، موبیلٹی کے کاروبار نے اس خطرے کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے اور افراد کو ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ترغیب دینے کے لیے اقدامات کیے۔ "احتیاط بنے حفاظت" نامی ایک حفاظتی مہم کا آغاز کیا گیا جس کا مقصد یہ تھا کہ لوگوں کو انجن بند کرنے، موٹر سائیکل یا رکشے سے اترنے، چند قدم پیچھے ہٹنے اور فیول بھرنے کے دوران محفوظ رہنے کی اہمیت کے بارے میں تعلیم دی جائے۔ یہ مہم حکومت اور صنعت کے ساتھیوں (پارٹنرز) کی موجودگی میں کامیابی سے شروع کی گئی تھی اور اسے ایک مربوط مارکیٹنگ کمیونیکیشن حکمت عملی کے ذریعے فروغ دیا گیا، جس میں ٹیلی ویژن، بل بورڈز، ریڈیو، ڈیجیٹل اور پرنٹ میڈیا کا استعمال شامل تھا۔

حفاظت کے رواج کو عام کرنے کے لیے، سائٹس پر وارڈنز کو تعینات کیا گیا ہے، جو فیول بھرنے سے پہلے موٹر سائیکل سواروں اور ڈرائیوروں کو اپنی گاڑیوں سے اترنے میں مدد کرتے ہیں۔ مزید برآں ٹریفک سگنلز اور بڑے تجارتی علاقوں میں آگاہی پھیلانے کے لیے پاکستان کے 12 شہروں میں سیفٹی قافلے (safety Convoy) کا روڈ شو کیا گیا۔ صارفین کو فیول بھروانے کے محفوظ طریقوں کو اپنانے کی مزید ترغیب دینے کے لیے شیل نے ملک کے سب سے بڑے گیم شوز میں سے ایک جیتو پاکستان کے اشتراک سے 16 جیتنے والوں کو موٹر سائیکلیں اور شیل برانڈڈ ہیلمٹس انعام دیے۔ نتیجتاً، شیل کو ترجیح دینے کے حوالے سے برانڈ کے حصے میں اضافہ ہوا ہے اور "احتیاط بنے حفاظت" کے سلسلے میں کی گئی کوششوں کو عوام کی طرف سے نمایاں مقبولیت حاصل ہوئی ہے، نیز فیول بھرنے کے محفوظ طریقوں کو فروغ دینے میں افراد اور تنظیموں نے اس کی اہمیت کو تسلیم کیا ہے۔

ریٹیل سائٹس پر آپریشنل فضیلت اور سیفٹی میں سرمایہ کاری

جائے کار کی حفاظت کو فروغ دینے کے لیے کثیر سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ 7000 سے زیادہ سروس چیمپئنز کو حفاظتی جوتے فراہم کیے گئے، اور ٹینک لاری ڈی کین ٹیشن سمیت مختلف امور کے لیے تمام سائٹس کو ضروری ذاتی حفاظتی سامان (پی پی ای) فراہم کیا گیا۔ عملے کو پی پی ای کی اہمیت اور ہر سرگرمی کے لیے اس کے مناسب استعمال کے بارے میں تربیت دی گئی۔ سروس چیمپئنز کی جانب سے حفاظت اور فلاح و بہبود کی یقین دہانی کے ساتھ اس اقدام سے ایک مثبت تبدیلی آئی۔

ریٹیل سائٹس پر متنوع اقدامات کا متعارف کروانا

ہنر سب کو یکساں طور پر عطا کیا گیا ہے، تاہم اس کے استعمال کے مواقع سب کو میسر نہیں ہوتے۔ ہم تنوع اور شمولیت کو فروغ دینے کے لیے شیل میں سازگار ماحول اور تجربہ پیدا کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں تاکہ خصوصی صلاحیتوں کے حامل عملے (disable staff) کے ارکان کو مواقع فراہم کر کے افرادی قوت میں شامل کیا جا سکے۔ دورانِ سال، خصوصی عملے کی بڑھتی ہوئی تعداد نے ریٹیل سائٹس پر کام شروع کر دیا ہے، اور ان کی کارکردگی، طرز عمل اور شراکت ٹیم اور ہمارے صارفین کے لیے حوصلہ افزا ہے۔ عملے کو سروس، حفاظتی عمل اور ہنگامی رد عمل کے منصوبوں کے بارے میں مکمل طور پر تربیت دی گئی ہے۔

ہمارے صارفین نے بارہا ہمارے خصوصی عملے کی جاں فشانی کی تعریف کی ہے، جو ایسے تمام افراد کے لیے دل خوش کُن اور حوصلہ افزا رہی ہے۔

مزید برآں ریٹیل سائٹس نے سروس چیمپئن اور شیل سلیکٹ انچارج کے طور پر خدمات انجام دینے کے لیے خواتین عملے کی خدمات بھی حاصل کی ہیں۔

کیش لیس (بے نقد لین دین) کے فروغ کے لیے اشتراک

شیل پاکستان نے ویزا کے ساتھ مل کر ایک انعامی مارکیٹنگ مہم شروع کی، جہاں صارفین نے شیل وی پاور یا شیل ہیلکس خریدنے کے لیے اپنے ویزا کارڈز کا استعمال کرتے ہوئے ادائیگی کی اور دلچسپ انعامات جیتنے کی دوڑ میں شامل ہوئے، ان انعامات میں ابوظہبی کی تمام اخراجات سمیت سیر، شیل وی پاور فیول کارڈز اور شیل سلیکٹ واؤچرز شامل تھے۔

اس مہم کے ذریعے صارفین کو شیل مصنوعات کا انتخاب کرنے اور ویزا کارڈز کے ساتھ کیش لیس لین دین کی سہولت کو فروغ دینے کی ترغیب دی گئی۔ اس مہم کی سوشل میڈیا اور سائٹ پر مارکیٹنگ مواد سمیت مختلف چینلز کے ذریعے وسیع پیمانے پر پروموشن کی گئی۔ اس اقدام سے ریٹیل سائٹس پر ویزا کارڈز کے استعمال کو بڑھانے میں مدد ملی، جس کے نتیجے میں ویزا اور شیل پاکستان دونوں کی فروخت میں اضافہ ہوا۔

کامیابی کی سمت پیش قدمی

تکنیکی میدان میں قیادت کے 100 سے زائد برسوں کے ساتھ، شیل ہیلکس ایک روایت کی حامل ہے جو اسے اپنے ہمسروں سے ممتاز کرتی ہے۔ عالمی "ڈرائیو آن" مہم کے پلیٹ فارم کا مقصد صارفین کو رکاوٹوں پر قابو پانے اور آگے بڑھنے کی ترغیب دینا ہے۔ 2021ء میں، "ڈرائیو آن" کی جانب سے دو ٹیکٹیکل آفرز پیش کی گئی تھیں؛ پہلی پیشکش کا آغاز سال کے شروع میں کیا گیا تھا تاکہ وبائی مرض کے بعد معمول کی طرف لوٹنے والے صارفین کی حوصلہ افزائی کی جا سکے اور انعام دیے جا سکیں، جبکہ دوسری پیشکش میں صارفین کو آئی فون دیے گئے تاکہ وہ اپنے خاص لمحات کو محفوظ کر سکیں۔ ان مہمات (کمپین) کی ڈیجیٹل میڈیا، خاص طور پر فیس بک کے ذریعے پروموشن کی گئی، جس کے نتیجے میں مہم کا ہیش ٹیگ #DriveOn وسیع پیمانے پر استعمال کیا گیا۔ یہ ہیش ٹیگ پاکستان بھر میں موٹر گاڑیوں کے شوقین افراد کی جانب سے تیار کردہ مواد کے ساتھ استعمال کیا جا رہا ہے۔ شیل پاکستان کو اپنی ٹیم کی محنت اور کامیابی کے اعتراف میں پاکستان ڈیجیٹل ایوارڈز 2022ء میں بہترین سوشل میڈیا مہم (ایف بی) کا ایوارڈ جیتنے پر فخر ہے۔

نیٹ ورک میں وسعت

شیل پاکستان نے گزشتہ برس کے دوران صارفین کو مزید سہولت دینے اور ریٹیل اسٹیشنوں پر مربوط ریٹیل آفرز میں اضافہ کرتے ہوئے اہم سنگ میل عبور کیے ہیں۔ ہم نے کامیابی کے ساتھ 31 نئی ریٹیل سائٹس قائم کیں، جو ہمارے نیٹ ورک کو بڑھانے اور اپنے صارفین کے لیے معیاری مصنوعات اور خدمات تک آسان رسائی فراہم کرنے کے ہمارے عزم کا عملی مظاہرہ ہیں۔ مزید برآں، ہم نے 28 جنریشن، 5 سلیکٹ اسٹورز اور 25 نئی کار واش اور ٹائر کی دیکھ بھال کی سہولتوں کے قیام کے ساتھ اپنی خدمات میں توسیع کی، جو ہمارے صارفین کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرتی ہیں۔ ہم نے 85 ریٹیل سائٹس پر ایک فوری فکس ورک اسٹریم شروع کی جو ہمیں فوری مرمت کے مسائل کو حل کرنے کے قابل بناتی ہے اور اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ ہماری پیش کردہ سہولتیں ہمیشہ بہترین حالت میں ہوں۔ ہم اپنے صارفین کو معیاری مصنوعات اور خدمات فراہم کرنے کے لیے پر عزم ہیں، جو ہمارے کاروبار اور کمیونٹیز کی ترقی میں حصہ ڈالتی ہیں جن کی ہم خدمت کرتے ہیں۔

صارفین کی رائے (وائس آف کسٹمرز) جاننا

شیل پاکستان نے ملک بھر میں 90 ریٹیل سائٹس پر وائس آف کسٹمر (وی او سی) کا افتتاح کیا ہے۔ شیل کے ساتھ اپنے تجربے کے بارے میں صارفین سے رائے اور ان کے تجربات اکٹھے کرنے کے لیے اسے وضع کیا گیا ہے۔ وی او سی کا استعمال کرتے ہوئے، ہم صارفین کی قیمتی رائے حاصل کر سکتے ہیں، جس سے ان کے جذبات کو سمجھنے اور اس کے مطابق بہتری لانے میں مدد ملے گی۔ گذشتہ دو ماہ کے دوران، پروگرام کے ذریعے ہمیں 3،000 سے زیادہ جوابات موصول ہوئے ہیں، جو مجموعی تجربے، عملے کے طرزِ عمل، معیار اور مقدار، مصنوعات، خدمات اور پیش کشوں جیسے کلیدی شعبوں پر قیمتی آگاہی فراہم کرتے ہیں۔ شیل پاکستان اپنے صارفین کی ضروریات کا مسلسل جائزہ لے کر اور انھیں پورا کرتے ہوئے غیر معمولی صارفی خدمت فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔

خصوصی فیول کے لیے معیار بندی

ہماری پریمیم پروڈکٹ شیل وی پاور نے خصوصی فیول کے زمرے میں بلند ترین مارکیٹ شیئر کے لحاظ سے، مارکیٹ میں سبقت کا ایک اور کامیاب سال رقم کیا ہے۔ صارفین کو برانڈڈ اور خصوصی فیول فراہم کرنا ہمارا مقصد رہا ہے جو بہتر کارکردگی پیش کرتا ہے۔ 2022ء کے دوران، شیل وی پاور نے مارکیٹ میں 33 فیصد کا نمایاں حصہ حاصل کیا، جو ہماری مصنوعات کے لیے ہمارے صارفین کی قدر اور اعتماد کی عکاسی کرتی ہے۔ ہم اپنے صارفین کی توقعات سے بھی بڑھ کر پریمیم معیار کے فیول کی فراہمی کے لیے پُرعزم ہیں، اور ہمیں اپنے جدید اور پائیدار سولیوشنز (فیولز) کے ساتھ صنعت میں سرکردہ حیثیت پر فخر ہے۔

اختراعات استعمال کرتے ہوئے سیفٹی کی تعلیم کا فروغ

ورک جام ایپ کا پاکستان میں افتتاح کیا گیا تھا تاکہ ہمارے سروس چیمپئنز، سائٹ منیجرز اور ریٹیلرز کو ڈیجیٹل کمیونیکیشن پلیٹ فارم فراہم کیا جا سکے۔ انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں دستیاب اس ایپ کو عملے کو بات چیت، تعاون، تربیت اور وسائل تک رسائی اور اپنے شیڈول کا انتظام کرنے کے قابل بنانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ سیفٹی لرننگ کو فروغ دینے کے لیے ورک جام ایپ پر "بنو شیل سپر اسٹار" مہم کا آغاز کیا گیا تھا۔ فورکورٹ کے عملے کی حوصلہ افزائی کی گئی کہ وہ محفوظ ڈی کن ٹیشن کے اقدامات کی وضاحت کرتے ہوئے ایک تفریحی دُھن (jingle) کی نقل کریں، تاکہ کھیل کے انداز (gamification) اور انٹرایکٹو سمولیشن کے ذریعے سیکھنے کے عمل کو زیادہ خوشگوار اور مؤثر بنایا جا سکے۔

لبریکینٹس

شیل لبریکینٹس نے تیار شدہ لبریکینٹس کے نمایاں عالمی سپلائر کی حیثیت سے مسلسل 15 برس تک کامیابیاں رقم کی ہیں۔ یہ تنظیم کے اپنے صارفین کو اولیت دیتے ہوئے ان کے صارفی تجربے کو مسلسل بہتر بنانے اور جدید ٹیکنالوجی، برانڈ اور مارکیٹنگ میں فضیلت پر سرمایہ کاری کرنے کی وجہ سے ہوا ہے۔

بی 2 بی صنعت میں سرکردہ حیثیت برقرار رکھنا

شیل لبریکنٹس بی 2 بی مقداروں میں مضبوط نمو درج کرتے ہوئے اپنی سرکردہ حیثیت برقرار رکھے ہوئے ہے۔ اگرچہ مارکیٹ کا منظر نامہ غیر مستحکم رہا، تاہم لبریکنٹس کے کاروبار نے کاروباری اداروں کو براہ راست فروخت کرتے ہوئے کان کنی، تیل اور گیس، نقل و حمل اور پروسیسنگ آئل کے شعبوں میں مضبوط کارکردگی دکھائی۔

ڈسٹری بیوٹرز کے ذریعے بالواسطہ واسطے سے فروخت میں، ہم نے صنعت کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اعلیٰ درجے کے لبریکنٹس کی ایک نئی رینج متعارف کروائی، جس سے صارفین کو غیر معمولی آپریشنل کارکردگی فراہم کرنے میں مدد ملتی ہے۔

شیل ایڈوانس نے "سبقت لے جانے" پر توجہ مرکوز کی

مارکیٹنگ اور برانڈنگ کے ذریعے برانڈ کی تشہیر کے لیے پاکستان بھر میں شیل ایڈوانس کے لیے مضبوط مقامی اقدامات کیے گئے۔ دستیاب مکمل پورٹ فولیو کی نمائش اور ملک بھر میں ہماری مصنوعات کو فروغ دینے کے لیے قلیل مدتی اسٹریٹجک مقامی لائلٹی پروگرامز کا انعقاد کیا گیا۔

ہنڈائی موٹرز کے ساتھ پہلے شریک برانڈڈ لبریکینٹ کا آغاز

خودکار اصلی آلات سازوں (او ای ایمز) کے ساتھ ہمارے تعلقات میں توسیع جاری رہی، جیسا کہ لبریکنٹس بزنس ٹو بزنس (بی 2 بی) نے ہمارے پہلے شریک برانڈڈ لبریکینٹ کے افتتاح کے لیے ہنڈائی موٹرز کے ساتھ اشتراک کیا۔ شیل نے ہنڈائی کے ساتھ مل کر ایک مکمل طور پر مصنوعی (سنتھیٹک) شریک برانڈڈ لبریکینٹ: 5 ڈبلیو-30 اے ایچ تیار کیا۔ خاص طور پر ہیونڈائی گاڑیوں کو مکمل کارکردگی پر چلانے کے لیے۔ یہ تعاون ہمارے قابل قدر صارفین کو بہترین سروس فراہم کرنے کے لیے شیل کے عزم کا ثبوت ہے۔

اختراعی تکنیکی سولیوشنز کی پیش کش

شیل پاکستان نے پاکستان کے صنعتی شعبوں کے لیے اپنے بھروسے اور لاگت کو بہتر بنانے کی خدمات میں اضافہ جاری رکھا۔ ہم نے حال ہی میں جدید ترین ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے سیمنٹ اور جنرل اشیا سازی (مینوفیکچرنگ) کے شعبوں کے لیے بوراسکوپ (bore scope) معائنہ خدمات کا آغاز کیا ہے، تاکہ صارفین کو گیئر باکسز کا معائنہ کرنے میں مدد مل سکے۔

ہم نے ٹربائن آئل کے لیے جدید ٹیسٹنگ خدمات بھی شروع کیں جس سے آپریٹرز کو مشین اور لبریکینٹ دونوں کی کیفیت کی نگرانی کرنے میں مدد ملتی ہے۔

کان کنی، کھدائی اور تعمیراتی شعبوں میں فیول کی کھپت کو بہتر بنانے کے لیے، ہم نے "مشین میکس (machine max)" کا آغاز کیا، یہ ایک ایسی سروس ہے جو صارفین کو پورے فلیٹ کے استعمال کا جائزہ فراہم کرتی ہے۔ اس سے آپریشن منیجر کو فلیٹ آپریشنز کو بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے، یہ فیول کی بچت کرتی ہے اور کاربن کے استعمال کو کم کرنے میں مدد کرتی ہے۔

شیل ہیلیکس اپنے ناقابلِ تسخیر تحفظ پر قائم رہا

2022ء کے آغاز سے ہی بڑے پیمانے پر پروموشن شروع کی گئی جس کا مقصد یہ تھا کہ صارفین اپنی کاروں کے لیے شیل ہیلکس استعمال کریں؛ اس میں 12 اسپورٹس یوٹیلٹی گاڑیاں (ایس یو وی) اور شاندار انعامات جیتنے کا موقع فراہم کیا گیا تھا۔ یہ پروموشن پاکستان بھر میں متعدد ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، تشہیری بورڈز وغیرہ اور ریڈیو ٹچ پوائنٹس پر براہ راست نشر کی گئی۔

انفلوئنسرز اور آئل چینج کے ساتھیوں (پارٹنرز) کے لیے، ہم نے سال بھر میں متعدد کمرشل اور لائلٹی کے اقدامات کا آغاز کیا، جس کا مقصد تجویز، آگاہی اور برانڈ کی ترجیحات میں اضافہ کرنا تھا۔

شیل ریمولا اپنے نصب العین - "ان تھک معاونت" پر ڈٹا رہا

سال 2022 پاکستان کے نقل و حمل اور زراعت کے شعبوں کے لیے ایک ناقابلِ یقین سال رہا ہے۔ ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ، میکرو اکنامک چیلنجز، موسلا دھار بارشیں جن سے ملک میں لاکھوں افراد بری طرح متاثر ہوئے، ان شعبوں کو درپیش غیر یقینی صورت حال میں شامل ہیں۔

تاہم، شیل ریمولا اپنے مشن - "زراعت اور ٹرک کمیونٹی کے لیے انتھک حمایت" پر ثابت قدم رہا۔ ہم زرعی شعبے کے کلیدی صارفین کے ساتھ جڑے رہے۔ رمضان کے مہینے میں، ہم نے افطار ڈرائیوز کا انعقاد کیا، اثر انگیز (انفلوئنسر) اقدامات کا اہتمام کیا اور صارفین کے لیے پرکشش پروموشنز چلائیں، جس سے ہماری موجودگی کا احساس بڑھانے میں مدد ملی۔

شیل کی برانڈڈ انڈیپینڈنٹ ورکشاپس صنعت بھر میں اپنے نشان ثبت کر رہی ہیں

2022ء میں ہم نے پاکستان بھر میں 40 نئی برانڈڈ انڈیپینڈنٹ ورکشاپس قائم کیں جن سے ہم تجارتی شاہراہوں پر اپنے قدم جما رہے ہیں۔ ہم مسابقتی پیش کشوں کے ذریعے صارفین کو متوجہ کرنے اور اپنی طرف لانے کے اہل بنے۔

صارفین کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے، صنعت کے اندر ایک نیا چینل متعارف کرایا گیا تھا، جہاں آئل چینجرز گاڑیوں کے معیارات کی بدلتی ہوئی ضروریات اور تقاضوں کے ساتھ ہم آہنگ ہیں اور صارفین کو ان کی گاڑیوں کے لیے اینڈ ٹو اینڈ (کُلی اور حتمی) حل پیش کر سکتے ہیں۔

پیدا آوری اور استعداد کو بہتر بنانے کے لیے ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری

اثاثوں کے معیار کو بہتر بنانے، اعتماد بڑھانے، پیداوار کی لچک اور کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے اثاثوں کا انتظام لازمی عنصر ہے۔ شیل پاکستان میں یہ طریقہ کار صارفین کو مسابقتی مصنوعات حاصل کرنے، پیداواری صلاحیت بڑھانے اور اثاثوں کی زندگی کو بڑھانے میں مدد فراہم کرتا ہے۔

2022ء کے دوران مصنوعات کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے ضمن میں شیل پاکستان کی پیداواری صلاحیت میں اضافے کے لیے لبریکنٹس آئل بلینڈنگ پلانٹ میں ایک نئی فلنگ لائن شامل کی گئی۔ بھرنے (فلنگ) کے نئے نظام نے مصنوعات کے معیار کو بہتر بنایا، پیمائش کی درستگی میں اضافہ کیا، اور بڑی مقداروں کا انتظام کرنے کے لیے سپلائی چین کی صلاحیت میں اضافہ کیا۔ جدید سینسر اور کنٹرول سسٹم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ مصنوعات کو درست طریقے سے بھرا جاتا ہے، اور کنٹینرز کو مناسب طریقے سے سیل کیا جاتا ہے۔

ایچ ایس ایس ای کارکردگی

شیل کی پاورنگ پروگریس حکمت عملی کو حفاظت پر مرکوز ہماری توجہ سے تقویت ملتی ہے۔ ہمارا مقصد یہ ہے کہ لوگوں کو کوئی نقصان نہ پہنچے اور ہمارے آپریشنز میں کوئی لیکیج کا واقعہ پیش نہ آئے۔ ہم اسے اپنا گول زیرو عزم کہتے ہیں۔

ہم ان تین شعبوں پر توجہ مرکوز کرکے حفاظت کو بہتر بنانا چاہتے ہیں جہاں ہماری سرگرمیوں سے وابستہ حفاظتی خطرات سب سے زیادہ ہیں: ذاتی، دورانِ پراسس اور ٹرانسپورٹ۔ ہم خطرات کو کم کرنے اور کسی بھی واقعے کے ممکنہ اثرات کو کم سے کم کرنے کی کوشش کرتے ہیں، بالخصوص ان خطرات پر زور دیتے ہیں جن میں کچھ غلط ہونے کی صورت میں سب سے زیادہ سنگین نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

پاکستان میں ایچ ایس ایس ای

شیل پاکستان صحت، سیفٹی، سیکورٹی اور ماحول (ایچ ایس ایس ای) کے حوالے سے مربوط نقطۂ نظر رکھتا ہے۔ ہم یقین رکھتے ہیں کہ ایک محفوظ کاروبار ہی بہتر کاروبار ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ محفوظ اور اخلاقی طریقے سے کاروبار کرنا، اور مقامی اور داخلی تحفظ کے معیارات کی تعمیل کرنا، ہمارے کام کرنے کے لائسنس اور مستقبل کی نمو کی حکمت عملی کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ اس کی تکمیل کے لیے، ہم اپنی سرگرمیوں میں سب سے زیادہ خطرات کے حامل حفاظت کے تین شعبوں پر توجہ دیتے ہیں: ذاتی، دورانِ پراسس اور ٹرانسپورٹ کی سیفٹی۔

سیفٹی ڈے

2007ء میں شیل گروپ کی جانب سے ہمارے گول زیرو عزم کے حصے کے طور پر ہمارے سیفٹی ڈے کا قیام عمل میں لایا گیا۔ ہر سال، سیفٹی ڈے پر ہمارے ٹھیکیدار شراکت داروں سمیت پوری کمپنی یک سو ہوتی ہے، تاکہ اس بارے میں غور خوض، جائزہ اور بات چیت کی جاسکے کہ ہم کس طرح ایک دوسرے کی معاونت کرسکتے ہیں اور شیل کو ایک محفوظ جگہ بنانے پر اپنی توجہ برقرار رکھ سکتے ہیں۔

2022ء کے دوران، سیفٹی ڈے کا آغاز ادارے کے رہنماؤں کی قیادت میں عملے کے رابطے کے ساتھ ہوا، اس کے بعد بات چیت کو جاری رکھنے کے لیے ٹیموں کو مشغول کیا گیا۔ سیشنز نے اس موضوع پر بات چیت شروع کا موقع فراہم کیا کہ ہم جو کام کرتے ہیں اس میں ہم سب کس طرح منسلک ہیں، اور کس طرح ہمارے اقدامات ایسے واقعات کا ایک سلسلہ تشکیل دے سکتے ہیں جو فرنٹ لائن سمیت دوسروں کے فیصلوں اور اقدامات کو متاثر کرسکتے ہیں۔ ان سیشنز کا مقصد ان لازمی تصورات کی تفہیم پیدا کرنا بھی تھا جو حفاظت کے ساتھ ہم قدم ہیں، یعنی انسانی کارکردگی اور سیکھنے والی ذہنیت۔ انسانی کارکردگی وہ طریقہ ہے جس میں لوگ، رواج، سازوسامان، کام کے نظام اور پراسس ایک نظام کے طور پر ایک دوسرے کے ساتھ عمل درآمد کرتے ہیں۔ اور سیکھنے والی ذہنیت اس یقین کا حامل ہوتا ہے کہ ہر کوئی اپنی صلاحیت کو بڑھا سکتا ہے، غلطیوں اور کامیابیوں سے سیکھ سکتا ہے اور ایک محفوظ ماحول میں کھل کر بات کرسکتا ہے۔ ٹیموں کی حوصلہ افزائی کی گئی کہ وہ اپنے تجربات کا اشتراک کریں اور ایک دوسرے سے سیکھیں۔ اسی طرح کی سرگرمیوں کا ہمارے کانٹریکٹر پارٹنرز کے ساتھ بھی انعقاد کیا گیا۔

موٹر سائیکل سواروں اور رکشوں کے لیے محفوظ ری فیولنگ

پاکستان میں تقریباً ڈھائی کروڑ دو پہیوں والی موٹر سائیکلیں اور دس لاکھ تین پہیوں والے رکشے ہیں۔ گذشتہ پانچ برسوں میں، ہمارا اندازہ ہے کہ ان گاڑیوں سے متعلق صنعت میں فیول بھرنے کے 2،000 سے زیادہ حادثات رپورٹ ہوئے ہیں۔ موٹر سائیکل سواروں اور رکشہ ڈرائیوروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی گاڑی کے ٹینک میں فیول بھروانے سے پہلے اپنی گاڑیوں سے اتر جائیں۔ یہ عمل فیول بھرنے کے دوران پٹرول کے بخارات کا سامنا ہونے کے خطرے کو نمایاں طور پر کم کرتا ہے، چوٹ کے خطرے کو کم کرتا ہے اور کسی واقعے کی صورت میں ردعمل ظاہر کرنے کے لیے مہلت دیتا ہے۔

ایک پائیدار ثقافتی تبدیلی پیدا کرنے کے سلسلے میں شیل پاکستان موٹر سائیکل اور رکشے میں فیول بھرنے کے دوران حفاظت کے لیے ایک جامع سیفٹی مہم بنام "احتیاط بنے حفاظت" کے ذریعے صارفین، حکومت اور تیل و گیس کی صنعت کے ساتھ رابطے میں ہے۔

شیل پاکستان نے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا)، آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل (او سی اے سی) اور دیگر آئل مارکیٹنگ کمپنیوں (او ایم سیز) کے اشتراک سے کام کرنے کے لیے بھی تعاون کیا ہے اور ذہنیت اور طرز عمل میں تبدیلی لانے کا خواہاں ہے۔

سڑک، ریل، سمندر اور ہوا کے ذریعے مصنوعات کی منتقلی نقل و حمل کی سیفٹی سے متعلق خطرات کی حامل ہوتی ہے۔ بذریعہ سڑک ہائیڈروکاربن کی نقل و حمل پاکستان میں آئل کی صنعت کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ نقل و حمل کے عمل میں حفاظت کے حوالے سے صنعت کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے شیل پاکستان مقامی حکام کے ساتھ کام کر رہا ہے۔ ہاؤلیئرز اور ڈرائیوروں کے لیے ملک بھر میں وسیع پیمانے پر تربیتوں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ رائیوروں کی مدد کرنے کے لیے، ہم نے گاڑیوں میں تھکن اور توجہ ہٹانے کا پتہ لگانے (اے ایف ڈی ڈی) فعال آلات نصب کیے، جو مشین وژن ٹیکنالوجی پر مبنی ایک تجویز کردہ آلہ ہے۔ اے ایف ڈی ڈی ڈرائیور کو اس وقت الرٹ کرتا ہے جب وہ تھکن کی علامات، جیسے آنکھوں کا بند ہونا، جمائی یا توجہ بھٹکنا، جیسے آنکھوں کا دیر تک کے سڑک سے دور رکھنا، کی نشاندہی کرتا ہے۔ حفاظت اور کنٹرول کو بہتر بنانے کے لیے ٹینک لاریوں پر ریورسنگ کیمرے بھی متعارف کرائے گئے ہیں۔

ملٹی گریڈ وائٹ آئل پائپ لائن، جو کراچی سے لاہور فیول کی ترسیل کرتی ہے، کی تکمیل کے بعد؛ شیل پاکستان کے لیے پورٹ قاسم سے اپ کنٹری (ملک کے بالائی) ٹرمینلز تک فیول کی نقل و حمل کے نتیجے میں روڈ ٹرانسپورٹ کے ذریعے لے جائی جانے والی مصنوعات میں ~25 فیصد تک کمی واقع ہوئی۔ یہ پائپ لائن کنورژن کا منصوبہ 2019ء میں شروع ہوا تھا اور 2022ء کے دوران مکمل ہوا تھا۔

صحت

شیل پاکستان کا شعبۂ صحت نگہداشت کے ذریعے لوگوں اور کاروبار کو پھلنے پھولنے کے لیے بااختیار بناتا ہے۔ شعبے نے عملے کو کووڈ 19 اور ایرگونومکس، ڈینگی اور ہیٹ ویو جیسے دیگر موضوعات سے متعلق طبی پیشرفتوں سے آگاہ اور اپ ڈیٹ رکھا۔ صحت کے عالمی دن کے موقع پر ملازمین کے لیے صحت میلے کا اہتمام کیا گیا جہاں تقریباً 100 ملازمین نے رضاکارانہ طور پر اپنی اہم علامات، بی ایم آئی، رینڈم بلڈ شوگر، ریپڈ کولیسٹرول، ہیپاٹائٹس بی اور سی اور ہڈیوں کی معدنی کثافت (منرل ڈینسٹی) کی جانچ کی۔ ہم نے ایک عمومی معالج، ایک غذا اور غذائیت کے ماہر، اور ایک ماہرِ نفسیات کے ساتھ مشاورت بھی پیش کی۔

ہم نے بلند خطرے والی ملازمتوں کے طور پر درجہ بندی کی گئی ملازمتوں کے لیے اہل عملے کے لیے کام کے لیے موزونیت (فٹنس ٹو ورک) پروٹوکول مکمل کیا۔

مارچ میں خواتین کے عالمی دن کے موقع پر، ہم نے خواتین ملازمین کے لیے سیلف ڈیفنس ٹریننگ ورکشاپ کا اہتمام کیا جس نے حالات کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی اور اپنے دفاع کی بنیادی تکنیک سکھائی۔ میتھڈ (Method) کے سیلف ڈیفنس کے ماہرین نے اس سیشن کو انجام دیا۔ جون میں خون کے عطیات کے دن (بلڈ ڈونیشن ڈے) پر خون کے عطیات کی ایک مہم کا اہتمام کیا گیا تھا، جہاں ملازمین رضاکارانہ طور پر زندگیاں بچانے کی کوششوں میں شامل ہوسکتے تھے۔

ہمارے
لوگ

شیل حکمت عملی کی کامیاب ترسیل اور کاروباری کارکردگی کو برقرار رکھنے کے لیے ہمارے لوگ مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔ توانائی کے مسلسل بدلتے ہوئے منظرنامے میں مسابقتی اور نفع بخش کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے لیے اہل اور بااختیار افراد کی ضرورت ہوتی ہے جو شیل پاکستان میں مل جل کر محفوظ طریقے سے کام کریں۔ یہ ہمارے لوگ ہیں جو ہمارے ادارے اور اس کی نمائندگی کے جوش و خروش کو تشکیل دیتے ہیں۔ ہم متحرک افرادی قوت کو بھرتی کرنے، تربیت دینے اور برقرار رکھنے کی مسلسل کوشش کرتے ہیں، جن سے ہمیں پیپلز انگیجمنٹ سروے کے تمام شعبوں میں مستقل طور پر ٹاپ کوارٹائل اسکور حاصل ہوتے ہیں؛ جو شیل کے ایک عظیم جائے کار ہونے کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ لوگوں کو سرگرمیوں میں مستحکم طور پر مصروف رکھنا ہمیں لوگوں کی تربیت کی رفتار کو تیز کرنے، قائدانہ صلاحیتوں کو بڑھانے اور ملازمین کی کارکردگی کو بہتر بنانے میں مدد کرتا ہے۔

کام کا مستقبل

ہمارے ملازمین کی حفاظت اور فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے۔ دو سال سے زائد عرصے تک گھر سے کام کرنے کے بعد شیل پاکستان کا دفتری عملہ اپریل 2022ء کے دوران باضابطہ طور پر دفتری مقامات پر واپس آیا۔ وبائی مرض کے بعد بدلتی ہوئی دنیا اور کام کرنے کے طریقوں میں تبدیلیوں کے ساتھ شیل پاکستان نے جائے کار کو "کام کے مستقبل (فیوچر آف ورک)" کا نام دیا۔ ہم نے اپنے تمام ملازمین کے لیے کام کی انجام دہی کے لچک دار اور جامع نمونے متعارف کرانے کی ضرورت کو تسلیم کیا۔ ہمارے ملازمین کو بروز جمعہ لازمی طور پر گھر سے کام کی شکل میں لچک فراہم کی گئی ہے۔

دفتری ملازمین کو خاصی لچک کے ساتھ کام پر واپس آنے میں مدد کے ساتھ ساتھ، کام کا مستقبل کام کرنے کے اسمارٹ اور سبز طریقے بھی فراہم کرتا ہے۔ ترقی کو تقویت دینے، فطرت کا احترام کرنے اور خالص صفر اخراج کے حصول کی طرف اپنے سفر کے ایک حصے کے طور پر، ہم نے توانائی کے تحفظ، لاگت کو بچانے اور کاربن کے اخراج کو کم کرنے کے لیے دفتری آپریشنز کو سوچ سمجھ کر اپنایا ہے۔ دفتری فضلے کے انتظام، پانی کی کھپت میں کمی، توانائی کی بچت والی بجلی کی فٹنگ اور عملے کی کارپولنگ ایپلی کیشن "شیل سواری" کے ذریعے ہم شیل پاکستان آفس کے آپریشنز سے کاربن میں کمی، 50,000 ڈالر سے زائد سالانہ لاگت / توانائی کی بچت، اثاثوں کی زندگی میں اضافے، سڑکوں پر گاڑیوں میں کمی اور ملازمین کی بہتر فلاح و بہبود کے لیے کام کر رہے ہیں۔

متنوع اور جامع ماحول (ڈی اینڈ آئی) کی تیاری اور برقراری

شیل نے دنیا کی سب سے متنوع اور جامع تنظیموں میں سے ایک بننے کا ہدف مقرر کیا ہے، ایک ایسی جگہ جہاں ہر کوئی - ہمارے ملازمین سے لے کر ہمارے صارفین، ساتھیوں (پارٹنرز) اور سپلائرز تک - قابل قدر، احترام پر مبنی اور وابستگی کا مضبوط احساس رکھتا ہے۔ شیل میں، ہم ایک محفوظ، نگہبان، اور جامع ماحول فراہم کرنا چاہتے ہیں تاکہ لوگ خود پر بھروسا کر سکیں اور اپنی مکمل صلاحیتوں تک رسائی حاصل کر سکیں۔

ہمارے نقطۂ نظر کا آغاز ایمان داری، دیانت داری اور لوگوں کے احترام کی ہماری بنیادی اقدار پر پورا اترنے سے ہوتا ہے۔ یہ معیارات شیل کے عمومی کاروباری اصولوں اور ہمارے ضابطۂ اخلاق میں طے کیے گئے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے تنوع سے قطع نظر ہر ایک کو اپنائیت کا مضبوط احساس ہو۔ ہم نے اپنی ثقافت میں جامع طرزِ عمل کو فروغ دینے کے لیے تمام عملے کے لیے دو لازمی تربیتی کورسز: جائے کار پر احترام اور شعوری شمولیت اور لاشعوری تعصب کا آغاز کیا۔

شیل پاکستان کے پاس ورک پلیس ایکسیسیبلٹی (ڈبلیو پی اے) تک رسائی ہے، جو شیل کے جائے کار کی رسائی کو بہتر بنانے کے لیے آفس پر مبنی جائے کار ورک کی ردوبدل (جسمانی اور غیر جسمانی دونوں) فراہم کرنے کی خدمت ہے تاکہ یہ ہمارے ملازمین کی بہت سی مختلف انفرادی اور کام کے ماحول کی ضروریات کو پورا کرے۔

2015ء میں ہم نے شیل پاکستان میں خواتین کے لیے ایک پیشہ ورانہ نیٹ ورک "اڑان نیٹ ورک" کا آغاز کیا۔ نیٹ ورک بیرونی نیٹ ورکنگ کے مواقع سمیت ایک مشترکہ فورم فراہم کرتا ہے۔ 2022ء کے دوران، خواتین کے دن کی سرگرمیوں کے ایک حصے کے طور پر، اُڑان نیٹ ورک نے شیل میں خواتین کے لیے سیلف ڈیفنس ٹریننگ کا اہتمام کیا۔ جس نے حالات سے متعلق آگاہی کے بارے میں بات کی اور انھیں اپنے دفاع کی بنیادی تکنیکوں سے آراستہ کیا۔

ہم ادارے میں 50 فیصد صنفی مساوات حاصل کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں اور اس وقت شیل پاکستان میں خواتین ملازمین کی نمائندگی 26 فیصد ہے (2016ء میں 12 فیصد) جبکہ سینئر قیادت 27 فیصد خواتین ملازمین پر مشتمل ہے - دونوں میں سال بسال اضافے کا رجحان ہے۔ پالیسی اور فوائد میں تبدیلیوں سمیت توجہ پر مرکوز مداخلت اور اقدامات موجود ہیں، جو شیل پاکستان کو خواتین کے لیے کام کرنے کے لیے ایک پرکشش جگہ بناتے ہیں۔ ہم متنوع افرادی قوت کی جانب اپنے سفر میں مسلسل پیش رفت کر رہے ہیں جس میں 35 فیصد سے زائد خواتین کو مڈل مینجمنٹ اور 50 فیصد کو سینئر قیادت کے لیے بیرونی طور پر بھرتی کیا گیا ہے۔

بلند کارکردگی والی افرادی قوت کی تشکیل

شیل میں، ہماری کامیابی متنوع ٹیلنٹ کے مسلسل بڑھتے ہوئے پول کو بھرتی کرنے، برقرار رکھنے اور حوصلہ افزائی کرنے کی ہماری صلاحیت پر منحصر ہے۔ ہم ایک ایسے ماحول کو فروغ دیتے ہیں جو ملازمین کو حالات سے قطع نظر، بہترین بننے کے قابل بناتا ہے۔ شیل کے ساتھ اپنے پورے کیریئر کے دوران، ہماری اقدار اور بنیادی کاروباری اصولوں کی بنیاد پر تربیتوں، کوچنگ اور باقاعدگی سے جائزوں کے ساتھ ساتھ واضح ہدف مقرر کیے جاتے ہیں۔ کارکردگی کی پیمائش کی جاتی ہے، اسے تسلیم کیا جاتا ہے، اور حفاظت، آپریشنل فضیلت، ذاتی ترقی، اور زیریں سطح (باٹم لائن) کے اثرات پر کلیدی توجہ کے ساتھ انعام دیا جاتا ہے۔

ہم نئے گریجویٹس اور تجربہ کار پیشہ ور افراد کے لیے مؤثر وسائل بندی کی حکمت عملی سے استفادہ جاری رکھتے ہیں تاکہ کاروبار کو باصلاحیت افراد سے لیس کیا جا سکے۔ 2022ء کے دوران، ہم نے وبائی مرض کے دوران 2 سال کے وقفے کے بعد اپنے فلیگ شپ مینجمنٹ ٹرینی اور سمر انٹرن شپ پروگرام کو دوبارہ شروع کیا۔ ورچوئل کیمپس کی سرگرمیوں کے ذریعے ملک بھر میں اور اس سے باہر طلبا اور گریجویٹس کو شامل کیا گیا۔ جائزوں کے ادوار جس میں گیم پر مبنی علمی ٹیسٹ، انفرادی ساختہ انٹرویوز، اور کیس اسٹڈیز شامل تھے، کے ذریعے ہم نے 10،000 سے زائد درخواستوں کے پول سے موسم گرما کے 44 انٹرن اور 9 مینجمنٹ ٹرینیوں کو بھرتی کیا۔ پروگرام کے ذریعے، ہم نے مستقبل کی افرادی قوت کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایک مضبوط ٹیلنٹ پائپ لائن تیار کی۔

تمام نئے جوائنرز ایک منظم آن بورڈنگ پلان سے گزرتے ہیں جو بنیادی طور پر نئے جوائنرز کو کمپنی میں ضم کرنے اور انھیں شیل میں ہماری بنیادی اقدار، تنظیم کے ڈھانچے، کاروباری آپریشنز اور ثقافت سے واقف کرانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ ہم نے بیرونی وسائل بندی کے ذریعے 80 سے زائد نئے ملازمین کو شامل کیا، جو گزشتہ دہائی میں سب سے زیادہ تھے۔

تمام ملازمین کلیدی تربیتوں کے ریفریشر (تازہ کاری) سے باقاعدگی سے گزرتے ہیں جو ہماری اقدار، ضابطۂ اخلاق، اخلاقیات کی تعمیل اور تنوع، مساوات اور شمولیت کا احاطہ کرتے ہیں۔ شیل میں، ہم ہراسانی اور امتیازی سلوک کی شکلوں کے خلاف صفر رواداری کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ ہم ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کے تمام الزامات کی تحقیقات کرتے ہیں۔ ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہیں کہ اس طرح کے واقعات کی تحقیقات ماہرین کے ذریعے، ہمارے تحقیقاتی اصولوں کے مطابق، کی جائیں جس کے بعد باضابطہ ڈسپلنری کمیٹی کے ذریعے نتائج کے انتظام پر عمل درآمد کیا جاتا ہے۔ الزامات خفیہ طور پر اور گمنام طور پر، ایک آزاد فراہم کنندہ کے ذریعے چلائی جانے والی شیل گلوبل ہیلپ لائن سمیت، متعدد چینلز کے ذریعے جمع کروائے جاسکتے ہیں۔

ملازمین کی دیکھ بھال

2022ء کے دوران ملک کی معاشی اور مالی صورت حال میں غیر معمولی تبدیلیاں دیکھنے میں آئیں اور عمومی مہنگائی ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی۔ اپنے ملازمین کی مدد کے لیے، ہم نے جاری معاشی دباؤ سے کچھ راحت فراہم کرنے کے لیے میرٹ کی بنیاد پر تنخواہوں میں باقاعدہ اضافے کے علاوہ سال کے وسط میں مہنگائی ایڈ جسٹمنٹ بھی متعارف کروائی۔ 2022ء کے دوران بھی پاکستان کو بدترین سیلاب کا سامنا کرنا پڑا۔ سیلاب سے متاثر ہونے والے اپنے ساتھیوں کے گھروں کی تعمیر اور مرمت میں مدد کرنے کے لیے، ہم نے متاثرہ ملازمین کے لیے عارضی زیرو مارک اپ لون ایڈوانس سہولت کے ساتھ یک بارگی (ون ٹائم) سیلاب ریلیف الاؤنس متعارف کرایا۔

شیل اپنے ملازمین کی جسمانی اور ذہنی صحت دونوں کو بہتر بنانے کے مواقع فراہم کرنے میں سب سے آگے رہا ہے۔ ہم نے ایک جدید فٹنس سینٹر کا افتتاح کیا، اور ملک بھر میں اپنے ملازمین کو فٹنس سولیوشنز متعارف کرانے کی راہ پر ہیں۔ معروف اسپتالوں کے تعاون سے، ہم نے صحت کی جانچ کی مہم چلائی جس میں طبی ٹیسٹ اور ماہرین کی مشاورت شامل تھی تاکہ ملازمین کو ان کی صحت کی صورتِ حال کے بارے میں آگاہی دی جاسکے اور صحت مند طرز زندگی کے انتخاب کو اپنانے میں مدد مل سکے۔ ہم اسپیک اپ ڈرائیو جیسے پروگراموں کے ذریعے اپنے ملازمین کی ذہنی صحت کے لیے سرمایہ کاری جاری رکھتے ہیں، جو ملازمین کو الجھنیں بانٹنے اور بولنے کی اہمیت کی یاد دلاتا ہے، نیز اس کے ساتھ ساتھ چینلز اور پراسس ہیں جس میں، جہاں قابل اطلاق ہو، نتائج کا انتظام شامل ہے۔ شیل نے ایک عالمی ایمپلائز اسسٹنس پروگرام پرووائڈر کے ساتھ اشتراک کیا ہے جو ملازمین اور ان کے اہل خانہ کو مدد کی خدمات کی ایک رینج پیش کرتا ہے۔ یہ خفیہ چینل ملازمین کو مشورہ حاصل کرنے اور ان مسائل کو حل کرنے میں مدد دیتا ہے جو تناؤ کا باعث بنتے ہیں، جس کے نتیجے میں ان کی کارکردگی اور کام کے جذبے پر منفی اثر پڑ سکتا ہے۔

شیل کو کام کا ایک زبردست مقام بنانا

شیل میں، ہم پسندیدہ آجر ہونے پر فخر محسوس کرتے ہیں۔ لوگوں سے متعلق تمام فیصلے ہماری بنیادی اقدار ایمانداری، دیانت داری اور لوگوں کے احترام پر مبنی ہوتے ہیں۔

2022ء کے دوران کووڈ19 کے بعد کے عرصے میں ذاتی مصروفیات کو محفوظ طریقے سے دوبارہ شروع کرنے کی اجازت دی گئی، رمضان میں ملازمین کو افطار کے کھانے کے لیے اکٹھا کیا گیا اور عید کی تقریبات کا اہتمام بھی کیا گیا۔

اس سال، ہم نے ملازمین اور ان کے اہل خانہ کو تفریح، کھانے پینے اور تجرباتی لرننگ سے بھرے ایک دن کے لیے مقامی سائنس سینٹر میں مدعو کیا۔ اس سے ہر ایک کو انٹر ایکٹو نمائشوں اور پروگراموں کے ساتھ مشغولیت کے ذریعے سائنسی سوچ، خواندگی اور سائنسی طریقۂ کار کا تجربہ کرنے کے مواقع ملے۔

ہم نے 5، 10، 15 اور 40 سال تک کی لائلٹی خدمات کے زمرے میں 55 سے زیادہ ملازمین کو منتخب کیا اور انھیں ایوارڈ دیے۔ شیل میں ہم سروس ریکگنیشن ایوارڈز (اعترافِ خدمات کے انعامات) کے ذریعے اپنے دیرینہ ملازمین کے عزم اور لگن اور ان کے اہل خانہ کی سپورٹ کا مکمل طور پر اعتراف کرتے ہیں۔

سماجی

کارکردگی

شیل ان کمیونٹیز کے لیے سرمایہ کاری کرتی ہے جہاں ہم کام کرتے ہیں۔ شیل کے سماجی کارکردگی کے پروگرام پائیدار کاروباری ماحول تخلیق کرتے ہوئے معاشی ترقی سے حاصل ہونے والے فوائد کا کمیونٹیز کے ساتھ اشتراک کرتے ہیں۔ ہماری مقامی کمیونٹیز میں سرمایہ کاری کمیونٹی کی ضروریات اور شیل کے کاروباری مقاصد سے ہم آہنگ ہیں۔

توانائی کے ذریعے زندگی کو طاقت دینا

توانائی معاشی اور سماجی ترقی کے لیے اہم ہے، اور زندگیوں اور معاش کو بہتر بنا سکتی ہے۔ شیل، مقامی شراکت داروں (پارٹنرز) کے ساتھ مل کر توانائی کی مصنوعات اور خدمات کے لیے مقامی منڈیوں کو کھولنے میں مدد کرنے والے توانائی کے منصوبوں تک رسائی کا ڈیزائن وضع کرتی اور ان کو نافذ کرتی ہے۔

شیل پاکستان سب کے لیے توانائی کے سستے، قابل اعتماد اور پائیدار اور جدید ذرائع تک رسائی کو یقینی بنانے میں مدد کرتے ہوئے اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے ہدف 7 (Goal 7) کے حصول کے لیے پاکستان کی کوششوں میں حصہ لے رہی ہے۔

2019ء سے شیل پاکستان نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (این آر ایس پی) کے اشتراک سے جنوبی پنجاب میں توانائی تک رسائی کا پروگرام چلا رہی ہے۔ یہ پروگرام بستی بلھا بلوچ نامی گاؤں میں شمسی توانائی سے چلنے والے ٹیوب ویلوں اور فلور مل کے ساتھ ساتھ کھانا پکانے کے صاف چولہے اور سولر لیمپ کے ذریعے صاف توانائی کے سولیوشنز فراہم کرتا ہے۔ بستی بلھا بلوچ میں کامیابی کے بعد، 2022ء میں، ہم نے ایک دوسرے گاؤں بستی کتیمار کے ساتھ کام کیا، جسے اسی طرح کے توانائی کے چیلنجز کا سامنا تھا۔ ہم نے شمسی توانائی سے چلنے والے دو کمیونٹی ٹیوب ویل نصب کیے جو 90 سے زیادہ کاشت کاروں کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں، اور ایک شمسی دودھ ریفریجریشن یونٹ 40 ڈیری کسانوں کی مدد کرتا ہے، جس سے دودھ کی شیلف لائف بڑھ جاتی ہے اور ذریعۂ معاش کے منافع میں اضافہ ہوتا ہے۔

اس پروجیکٹ سے دو دیہاتوں کے تقریباً 750 گھرانوں کو فائدہ پہنچا ہے۔ 230 سے زائد کاشت کاروں کو شمسی ٹیوب ویلوں پر 320 ایکڑ زرعی زمین پر کاشت کاری کے لیے بجلی تک رسائی حاصل ہوئی ہے۔ اس کے نتیجے میں پانی کی فراہمی میں تسلسل اور بہتری آئی ہے، آبپاشی کے وقت میں ایک تہائی کی آئی، اور فصلوں کے تنوع میں اضافہ ہوا، جس نے آبپاشی کے ہر چکر کی لاگت کو کم کر دیا۔

شمسی توانائی سے چلنے والی فلور مل سے گندم کے دانے پیسنے کی سہولت بہتر ہوئی ہے اور 1575 افراد کے لیے خوراک کی فراہمی کو تقویت ملی ہے۔ طویل لوڈشیڈنگ کی وجہ سے وہ کاشت کار جو اپنے اناج کی پروسیسنگ کے لیے 8 کلومیٹر دور واقع آٹے کی چکی کا سفر کرتے تھے اس کی وجہ سے اب ان کے لیے لاتعداد گھنٹوں کے سفر اور انتظار سے بھی بچت ہوئی ہے۔

اس منصوبے کے لیے ہمارا مقصد ہے کہ اسے مسلسل بنیادوں پر مالی طور پر قابل عمل بنایا جائے تا کہ بالآخر اسے کمیونٹی پر مبنی تنظیم (سی بی او) کے حوالے کیا جا سکے۔ بعد ازیں، اس سی بی او ماڈل کو وسیع اثر کے لیے ممکنہ طور پر دوسرے دیہاتوں میں اپنایا جا سکتا ہے۔

شیل تعمیر کے ذریعے قدر کی تعمیر

شیل لائیوائر شیل کے عالمی سماجی سرمایہ کاری کے پروگراموں میں سے ایک ہے جو نوجوانوں کو اپنا کاروبار شروع کرنے اور روزگار پیدا کرنے کے قابل بناتا ہے۔ دنیا بھر میں کمیونٹیز کے لیے خوشحالی پیدا کرنے کے لیے شیل کے عزم کے تحت 2003ء میں پاکستان میں "تعمیر" کے نام سے یہ پروگرام شروع کیا گیا۔ شیل تعمیر پاکستان میں اپنے 19 ویں سال اور شیل لائیوائر گلوبل کے 40 ویں سال میں میں نوجوانوں کی انٹری پرینیور شپ ڈویلپمنٹ کے ذریعے قومی معیشت کو مستحکم کرتا رہا۔ یہ پروگرام 1.1 ملین نوجوانوں (18 سے 35 سال کی عمر کے) تک پہنچ چکا ہے اور کاروباری تربیت کے ذریعے 12600 نوجوان کاروباری افراد کو شامل کیا گیا ہے جس کے نتیجے میں 1100 سے زائد اسٹارٹ اپ اور کاروباری اداروں میں توسیع ہوئی ہے۔

2022ء میں شیل تعمیر کی پیشرفت کی کچھ اہم جھلکیاں یہ ہیں۔

شیل تعمیر ایوارڈز 2022ء

شیل تعمیر ایوارڈز ایک ملک گیر مقابلہ ہے، جو نوجوان ٹیلنٹ کو پہچاننے، ان کی صلاحیت کا اعتراف کرنے اور انعام دینے کے لیے قومی انٹری پرینیور شپ کے میدان میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ نویں شیل تعمیر ایوارڈز نومبر میں کراچی میں منعقد ہوئے۔

مقابلے کے لیے چھ ایوارڈ کیٹیگریز: کلین انرجی، خواتین کو بااختیار بنانے، ٹیکنالوجی کی اختراع، سرکلر اکانومی، ٹرانسپورٹ اینڈ موبیلٹی اور برائٹ آئیڈیاز کے ضمن میں 250 سے زیادہ درخواستیں موصول ہوئیں۔ فائنل ایونٹ میں حصہ لینے کے لیے ٹاپ 30 فائنلسٹ کو شارٹ لسٹ کیا گیا۔ چھ فاتحین اور چھ رنرز اپس میں مجموعی طور پر 7.5 ملین روپے بنیادی سرمائے (seed capital) کے طور پر تقسیم کیے گئے تاکہ انھیں اپنے کاروبار کو برقرار رکھنے اور ترقی دینے میں مدد ملے۔ انھیں شیل لائیوائر کے بین الاقوامی کنسلٹنٹ ڈویلپمنٹ الٹرنیٹیوز انکارپوریٹڈ (ڈی اے آئی) کی طرف سے براہِ راست رہنمائی بھی ملی، تاکہ وہ سرمایہ کاروں کو جیت کے حوالے سے رہنمائی فراہم کر سکیں۔

صنعت بھر کے 24 معروف کاروباری رہنماؤں پر مشتمل جیوری پینل نے اسٹارٹ اپس کو ان کے کاروباری منصوبے، انفرادیت، مطابقت اور موزونیت کے اعتبار سے 2022ء کے فاتح اور رنر اپ قرار دیا۔ کوالیفائنگ انٹری پرینیورز کو منظر عام پر لانے کے لیے 16 میڈیا آؤٹ لیٹس میں ریڈیو اور ٹی وی چینلز سمیت 60 سے زائد میڈیا مواقع استعمال کیے گئے۔

ہم نے کراچی، لاہور، اسلام آباد، حیدرآباد، پشاور، فیصل آباد، بہاولپور، جامشورو اور ہنزہ جیسے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے 30 فائنلسٹوں کو فاتح انعام کے لیے شارٹ لسٹ کیا۔ مقامی پی آر اور میڈیا ماہرین نے شرکا کو میڈیا کے سامنے لانے اور الیکٹرانک، پرنٹ اور ڈیجیٹل میڈیا پر خود کو اور اپنے خیالات پیش کرنے کے لیے مزید تیار کیا۔ انہوں نے انھیں متعلقہ صنعت کے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مؤثر طریقے سے نیٹ ورک کرنے اور صحیح بات چیت کرنے کی تربیت بھی دی۔

چھ زمروں میں شیل سلیکٹ کی جانب سے سرکلر اکانومی، شیل ریچارج کی جانب سے کلین انرجی سولیوشنز، شیل ویمنز نیٹ ورک کے ذریعے خواتین کو بااختیار بنانے، شیل وی پاور اور شیل ہیلکس الٹرا کی جانب سے تکنیکی جدت طرازی، شیل فلیٹ سولیوشنز کے ذریعے ٹرانسپورٹیشن اینڈ موبیلٹی اور شیل نیچر بیسڈ سولیوشنز کے روشن آئیڈیاز شامل ہیں۔

پاکستان میں خواتین کی انٹری پرینیور شپ کو فروغ دینا

2022ء میں، شیل تعمیر نے ان کاروباری خواتین کی حمایت کی جو ملک میں زیادہ جامع کاروباری نقطۂ نظر کے لیے کام کر رہی ہیں۔

خواتین کا عالمی دن ہر سال 8 مارچ کو منایا جاتا ہے جو صنفی مساوات کو فروغ دینے اور دنیا بھر میں خواتین کی قابل ذکر کامیابیوں کا جشن منانے کے لیے ایک عالمی تقریب ہے۔

2022ء کے دوران شیل تعمیر نے انسٹی ٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ کے تعاون سے خواتین انٹری پرینیورز کے لیے تربیتی سرکلز کا آغاز کیا۔

'پائیدار مستقبل کے لیے صنفی مساوات' کے عنوان سے 2022ء کے دوران شروع کیے جانے والے اس پروگرام کا مقصد کراچی بھر کی یونیورسٹیوں سے منتخب ہونے والی 13 کاروباری خواتین کو ان کے اسٹارٹ اپ اور فضلے کی ری سائیکلنگ، صاف توانائی اور ماحول دوست سولیوشنز سے متعلق خیالات کے لیے رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ صنعت کے سات رہنماؤں اور ماہرین نے ہر تربیت کے لیے تین گھنٹے وقف کیے جس کے نتیجے میں پروگرام نے 40 گھنٹے کی رہنمائی فراہم کی۔ پروگرام کے بعد، دو اسٹارٹ اپس سیڈ فنڈنگ حاصل کرنے میں کامیاب رہیں۔

اسٹریٹجک اشتراک

شیل تعمیر انٹر پرائز ڈویلپمنٹ بوٹ کیمپس

شیل تعمیر انٹر پرائز ڈویلپمنٹ بوٹ کیمپس نوجوان اختراع کاروں کے لیے تشکیل دیے گئے ہیں تا کہ وہ کامیاب کاروباری منصوبوں کی تعمیر کے لیے اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لا سکیں۔

ملٹی ماڈیول ٹریننگ پروگرام انڈر اسٹینڈنگ انٹر پرائز، بزنس ماڈل کینوس، مارکیٹ ریسرچ، فنانشل مینجمنٹ، بزنس لیگل ٹیز اور بزنس پچ پر فیکشن کے عنوانات کا احاطہ کرنے والے سات ای-ماڈیولز اور کاروبار سیکھنے کے 14 گھنٹوں پر مشتمل ہے۔

2022ء میں، شیل تعمیر نے کراچی کی این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اور محمد علی جناح یونیورسٹی کے ساتھ مل کر بوٹ کیمپس کے دو گروہوں کو کامیابی سے تربیت دی تا کہ 41 خواہش مند انٹری پرینیورز کو تربیت دی جا سکے۔

شیل پاکستان سے مضامین کے تجربہ کار ماہرین اور دیگر تعمیر پارٹنر نیٹ ورکس نے سرگرمی پر مبنی سیشنز میں سہولت فراہم کی تا کہ مقامی مارکیٹ کی ضروریات اور حرکیات کو سمجھنے میں شرکا کی رہنمائی کی جا سکے اور پھر اس طلب کو پورا کرنے کے لیے جدید مصنوعات اور خدمات کو تیار کیا جا سکے۔

بوٹ کیمپ کا اختتام ماہرین کے پینل کے سامنے کی جانے والی پچ پریزنٹیشنز کے ساتھ ہوتا، جو اس بارے میں بصیرت فراہم کرتے ہیں کہ کس طرح کاروباری افراد سرمایہ کاروں کے لیے اپنے خیالات اور پچ کی مہارت کو بہتر بنا سکتے ہیں۔

کمیونٹی کی مہارت سازی

نچلی سطح پر انٹرپرائز ڈیولپمنٹ کے اپنے وژن کے مطابق شیل تعمیر نے کراچی بھر میں ہنر فاؤنڈیشن (ٹی ایچ ایف) کے پانچ کیمپسز میں ٹرین دی ٹرینرز (ToT) پروگرام کا انعقاد کیا۔

اس پروگرام کے تحت 20 ماسٹر ٹرینرز کو تربیت دی گئی جنھوں نے انٹرپرائز ڈیولپمنٹ میں مزید 82 نوجوان افراد کو تربیت دی جو ٹی ایچ ایف کے مختلف پیشہ ورانہ تربیتی پروگراموں میں شامل تھے۔

ٹی او ٹی شیل تعمیر کی جانب سے ایک اسٹریٹجک اقدام ہے جس کا مقصد کمیونٹیز کے اندر تدریس، تربیت اور رہنمائی میں مصروف افراد کو کاروباری ادارے کی ترقی کے دائرے کو بڑھانے کے قابل بنا کر وسیع اثرات پیدا کرنا ہے۔ یہ تربیت کار نچلی سطح پر نوجوانوں کو تربیت دے کر بااختیار بنا سکتے ہیں تا کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا سکیں اور اپنے ذریعۂ معاش کو وسعت دے سکیں، نیز کمیونٹی کی ترقی میں حصہ ڈال سکتے ہیں۔

کاروباری معاونت کی باضابطگی (سپورٹنگ بزنس فارملائزیشن)

پاکستان کی اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کرنے والے عوامل میں سے ایک کاروبار کو باضابطہ بنانا ہے۔ شیل تعمیر اپنے اسٹارٹ اپس کی باضابطہ کاروباری رجسٹریشن کی بھرپور حوصلہ افزائی کرتا ہے تاکہ انھیں فنانس، بزنس ڈویلپمنٹ سپورٹ اور ٹیکنالوجیز تک رسائی حاصل کرنے میں مدد ملے اور انھیں کاروباری افراد کے لیے سرکاری ضوابطی فریم ورک کے بارے میں تعلیم دی جائے۔

2022ء کے دوران، شیل تعمیر نے اسمال اینڈ میڈیم انٹرپرائز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (اسمیڈا) کے تعاون سے، شیل تعمیر نے تین اسٹارٹ اپس کو باضابطہ طور پر رجسٹر کرنے میں مدد کی اور نو اسٹارٹ اپس کو ٹیکس فائلر بنایا۔

آفات کے دوران معاونت

2022ء کے دوران پاکستان کو غیر معمولی سیلاب کا سامنا کرنا پڑا جس سے تباہی ہوئی۔ ہماری جوابی کوششوں کا مقصد فوری اور وسط مدتی اثرات مرتب کرنا تھا۔ ہماری توجہ اپنے لوگوں، صارفین اور کمیونٹی کی صحت، حفاظت اور فلاح و بہبود کو یقینی بنانے پر مرکوز تھی۔ شیل پاکستان نے ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن ڈویلپمنٹ سوسائٹی (ہینڈز) کے تعاون سے شیل پاکستان کی جانب سے ملازمین کے عطیات کا اجرا کیا۔ ہمارے آپریشنز کے ارد گرد رہائش پذیر متاثرہ کمیونٹیز میں خاندانوں میں ضروری اشیا کے پیکج تقسیم کیے گئے۔ وسط مدتی اقدامات کے لیے شیل پاکستان نے این آر ایس پی اور ہینڈز کو ایک ایک کمرے کی پناہ گاہیں تعمیر کرنے اور متاثرہ خاندانوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے لیے ایک ایک لاکھ ڈالر کا عطیہ دیا ہے۔ امدادی سرگرمی کی رسائی تقریباً 19،400 افراد کے ساتھ تقریباً 2770 گھرانوں تک پہنچ گئی۔ شیل گروپ نے مرسی کورپس پاکستان کو بے گھر افراد کو موسم سرما کی کٹس فراہم کرنے کے ضمن میں امدادی کاموں میں مدد کے لیے 2 لاکھ ڈالر کا عطیہ دیا۔

ترسیل کی طرف گامزن

اختراع

شیل کو 125 سال کی تکنیکی جدت طرازی پر تشکیل دیا گیا ہے۔ ہمارے سائنسدان اور انجنیئر ایسی ٹیکنالوجیز کی تحقیق، ترقی اور تنصیب کرتے ہیں جو شیل کو بدلتے ہوئے توانائی کے نظام میں زیادہ سے زیادہ اور صاف توانائی فراہم کرنے میں مدد کرتی ہیں۔

توانائی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ یہ ترقی اور خوشحالی کے انجنوں کو طاقت دینے کے لیے درکار سرمایہ کاری اور اختراعات کو ممکن بناتی ہے۔ آئندہ برسوں میں گھروں کو بجلی اور نقل وحمل کو فیول فراہم کرنے کے لیے دنیا کو بہت زیادہ توانائی کی ضرورت ہوگی۔ نیز آب وہوا کی تبدیلی کا مقابلہ کرنے کے لیے، توانائی کو پست کاربن کے حامل وسائل کی طرف تیزی سے بڑھنا ہوگا۔

کارکردگی ایک نظر میں

31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والا سال

مجموعی منافع (ملین روپے)



آپریٹنگ منافع/(خسارہ)(ملین روپے)



نفع(خسارہ)بعد از ٹیکس(ملین روپے)



شیئر ہولڈرز کی ایکویٹی(ملین روپے)



نفع/(خسارہ) فی حصہ (فی شیئر روپے)



مجموعی محاصل (ارب روپے)



فی حصہ مالیت کا تجزیہ (روپے)



آپریٹنگ اور مالیاتی جھلکیاں

پراڈکٹ کے لحاظ سے حجم (میٹرک ٹنز) اور مارکیٹ میں حصہ (فیصد)

ہائی اسپیڈ ڈیزل کا حجم



تبدیل شدہ فیولز کا حجم



موٹر گیسولین (پٹرول) کا حجم



31 دسمبر 2021ء کو اختتام پذیر ہونے والا سال

جھلکیاں		2022ء	2021ء
فروخت کا حجم	ٹن	**2,033,325**	2,195,518
فروخت کے محاصل	ملین روپے	**412,699**	249,210
نفع/(نقصان) قبل از ٹیکس	ملین روپے	**2,915**	6,609
نفع/(نقصان)بعد از ٹیکس	ملین روپے	**(72)**	4,467
معین سرمائے کے اخراجات	ملین روپے	**4,811**	4,244
شیئر ہولڈرز کی ایکویٹی	ملین روپے	**14,597**	15,321
نفع/(نقصان)فی حصہ-بنیادی	روپے	**(0.34)**	21.88

31 دسمبر کو اختتام پذیر ہونے والا سال

مالیاتی شماریاتی خلاصہ		2022ء	2021ء	2020ء	2019ء	2018ء	2017ء	2016ء
سرمائے کا شیئر	ملین روپے	**2,140**	2,140	1,070	1,070	1,070	1,070	1,070
ذخائر	ملین روپے	**12,457**	13,181	(1,721)	3,221	5,283	9,128	10,040
شیئر ہولڈر کی ایکویٹی	ملین روپے	**14,597**	15,321	(651)	4,291	6,353	10,198	11,110
بریک اپ ویلیو	روپے	**68**	72	(6)	40	59	95	104
مقسمہ فی شیئر	روپے	**3**	-	-	-	7	24	34
بونس	تناسب	**-**	-	-	-	-	-	-
نفع/(نقصان) قبل از ٹیکس	ملین روپے	**2,915**	6,609	(4,815)	(140)	(60)	4,323	5,706
نفع/(نقصان)بعد از ٹیکس	ملین روپے	**(72)**	4,467	(4,821)	(1,486)	(1,102)	3,183	6,764
آمدنی/(نقصان)10روپے فی حصہ	روپے	**(0.34)**	21.88	(45.05)	(13.88)	(10.30)	29.74	63.22
جاری سرمایہ								
موجودہ اثاثے تا موجودہ واجبات	تعداد	**0.9**	0.9	0.6	0.7	0.7	0.8	0.9
اسٹاک کے دنوں کی تعداد	دن	**41**	59	31	34	32	23	25
تجارتی قرضوں کے دنوں کی تعداد	دن	**5**	7	9	8	6	7	4
کارکردگی								
نفع/(نقصان) قبل از ٹیکس بطور شیئر ہولڈر کی ایکویٹی کا فیصد	فیصد	**(0.5)**	60.9	(264.9)	(27.9)	(13.3)	29.9	79.2
فروخت کی لاگت بطور فروخت کا فیصد	فیصد	**91.9**	90.5	95.4	92.4	91.7	91.2	71.5
نفع/(نقصان) قبل از ٹیکس بطور فروخت کا فیصد	فیصد	**0.71**	2.65	(2.92)	(0.07)	(0.03)	2.6	2.7
نفع/(نقصان) قبل از ٹیکس بطور فروخت کا فیصد	فیصد	**(0.02)**	1.79	(2.92)	(0.7)	(0.6)	1.5	3.1
مجموعی قرضے کا تناسب	تناسب	**-**	-	1.1	0.7	0.6	0.04	-

غیر جانب دار آڈیٹرز کی رپورٹ

شیل پاکستان لمیٹڈ کے ارکان کے لیے

مالی بیانات کے آڈٹ پر رپورٹ

رائے

ہم نے شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) کی مالی صورتِ حال کے منسلک مالی بیانات کا آڈٹ کیا ہے، جو 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کی مالی صورتِ حال، نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیانات، ایکویٹی میں تبدیلیوں کے بیانات، اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے رقوم کے بہاؤ کے بیانات، اور مالی بیانات کے نوٹس، بشمول نمایاں اکاؤنٹنگ پالیسیوں اور دیگر توضیحی معلومات کے خلاصے پر مشتمل ہیں، اور ہم بیان کرتے ہیں کہ ہم نے وہ ساری معلومات اور وضاحتیں حاصل کیں جو ہماری معلومات اور یقین کے مطابق آڈٹ کے مقاصد کے لیے ضروری تھیں۔

ہماری رائے اور ہماری معلومات نیز ہمیں دی گئی توضیحات، مالی صورتِ حال کا بیان، نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیانات، ایکویٹی میں تبدیلیوں کے بیانات، رقوم کے بہاؤ کے بیانات، کے ساتھ منسلک نوٹس، کے مطابق، ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات کے عین مطابق ہیں جیسا کہ ان کا مالی رپورٹنگ کے لیے پاکستان میں اطلاق ہے اور کمپنیز ایکٹ 2017ء (19 برائے 2017ء) میں درکار معلومات کو درست انداز میں بیان کرتے ہیں، اور 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال پر کمپنی کے معاملات کی کیفیت، اور نقصان اور دیگر جامع آمدنی، ایکویٹی میں تبدیلیوں اور سال کے اختتام کے لیے اس کی رقوم کے بہاؤ کا سچا اور شفاف تناظر دیتے ہیں۔

ہماری رائے کی بنیاد

ہم نے اپنا جائزہ آڈیٹنگ کے بین الاقوامی معیارات (آئی ایس ایز) کے مطابق کیا ہے، جیسا کہ ان کا پاکستان میں اطلاق ہے۔ ان معیارات کے تحت ہماری ذمہ داریوں کو ہماری رپورٹ کے مالی بیانات کے آڈٹ کے لیے آڈیٹر کی ذمہ داریوں میں مزید بیان کیا گیا ہے۔ انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (کوڈ) کا اختیار کردہ بین الاقوامی اخلاقی معیارات کے بورڈ برائے اکاؤنٹنٹس کے ضابطۂ اخلاق برائے پروفیشنل اکاؤنٹنٹس کے مطابق ہم اس کمپنی کے لیے غیر جانب دار ہیں اور ہم نے ضابطۂ اخلاق کے مطابق اپنی دیگر اخلاقی ذمہ داریوں کو نبھایا ہے۔. ہمارا ماننا ہے کہ آڈٹ کے جو شواہد ہم نے حاصل کیے ہیں وہ ہماری رائے کو بنیاد فراہم کرنے کے لیے کافی اور مناسب ہیں۔

آڈٹ کے کلیدی امور

ہمارے پیشہ ورانہ فیصلوں میں کلیدی آڈٹ امور وہ امور ہیں جو زیرِ جائزہ مدت کے مالی بیانات کے ہمارے آڈٹ میں سب سے زیادہ اہمیت کے حامل تھے۔ ان امور کو مجموعی طور پر ہمارے مالی بیانات کے آڈٹ کے تناظر میں اور اس پر اپنی رائے قائم کرنے کے سلسلے میں حل کیا گیا تھا، اور ہم ان امور پر کوئی علیحدہ رائے فراہم نہیں کرتے ہیں۔

کلیدی آڈٹ امور درج ذیل ہیں:

کلیدی آڈٹ امور	ہمارے آڈٹ نے ان کلیدی آڈٹ امور کو کیسے حل کیا
1۔ حکومتِ پاکستان کی جانب سے واجبات جیسا کہ مالی بیانات کے نوٹ 15.1 تا 15.5 میں ظاہر کیا گیا ہے، 31 دسمبر 2022ء تک پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی اور دیگر ڈیوٹیز اور قیمت کے فرق کے دعووں کی وجہ سے کمپنی کے 3,981 ملین روپے حکومتِ پاکستان کی جانب سے واجب الادا ہیں۔ یہ واجبات گذشتہ دس برس سے زائد عرصے سے واجب الوصول ہیں اور کمپنی پیٹرولیم ڈیولپمنٹ لیوی اور دیگر ڈیوٹیز اور قیمتوں میں فرق کے دعووں کے خلاف شق برقرار رکھے ہوئے ہے۔	ہمارے آڈٹ طریقۂ کار میں بشمول دیگر درج ذیل شامل ہیں: - کمپنی اور متعلقہ حکام کی مراسلت، بورڈ آف ڈائریکٹرز اور بورڈ کی آڈٹ کمیٹیوں کے منٹس کا جائزہ لیا؛ - متعلقہ واجبات کی بازیابی اور چکتائی کی میعاد کے بارے میں ان کے خیالات کا تنقیدی جائزہ لینے کے لیے مینجمنٹ اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اقدامات پر بحث و تمحیص کی گئی؛ - مینجمنٹ کے تخمینوں اور تموین کا حساب لگانے میں فیصلوں کا جائزہ لیا؛ اور

کلیدی آڈٹ امور	ہمارے آڈٹ نے ان کلیدی آڈٹ امور کو کیسے حل کیا
ان واجبات کی وصولی میں غیر یقینی کے تناظر میں، اور ان کی فراہمی میں منیجمنٹ کے تخمینوں اور اندازوں کو استعمال کرتے ہوئے ہم نے درج بالا واجبات کو آڈٹ کا کلیدی امر سمجھا ہے۔	- قابل اطلاق مالی رپورٹنگ فریم ورک کے تقاضوں کی تعمیل کے ضمن میں انکشافات کی درستی اور موزونیت کا جائزہ لیا۔
2۔ محاصل کی پہچان مالی بیانات کے نوٹس 1.2 اور 24.1 کے مطابق کمپنی پیٹرولیم مصنوعات اور دیگر مصنوعات کی فروخت سے محاصل کماتی ہے۔ دورانِ سال کمپنی کے محاصل میں 418,592 روپے کا اضافہ ہوا جبکہ گذشتہ برس 282,354 روپے کے محاصل کی آمدنی ہوئی تھی، جو گذشتہ برس کے مقابلے میں تقریباً 48 فیصد اضافے کو ظاہر کرتی ہے۔ سال کے دوران آمدنی میں نمایاں اضافے اور کمپنی کی کارکردگی کے ایک اہم اظہاریے کے طور پر، ہم نے اس شعبے کی نشان دہی ایک اہم آڈٹ معاملے کے طور پر کی ہے۔	بشمول دیگر، ہمارے آڈٹ کے طریقۂ کار میں درج ذیل شامل ہیں: - کمپنی کے پراسس اور محاصل کی پہچان کے لیے متعلقہ داخلی کنٹرولز کے بارے میں تفہیم اور بالخصوص محاصل کی پہچان اور ان کے اوقات کے ضمن میں نمونے کی بنیاد پر، ان کنٹرولز کی اثر انگیزی کی جانچ کی گئی۔ - نمونے کی بنیاد پر فروخت کے لین دین کی جانچ کی گئی تا کہ یقینی بنایا جا سکے کہ متعلقہ محاصل کو درست مقدار اور قیمت پر مناسب طور پر درج کیا جاتا ہے جب اشیا کا کنٹرول صارفین کو منتقل کیا جاتا ہے؛ - سال کے اختتام پر اور دورانِ اختتام لین دین کے نمونے پر اتفاق کرتے ہوئے ترسیل کے ثبوت میں فروخت کے لیے کٹ آف طریقہ کار انجام دیا تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ فروخت کو درست اکاؤنٹنگ مدت میں درج کیا گیا ہے؛ اور - قابل اطلاق مالیاتی رپورٹنگ کے معیارات اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کے مطابق متعلقہ انکشافات کے مناسب ہونے کا جائزہ لیا گیا۔
3۔ زیرِ تجارت اسٹاک کی موجودگی اور مالیت جیسا کہ مالی بیانات کے نوٹ 11 میں ظاہر کیا گیا، 31 دسمبر 2022ء تک کمپنی کے پاس زیرِ تجارت اسٹاک 42,922 ملین روپے ہے جو کمپنی کے کل اثاثوں کا 42 فیصد بنتا ہے۔ یہ خام اور پیک شدہ مواد اور تیار مصنوعات پر مشتمل ہے۔ زیرِ تجارت اسٹاک کی مالیت کا اندازہ پست لاگت پر کیا جاتا ہے، جس کا تخمینہ اول آمد اول اخراج (first-in first-out basis) اور خالص وصولی کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ مالی صورتِ حال کے بیان میں واجبات کے حجم کی بنیاد پر ہم نے زیرِ تجارت اسٹاک کی موجودگی اور جانچ کو ایک اہم آڈٹ معاملے کے طور پر شناخت کیا ہے۔	بشمول دیگر، ہمارے آڈٹ کے طریقۂ کار میں درج ذیل شامل ہیں: - زیرِ تجارت اسٹاک کی موجودگی اور مالیت کے حوالے سے منیجمنٹ کے داخلی کنٹرولز کی تفہیم حاصل کی گئی اور ان پراسس کے متعلقہ کنٹرولز کی اثر انگیزی کی جانچ کی گئی؛ - مختلف مقامات پر رکھے گئے خام مال اور تیار سامان کے لیے انتظامیہ کی طرف سے تیار کی گئی انوینٹری کا مشاہدہ؛ - اشیا کے نمونے کی جانچ اور ان کی قیمتوں کے ذریعے 31 دسمبر 2022ء پر زیرِ تجارت اسٹاک کی مالیت کا اندازہ پست لاگت اور خالص وصولی کی بنیاد پر کیا گیا؛ - تھرڈ پارٹی کی تصدیق سمیت تھرڈ پارٹی کے مقامات پر رکھے گئے زیرِ تجارت اسٹاک کے سلسلے میں طریقۂ کار کو انجام دیا؛ اور - مالی رپورٹنگ کے قابلِ اطلاق فریم ورک میں متعین رہنما خطوط کے مطابق انکشافات کی کفایت کا جائزہ لیا۔
4۔ مٹی اور زمینی پانی کی صفائی کے لیے فراہمی جیسا کہ مالی بیانات کے نوٹ 19 میں ظاہر کیا گیا ہے، کمپنی نے آئی اے ایس 37 تموین، ہنگامی ذمہ داریوں اور ہنگامی اثاثوں 'کی ضروریات کے مطابق مٹی اور زیرِ زمین پانی کی صفائی کے سلسلے میں 2,728 ملین روپے فراہم کیے۔	بشمول دیگر، ہمارے آڈٹ کے طریقۂ کار میں درج ذیل شامل ہیں: - کمپنی کے ماہرین کی تیار کردہ رپورٹس کا جائزہ لیا اور اخراجات کے تخمینے کے تعین کے لیے استعمال ہونے والے طریقوں اور مفروضات کی معقولیت کا جائزہ لیا۔

کلیدی آڈٹ امور	ہمارے آڈٹ نے ان کلیدی آڈٹ امور کو کیسے حل کیا
فراہمی کے تخمینے کے لیے لاگتوں کی موجودہ مالیت کا تخمینہ لگانے میں انتظامیہ کے فیصلے ضروری ہیں۔ فراہمی کے تعین میں شامل فیصلوں اور تخمینوں کی اہمیت کے مدنظر، ہم نے اسے ایک اہم آڈٹ معاملہ سمجھا ہے۔	- آئی اے ایس 37 کے مطابق رعایتی نقد بہاؤ کی بنیاد پر فراہمی کے تعین پر منیجمنٹ کے پراسس کی تفہیم حاصل کی جس میں استعمال ہونے والے کلیدی ان پٹ اور نقد بہاؤ کے اوقات شامل ہیں۔ - انتظامیہ کے ماہر کی جانب سے استعمال کردہ رعایتی شرح سمیت تشخیص کے طریقہ کار اور مفروضات کا جائزہ لینے میں ہماری مدد کرنے کے لیے ہمارے داخلی ماہر کو شامل کیا۔ - انتظامیہ کے ماہر کی اہلیت اور متعلقہ تجربے کا جائزہ لیا گیا۔ - بعض ٹرمینلز اور ریٹیل سائٹس پر کمپنی کی صحت، حفاظت، سلامتی، ماحولیات اور سماجی کارکردگی کی پالیسی کے مطابق مٹی اور زیرزمین پانی کی صفائی کے عمل کے رضاکارانہ آغاز کے سلسلے میں گورننس کے ذمہ دار افراد کی میٹنگز کے منٹس پڑھے؛ اور - قابل اطلاق رپورٹنگ فریم ورک کی ضروریات کے مطابق انکشافات کی مناسبت کا جائزہ لیا۔

مالی بیانات اور آڈیٹرز کی رپورٹ کے علاوہ دیگر معلومات

دیگر معلومات کے لیے انتظامیہ ذمہ دار ہے۔ سالانہ رپورٹ میں شامل معلومات دیگر معلومات میں شامل ہیں، لیکن اس میں مالی بیانات اور ہمارے آڈیٹرز کی رپورٹ شامل نہیں ہے۔

مالی بیانات کے بارے میں ہماری رائے دیگر معلومات کا احاطہ نہیں کرتی ہے اور ہم اس پر کسی بھی قسم کی یقین دہانی کے نتیجے کا اظہار نہیں کرتے ہیں۔

مالی بیانات کے ہمارے آڈٹ کے سلسلے میں، ہماری ذمہ داری ہے کہ دیگر معلومات کو پڑھیں اور، ایسا کرتے ہوئے، اس بات پر غور کریں کہ آیا دیگر معلومات مالی بیانات یا آڈٹ میں حاصل کردہ ہمارے علم سے مادی طور پر مطابقت رکھتی ہے یا نہیں، بصورت دیگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس میں حقائق کا غلط استعمال کیا گیا ہے۔ اگر، ہم نے جو کام انجام دیا ہے اس کی بنیاد پر، ہم یہ نتیجہ اخذ کریں کہ ان دیگر معلومات میں ردوبدل کی گئی ہے، تو ہمیں اس حقیقت کی اطلاع دینے کی ضرورت ہے۔ ہمارے پاس اس حوالے سے رپورٹنگ کے لیے کوئی اطلاع نہیں ہے۔

مالی بیانات کے لیے منیجمنٹ اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ذمہ داریاں

پاکستان میں قابل اطلاق اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیار اور کمپنیز ایکٹ، 2017ء (19 برائے 2017ء) کی ضروریات اور اس طرح کے داخلی کنٹرول کے لیے جیسا کہ منیجمنٹ نے تعین کیا ہے، اور جس کا انتظام طے کرتا ہے کہ مالی بیانات کی تیاری مادی حقائق کی غلط تشہیر سے پاک ہے، خواہ دھوکہ دہی یا غلطی کی وجہ سے ہو، کے مطابق مالی بیانات کی تیاری اور منصفانہ پریزنٹیشن کے لیے منیجمنٹ ذمہ دار ہے۔

مالیاتی بیانات کی تیاری میں، کمپنی کے ایک جاری رہنے والے کاروبار کے طور پر کمپنی کی صلاحیت کا جائزہ لینے، ظاہر کرنے، ، جہاں قابلِ اطلاق ہو، جاری کاروبار ہونے سے متعلق امور، اور اکاؤنٹنگ کی بنیاد پر جاری کاروبار کو استعمال کرنے سے متعلق امور کے لیے، تاوقتیکہ منیجمنٹ کے پاس کمپنی کو دیوالہ کرنے یا آپریشنز روک دینے، یا اور کے سوا کوئی حقیقت پسندانہ متبادل نہیں ہو، کے لیے منیجمنٹ ذمہ دار ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کمپنی کی مالی رپورٹنگ کے عمل کی نگرانی کے ذمہ دار ہیں۔

مالی گوشواروں کے آڈٹ کے لیے آڈیٹرز کی ذمہ داریاں

اس امر کی مناسب یقین دہانی کہ مالی گوشوارے مجموعی اعتبار سے کسی بھی مادی غلط بیانی سے، جو خواہ کسی دھوکے بازی کی وجہ سے ہو یا سہو کی، پاک ہیں، اور ہماری رائے شامل کرتے ہوئے آڈیٹرز رپورٹ جاری کرنا، ہمارے مقاصد ہیں۔ مناسب یقین دہانی یقین کی بلند سطح ہے، تاہم اس بات کی ضمانت نہیں کہ آئی ایس ایز، جیسا کہ ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، کے مطابق کیا

گیا آڈٹ، ہمیشہ ہی کسی مادی غلط بیانی کی شناخت کر سکے گا۔ غلط بیانی کسی دھوکے یا سہو دونوں وجوہ سے ہو سکتی ہیں، اور مادی سمجھی جاتی ہیں، اگر ان کی وجہ سے انفرادی یا مجموعی طور پر، ان مالی گوشواروں کی بنیاد پر استعمال کنندگان کے لیے گئے اقتصادی فیصلوں پر اثرانداز ہونے کی توقع ہو۔

آئی ایس ایز، جیسا کہ ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، کے مطابق کیے گئے آڈٹ کے ایک حصے کے طور پر، ہم پیشہ ورانہ فیصلے پر عمل پیرا ہوتے ہیں اور پورے آڈٹ میں پیشہ ورانہ شکوک و شبہات کو برقرار رکھتے ہیں۔ ہم درج ذیل امور بھی ملحوظ رکھتے ہیں:

- مالی گوشواروں کی مادی غلط بیانی کے خطرات کی شناخت اور ان کا اندازہ کرنا، چاہے دھوکہ دہی یا غلطی کی وجہ سے، ان خطرات کے جواب میں آڈٹ کے طریقہ کار کو وضع کرنا اور انجام دینا، اور آڈٹ کے ایسے شواہد حاصل کرنا جو ہماری رائے کو بنیاد فراہم کرنے کے لیے کافی اور مناسب ہوں۔ دھوکہ دہی کے نتیجے میں کسی مادی غلط بیانی کی نشاندہی نہ کرنے کا خطرہ غلطی کے نتیجے میں ہونے والی غلط بیانی سے کہیں زیادہ ہوتا ہے، کیونکہ دھوکہ دہی میں ملی بھگت، جعل سازی، ارادی غلطی، غلط توضیح یا داخلی کنٹرول کی تنسیخ شامل ہو سکتا ہے۔

- آڈٹ سے متعلق اندرونی کنٹرول کی تفہیم حاصل کرنا تاکہ آڈٹ کے طریقوں کو وضع کیا جاسکے جو ان حالات کے مطابق موزوں ہوں، تاہم یہ اس مقصد کے لیے نہیں کہ کمپنی کے داخلی کنٹرول کی اثرانگیزی پر اپنی رائے کا اظہار کریں۔

- استعمال کی گئی اکاؤنٹنگ پالیسیوں کے مناسب ہونے اور اکاؤنٹنگ کے تخمینوں اور مینیجمنٹ کے متعلقہ انکشافات کی موزونیت کا جائزہ لینا۔

- جاری رہنے والے کاروبار کی اکاؤنٹنگ کی بنیاد اور حاصل کردہ آڈٹ شواہد کی بنا پر، چاہے کوئی مادی غیر یقینی صورت حال واقعات یا حالات سے متعلق ہو، جو کمپنی کی جاری کاروبار کی حیثیت سے جاری رکھنے کی صلاحیت پر نمایاں شبہات ڈال سکتی ہے، کے لیے انتظامیہ کے استعمال کی درستی پر نتیجہ اخذ کرنا۔ اگر ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ مادی غیر یقینی صورت حال موجود ہے تو، ہمیں مالی گوشواروں میں متعلقہ انکشافات پر اپنے آڈیٹرز کی رپورٹ میں توجہ مبذول کروانے کی ضرورت ہے یا، اگر اس طرح کے انکشافات ناکافی ہیں تو، اپنی رائے میں تبدیلی لانا ہو گی۔ ہمارے نتائج ہمارے آڈیٹرز کی رپورٹ کی تاریخ تک آڈٹ شواہد پر مبنی ہوتے ہیں۔ تاہم، مستقبل میں ہونے والے واقعات یا حالات کمپنی کے ایک جاری کاروبار کی حیثیت سے جاری نہ رہنے کا سبب بن سکتے ہیں۔

- انکشافات سمیت مالی بیانات کی مجموعی پریزنٹیشن، ساخت اور مواد کا جائزہ لینا، اور یہ کہ آیا مالی بیانات بنیادی لین دین اور واقعات کی نمائندگی اس انداز میں کرتے ہیں کہ منصفانہ پریزنٹیشن حاصل ہو سکے۔

ہم دیگر معاملات کے ساتھ ساتھ، بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ساتھ آڈٹ کی منصوبہ بندی کا دائرہ کار اور وقت اور آڈٹ کے اہم نتائج، بشمول اندرونی کنٹرول میں کسی بھی اہم خامیوں، جو ہمیں دورانِ آڈٹ پتا چلیں، سے متعلق بھی بات چیت کرتے ہیں۔

ہم بورڈ آف ڈائریکٹرز کو یہ بیان بھی فراہم کرتے ہیں کہ ہم نے غیر جانب داری کے حوالے سے متعلقہ اخلاقی تقاضوں کی تعمیل کی ہے، اور ان تمام تعلقات اور دیگر امور کے متعلق ان سے بات چیت کرنا جو ہماری غیر جانب داری، اور جہاں قابل اطلاق ہو، متعلقہ حفاظتی اقدامات پر معقول طور پر اثرانداز ہو سکتے ہیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کو بتائے جانے والے معاملات سے، ہم ان معاملات کا تعین کرتے ہیں جو موجودہ مدت کے مالی بیانات کے آڈٹ میں انتہائی اہمیت کے حامل تھے اور اسی وجہ سے وہ آڈٹ کے اہم امور میں شامل ہیں۔ ہم ان امور کو اپنی آڈیٹرز کی رپورٹ میں بیان کرتے ہیں جب تک کہ کوئی قانون یا ضابطہ اس امر کے بارے میں پبلک انکشافات کو روکتا ہے یا جب، انتہائی غیر معمولی حالات میں، ہم طے کرتے ہیں کہ کسی معاملے کو ہماری رپورٹ میں نہیں بتایا جانا چاہیے کیونکہ ایسا کرنے سے مفادِ عامہ کے ضمن میں منفی نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

دیگر قانونی وضوابطی تقاضوں پر رپورٹ

اپنے آڈٹ کی بنیاد پر ہم مزید یہ رپورٹ کرتے ہیں کہ، ہماری رائے میں:

الف) کمپنیز ایکٹ 2017ء (19 برائے 2017ء) کے تقاضوں کے مطابق کمپنی کے کھاتے برقرار رکھے گئے ہیں؛

ب) مالی صورتِ حال کا بیان، نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیانات، ایکویٹی میں تبدیلیوں کے بیانات، رقوم کے بہاؤ کے بیانات، اور مالی بیانات کے ساتھ، منسلک نوٹس، اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء (19 برائے 2017ء) کے مطابق ہیں اور اکاؤنٹس کے کھاتوں اور گوشواروں کی توثیق کرتے ہیں؛

ج) کی گئی سرمایہ کاریاں، ہونے والے اخراجات اور دورانِ سال دی گئی ضمانتیں کمپنی کے کاروبار کے مقصد سے تھیں؛ اور

د) زکوۃ اور عشر آرڈیننس 1980ء (18 برائے 1980ء) کے تحت کوئی قابلِ کٹوتی زکوۃ باقی نہیں ہے۔

اس غیر جانب دار آڈیٹرز کی رپورٹ کے نتیجے میں ہونے والے آڈٹ کے شریک کار شیخ احمد سلمان ہیں۔

چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس

مقام: کراچی

تاریخ: 15 مارچ 2023ء

یو ڈی آئی این نمبر: AR202210076C86wh25nb

مالی صورتِ حال کا بیان

31 دسمبر 2022ء تک

	نوٹ	2022ء	2021ء
		--------------------(ہزار روپے)--------------------	
اثاثے			
غیر حالیہ اثاثے			
جائیداد، پلانٹ اور آلات	4	**20,579,301**	17,841,942
حقِ استعمال کے اثاثے	5	**6,453,393**	5,896,843
غیر مادی اثاثے	6	**2,101**	5,253
طویل مدتی سرمایہ کاریاں	7	**5,198,192**	4,970,295
طویل مدتی قرضے	8	**51,163**	37,440
طویل مدتی امانتیں اور پیشگی ادائیگیاں	9	**220,100**	265,766
مؤخر ٹیکس	10	**780,010**	753,734
		33,284,260	29,771,273
جاری اثاثے			
زیرِ تجارت اسٹاک	11	**42,921,597**	36,628,824
تجارتی قرضے	12	**5,910,061**	4,667,468
قرضے اور بیعانے	13	**62,784**	92,160
قلیل مدتی ڈپازٹس اور پیشگی ادائیگیاں	14	**535,584**	527,247
دیگر واجبات	15	**8,216,986**	8,189,480
بینک بیلنس	16	**10,801,097**	4,973,417
		68,448,109	55,078,596
مجموعی اثاثے		**101,732,369**	84,849,869
ایکویٹی اور واجبات			
ایکویٹی			
سرمایہ حصص	17	**2,140,246**	2,140,246
پریمیم حصص		**11,991,012**	11,991,012
عمومی ذخائر		**207,002**	207,002
غیر مختص نفع		**807,101**	1,587,146
بعد استعمال نوپیائش فوائد– حقیقی نقصان		**(543,266)**	(598,930)
دیگر جامع آمدنی کے ذریعے عرفی مالیت [FVOCI] کے طور پر درجہ بند ایکویٹی سرمایہ کاری کی نوپیائش پر غیر حصولی نقصان		**(5,000)**	(5,000)
مجموعی ایکویٹی		**14,597,095**	15,321,476
واجبات			
غیر حالیہ واجبات			
اثاثوں کی واپسی کی ذمہ داری	18	**321,113**	173,550
طویل مدتی مالکاری	19	**2,923,281**	432,768
طویل مدتی اجارہ واجبات	20	**5,945,991**	5,365,192
بعد از ریٹائرمنٹ طبی فوائد کی فراہمی	33.2.2	**178,788**	170,543
		9,369,173	6,142,053
حالیہ واجبات			
تجارتی و دیگر واجب الادا	21	**73,703,492**	60,825,752
صارفین کی جانب سے وصول کردہ ایڈوانسز (معاہداتی واجبات)		**1,442,366**	1,105,953
بے دعویٰ مقسومہ		**278,892**	293,906
غیر اداشدہ مقسومہ		**508,954**	–
مجموعی مارک اپ		**2,848**	1,187
ٹیکس–خالص		**882,792**	–
طویل مدتی تموین کا حالیہ حصہ	19	**236,964**	477,857
طویل مدتی اجارہ واجبات کا حالیہ حصہ	20	**709,793**	681,685
	23	**77,766,101**	63,386,340
اتفاقی مصارف و معاہدے			
مجموعی ایکویٹی اور واجبات		**101,732,369**	84,849,869

منسلک نوٹس 1 تا 44 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

ضرار محمود	**وقار آئی صدیقی**	**عمران آر ابراہیم**
چیف فنانشل آفیسر	چیف ایگزیکٹو	ڈائریکٹر

نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کا بیان

31 دسمبر 2022ء تک

	نوٹ	2022ء	2021ء
		(ہزار روپے)	
سیلز	24	418,592,346	282,353,611
دیگر محاصل		750,914	811,123
		419,343,260	283,164,734
سیلز ٹیکس		(6,644,201)	(33,954,750)
خالص محاصل		412,699,059	249,209,984
فروخت شدہ مصنوعات کی لاگت	25	(379,106,173)	(225,543,999)
مجموعی نفع		33,592,886	23,665,985
تقسیم کاری اور مارکیٹنگ کے اخراجات	26	(10,281,744)	(7,517,836)
انتظامی اخراجات	27	(7,390,232)	(6,259,820)
دیگر اخراجات	28	(14,386,220)	(3,879,331)
دیگر آمدنی	29	1,739,760	575,881
آپریٹنگ نفع		3,274,450	6,584,879
مالی لاگتیں	30	(1,358,252)	(834,770)
		1,916,198	5,750,109
معاون کے منافع کا حصہ - خالص ٹیکس	7.1	998,905	858,397
قبل از ٹیکس نفع		2,915,103	6,608,506
ٹیکس	31	(2,987,416)	(2,141,651)
دورانِ مدت خالص (نقصان) / نفع		(72,313)	4,466,855
دیگر جامع آمدنی			
ایسی اشیاجن کی نفع یا نقصان کے لیے دوبارہ درجہ بندی نہیں کی جائیں گی			
بعد از ملازمت فوائد پر حقیقی نفع / (نقصان)		83,081	(1,445)
بعد از ملازمت فوائد پر حقیقی (نقصان) / فائدے سے متعلق مؤخر ٹیکس		(27,417)	419
		55,664	(1,026)
- دیگر جامع آمدنی (ایف وی او سی آئی) کے ذریعے عرفی مالیت کے طور پر درجہ بندی کردہ ایکویٹی آلے کی بازپیمائش پر خالص ٹیکس نقصان			-
ایسی اشیاجن کی منافع یا نقصان کے لیے دوبارہ درجہ بندی نہیں کی جائیں گی			
معاون کے دیگر جامع (نقصان) کا حصہ - ٹیکس کا خالص	7.1	(65,658)	7,784
سال کے لیے مجموعی (نقصان) / آمدنی		(82,307)	4,473,613
		(ہزار روپے)	
آمدنی / (نقصان) فی حصہ - بنیادی اور سیال	32	(0.34)	21.88

منسلک نوٹس 1 تا 44 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

عمران آر ابراہیم	**وقار آئی صدیقی**	**ضرار محمود**
ڈائریکٹر	چیف ایگزیکٹو	چیف فنانشل آفیسر

ایکویٹی میں تبدیلیوں کا بیان

31 دسمبر 2022ء کے لیے

	محفوظ سرمایہ			محفوظ محاصل			
	سرمایہ حصص	پریمیم حصص	عمومی ذخائر	مجموعی (نقصان)/ غیر مختص نفع	بعد استعمال منافع پر حقیقی نقصان	سرمایہ کاریوں کی نو قدرپیمائی پر غیر حصولی (نقصان)	کُل
	(ہزار روپے)						
یکم جنوری 2021ء پر بیلنس	1,070,123	1,503,803	207,002	(2,829,185)	(597,904)	(5,000)	(651,161)
سال کے لیے خالص نفع				4,466,855			4,466,855
سال کے لیے دیگر جامع آمدنی/ (نقصان)- خالص ٹیکس				7,784	(1,026)		6,758
سال کے لیے مجموعی جامع آمدنی/ (نقصان)				4,474,639	(1,026)		4,473,613
رائٹ شیئرز کا اجرا	1,070,123	10,487,209					11,557,332
رائٹ شیئرز کی لاگت کا اجرا				(58,308)			(58,308)
31 دسمبر 2021ء پر بیلنس	2,140,246	11,991,012	207,002	1,587,146	(598,930)		15,321,476
سال کے لیے خالص خسارہ	-	-	-	(72,313)	-	-	(72,313)
سال کے لیے دیگر جامع آمدنی/ (نقصان)- ٹیکس کا خالص	-	-	-	(65,658)	55,664	-	(9,994)
سال کے لیے دیگر جامع آمدنی/ (نقصان)	-	-	-	(137,971)	55,664	-	(82,307)
30 ستمبر 2022ء کی اختتامی مدت کے لیے عارضی نقد مقسومہ، -/3 روپے فی شیئر پر				(642,074)	-	-	(642,074)
31 دسمبر 2021ء پر بیلنس (غیر آڈٹ شدہ)	2,140,246	11,991,012	207,002	807,101	(543,266)	(5,000)	14,597,095

منسلک نوٹس 1 تا 44 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

عمران آر ابراہیم
ڈائریکٹر

وقار آئی صدیقی
چیف ایگزیکٹو

ضرار محمود
چیف فنانشل آفیسر

رقوم کے بہاؤ کا بیان

31 دسمبر 2022ء تک

	نوٹ	2022ء	2021ء
		------------(ہزار روپے)------------------	
آپریٹنگ سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ			
آپریشنز سے حاصل ہونے والی رقوم	36	14,097,249	7,363,882
اداشدہ مالی لاگتیں		(419,953)	(121,038)
اجارہ واجبات کا اداشدہ سودی حصہ	30	(647,402)	(546,047)
اداشدہ انکم ٹیکس		(2,636,175)	(1,919,139)
طویل مدتی قرضے		(13,723)	(8,309)
طویل مدتی ڈپازٹس اور پیشگی		45,666	(106,967)
دورانِ سال ادا کیے جانے والے بعد از ریٹائرمنٹ فوائد	33.2.4	(11,164)	(11,163)
آپریٹنگ سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص رقوم		10,414,498	4,651,219
سرمایہ کاری سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ			
معین سرمایہ جاتی اخراجات		(4,810,967)	(4,243,869)
آپریٹنگ اثاثوں کے تلف کیے جانے سے حاصل ہونے والی وصولیاں	4.7	60,341	18,482
معاون سے حاصل ہونے والا مقسومہ	7.1	705,350	832,308
سیونگ اکاؤنٹس سے حاصل ہونے والا سود	29	115,471	29,681
میعادی ڈپازٹ وصولیوں پر سود	29	195,788	156,107
سرمایہ کاری سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص رقوم		(3,734,017)	(3,207,291)
مالکاری سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ			
شیئرز کے اجرا سے وصولیاں		-	11,557,332
شیئرز کے اجرا کی لاگت		-	(58,308)
اجارہ واجبات کا اداشدہ زرِاصل		(704,667)	(338,863)
طویل مدتی قرضے کی باز ادائیگی		-	(4,000,000)
اداشدہ مقسومے		(148,134)	(23,038)
مالکاری سرگرمیوں سے پیدا ہونے والی (میں استعمال ہونے والی) خالص رقوم		(852,801)	7,137,123
رقم اور رقم کے مساوی اشیا کی خالص (کمی)/ اضافہ		5,827,680	8,581,051
مدت کے آغاز پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا		4,973,417	(3,607,634)
مدت کے اختتام پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا	16	10,801,097	4,973,417

منسلک نوٹس 1 تا 44 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

عمران آر ابراہیم	وقار آئی صدیقی	ضرار محمود
ڈائریکٹر	چیف ایگزیکٹو	چیف فنانشل آفیسر

مالی گوشواروں کے نوٹس

31 دسمبر 2022ء تک

1 **کمپنی اور اس کے آپریشنز**

1.1 شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) محدود واجبہ کمپنی ہے جو متروک کمپنیز ایکٹ، 7 برائے 1913 (اب کمپنیز ایکٹ 1917ء) (ایکٹ) کے تحت 28 جون 1969 کو پاکستان میں قائم کی گئی اور جو پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں رجسٹرڈ ہے۔ کمپنی شیل پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ، برطانیہ (فوری مالک) کی ذیلی ہے، جو رائل ڈچ شیل پبلک لمیٹڈ کمپنی (حتمی مالک) کی ذیلی ہے۔ کمپنی کا رجسٹرڈ دفتر شیل ہاؤس، 6، چوہدری خلیق الزمان روڈ، کراچی، پاکستان پر واقع ہے۔

1.2 کمپنی پٹرولیم مصنوعات اور کمپریسڈ قدرتی گیس کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ یہ لبریکینٹ آئلز کی مختلف اقسام کی تیاری و مارکیٹنگ بھی کرتی ہے۔

1.3 **جغرافیائی مقامات اور کاروباری یونٹس کے پتے**

ہیڈ آفس	شیل ہاؤس، 6، چوہدری خلیق الزمان روڈ، کراچی، پاکستان
لیوب آئل بلینڈنگ پلانٹ	پلانٹ نمبر 22، آئل انسٹالیشن ایریا، کیماڑی، کراچی

ریجنل مارکیٹنگ، سیل آفس اور انوائسنگ پوائنٹس پورے ملک میں قائم ہیں۔ کمپنی پاکستان اور شمالی علاقوں میں اپنی ریٹیل آپریشنز کی سائٹس اور ڈیلرز کے تحت چلنے والی سائٹس کی ملکیت رکھتی ہے، جن کی تفصیلات کا اظہار کمپنیز ایکٹ 2017ء (ایکٹ) کے چوتھے شیڈول کے تقاضے کے مطابق ان مالی بیانات میں کیا گیا ہے۔

2 **آپریشنز کی بنیادیں**

2.1 **کمپلائنس کا بیان**

مالی گوشوارے ان اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات کے مطابق تیار کیے گئے ہیں جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے۔ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، درج ذیل ہیں:

- انٹرنیشنل مالی اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز (آئی ایف آر ایس) جو عبوری مالی رپورٹنگ، انٹرنیشنل اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز بورڈ (آئی اے ایس بی) کی جانب سے جاری کیے گئے اور جسے ایکٹ کے تحت مشتہر کیا گیا تھا؛ اور
- ایکٹ کے تحت جاری کردہ ہدایت نامے اور شرائط

جہاں کہیں ایکٹ کے تحت جاری کردہ ہدایت نامے کی شرائط آئی ایف آر ایس کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں تھیں، وہاں ایکٹ کے ہدایت نامے کی شرائط پر عمل کیا گیا ہے۔

2.2 **اکاؤنٹنگ کی پابندی**

یہ مالی بیانات تاریخی لاگت کے کنونشن کے تحت تیار کیے گئے ہیں، ماسوا عربین سی کنٹری کلب میں کمپنی کی سرمایہ کاری کے جسے دیگر جامع آمدنی کے ذریعے عرفی مالیت پر تیار کیا گیا ہے۔

2.3 **اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات میں نئے معیار کا اطلاق، ترامیم و توضیح اور مالی رپورٹنگ کا فریم ورک**

ان مالی گوشواروں کی تیاری میں استعمال کی گئی اکاؤنٹنگ کی پالیسیاں وہی ہیں جن کا اطلاق گذشتہ مالی سال میں کیا گیا تھا، ماسوا بیان کردہ درج ذیل کے:

2.3.1 **معیاری، اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات میں ترمیم اور مالی رپورٹنگ کا فریم ورک جو سال کے دوران موثر ہوا**

کمپنی نے مندرجہ ذیل معیار، اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات میں ترمیم اور مالی رپورٹنگ کے فریم ورک کو اپنایا ہے جو موجودہ سال کے لیے موثر ہو گیا ہے۔

منظور شدہ اکاؤنٹنگ معیارات میں ترامیم

آئی ایف آر ایس 3	تفہیمی فریم ورک کے حوالے سے (ترامیم)
آئی اے ایس 16	جائیداد، پلانٹ، آلات: مطلوبہ استعمال سے قبل وصولیاں (ترامیم)
آئی اے ایس 37	مشکل معاہدے- کسی معاہدے پر عمل کی لاگت (ترامیم)

آئی اے ایس بی کی جانب سے جاری کردہ اکاؤنٹنگ معیارات میں اصلاحات (2018ء تا 2020ء دور)

آئی ایف آر ایس 9	انٹرسٹ ریٹ بینچ مارک ریفارمز- مرحلہ دوم- آئی ایف آر ایس 9، آئی اے ایس 39، آئی ایف آر ایس 7، آئی ایف آر ایس 4، اور آئی ایف آر ایس 16 ترامیم
آئی ایف آر ایس 16	30 جون 2021ء سے آگے کووڈ 19 سے متعلق کرائے کی رعایتیں (آئی ایف آر ایس 16 میں ترمیم)
آئی اے ایس 41	زراعت- عرفی مالیت کی پیمائش میں ٹیکس

درج بالا ترامیم اور اصلاحات سے منظور شدہ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات سے ان مالی گوشواروں پر کوئی ٹھوس اثر نہیں پڑا ہے۔

2.3.2 اکاؤنٹنگ معیارات کے منظور شدہ معیارات، ترامیم اور اصلاحات جو ابھی تک مؤثر نہیں ہوئیں

درج ذیل معیارات، آئی ایف آر ایس میں ترامیم اور اکاؤنٹنگ کے معیارات میں بہتری جیسا کہ پاکستان میں ان کا اطلاق ہے، وہ متعلقہ معیارات، ترامیم یا اصلاحات درج ذیل تاریخوں سے مؤثر ہوں گی:

ترامیم		تاریخ نفاذ (شروع ہونے والی سالانہ مدت یا اس کے بعد سے)
آئی اے ایس 1 اور آئی ایف آر ایس مشقی بیان 2	اکاؤنٹنگ پالیسیوں کا بیان- آئی اے ایس 1 اور آئی ایف آر ایس مشقی بیان 2 میں ترامیم	یکم جنوری 2021ء
آئی اے ایس 8	اکاؤنٹنگ تخمینوں کی تعریف- آئی اے ایس 8 میں ترامیم	یکم جنوری 2021ء
آئی اے ایس 12	واحد لین دین میں اثاثوں اور واجبات سے متعلق مؤخر ٹیکس- آئی اے ایس 12 میں ترامیم	یکم جنوری 2021ء
آئی اے ایس 1	واجبات کی درجہ بندی بطور حالیہ اور غیر حالیہ (ترامیم)	یکم جنوری 2023ء
آئی اے ایس 16	جائیداد، پلانٹ، آلات: مطلوبہ استعمال سے قبل وصولیاں (آئی ایف آر ایس 16 میں ترامیم)	یکم جنوری 2023ء
آئی ایف آر ایس 10 / آئی اے ایس 28	سرمایہ کار اور اس کے معاونین یا مشترکہ کاروبار کے مابین اثاثوں کی فروخت یا حصہ (ترامیم)	تاحال حتمی نہیں

مزید یہ کہ، آئی اے ایس بی کی جانب سے مندرجہ ذیل نئے معیارات جاری کیے گئے ہیں جن کے پاکستان میں اطلاق کے مقصد سے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ابھی مطلع نہیں کیا ہے:

معیار		آئی اے ایس بی کی تاریخ نفاذ (شروع ہونے والی سالانہ مدت یا اس کے بعد سے)
آئی ایف آر ایس 1	آئی ایف آر ایس کا پہلی بار اطلاق	یکم جنوری 2004ء
آئی ایف آر ایس 17	بیمہ معاہدے	یکم جنوری 2023ء

2.4 اکاؤنٹنگ کے اہم تخمینے، مفروضات اور فیصلے

ان مالی گوشواروں کی تیاری منظور شدہ اکاؤنٹنگ معیارات کی تائید سے کی گئی ہے، جیسا کہ ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، جس کے لیے انتظامیہ کو فیصلے، تخمینے اور مفروضے کی ضرورت ہوتی ہے جو پالیسیوں کے اطلاق اور اثاثوں، واجبات، آمدنی اور اخراجات کی اطلاع شدہ رقم کو متاثر کرتی ہے۔ تخمینے اور اس سے وابستہ مفروضے تاریخی تجربے اور دیگر مختلف عوامل پر مبنی ہوتے ہیں جو کہ حالات کے تحت معقول سمجھے جاتے ہیں، جس کے نتائج اثاثوں اور واجبات کی مالیت کے بارے میں فیصلے کی بنیاد بنتے ہیں جو دوسرے ذرائع سے آسانی سے ظاہر نہیں ہوتے۔ حقیقی نتائج ان تخمینوں سے مختلف ہو سکتے ہیں۔

مفروضوں پر مبنی تخمینوں کا مسلسل بنیادوں پر جائزہ لیا جاتا ہے۔ اگر نظر ثانی صرف اسی مدت کو متاثر کرتی ہے تو اکاؤنٹنگ تخمینوں میں نظر ثانی اس مدت میں تسلیم کی جاتی ہے جس میں تخمینے پر نظر ثانی کی جائے یا نظر ثانی کی مدت اور مستقبل کے ادوار میں، اگر نظر ثانی موجودہ اور مستقبل دونوں ادوار کو متاثر کرتی ہو۔

انتظامیہ کی طرف سے کیے گئے تخمینے، مفروضے اور فیصلے جو اگلے مالی سال کے اندر اثاثوں اور واجبات کی رقوم اور واجبات کے مادی ردوبدل کے خطرے سے مشروط ہیں، درج ذیل ہیں:

i. قابلِ استعمال عرصے کا تعین، فرسودگی / متروک کرنے کا طریقہ کار اور جائیداد، پلانٹ اور سازوسامان اور غیر مادی اثاثوں کی باقی ماندہ مالیت ((نوٹس 3.1، 3.2، 3.3، 4.1، 5 اور 6)؛

ii. مالی اور غیر مالی اثاثوں کی مضرت (نوٹ 3.4، 4.9، 9، 12.3 اور 15.9)؛

iii. مندرجہ مالیت میں کمی کے لیے زیرِ تجارت اسٹاک میں خالص قابل حصول قیمت کا جائزہ اور متروک ہونے کے لیے زیرِ تجارت اسٹاک کا جائزہ (نوٹ 3.9، اور 11.5)؛

iv. اثاثے کی ریٹائرمنٹ کی پابندی کی شق (نوٹ 3.13.2 اور 18)؛

v. ریٹائرمنٹ اور دیگر سروس فوائد کے حوالے سے وصول اور قابل ادائیگی رقوم کا تخمینہ (نوٹس 3.12 اور 33)؛

vi. جاری اور مؤخر ٹیکس کی فراہمی (نوٹس 3.8، 10 اور 31)؛

vii. اتفاقی واجبات کا تعین (نوٹس 3.18، 15.8 اور 23.1)؛

viii. تجدید اور اختتامی اختیارات کے ساتھ معاہدوں کی لیز کی مدت کا تعین (نوٹس 3.14.5 اور 20)؛ اور

ix. اجارے - بڑھتی ہوئی قرضے کی شرح کا تخمینہ لگانا (نوٹس 3.14 اور 20)۔

x. مٹی اور زمینی پانی کی اصلاح (نوٹ 3.13.3 اور 19)

3 نمایاں اکاؤنٹنگ پالیسیوں کا خلاصہ

ان مالی بیانات کی تیاری میں لاگو ہونے والی اہم اکاؤنٹنگ پالیسیاں ذیل میں بیان کی گئی ہیں۔ ان پالیسیوں کا اطلاق مستقل طور پر کیا گیا ہے، جب تک کہ اس کے برعکس بیان نہ کیا گیا ہو.

3.1 جائیداد، پلانٹ اور آلات

ان کا تخمینہ نفی لاگت مجموعی فرسودگی اور مجموعی مضرت کے نقصانات، اگر کوئی ہو، پر لگایا جاتا ہے،، علاوہ فری ہولڈ اراضی کے، جس کا بیان نفی لاگت مجموعی فرسودگی اور مجموعی مضرت کے نقصانات، اگر کوئی ہو، میں کیا جاتا ہے؛

جاری کام کے سرمائے کو نفی لاگت پر مجموعی مضرت کے نقصانات، اگر کوئی ہو تو، سے بیان کیا جاتا ہے۔ تنصیب اور تعمیراتی مدت کے دوران ہونے والے مخصوص اثاثوں سے متعلق تمام اخراجات سرمایہ کاری کے تحت کیے جاتے ہیں۔ انھیں پراپرٹی، پلانٹ اور آلات کے مخصوص زمروں میں منتقل کر دیا جاتا ہے، جب یہ استعمال کے لیے دستیاب ہوں۔

اس کے بعد کے اخراجات کو اثاثوں کے طور پر تسلیم نہیں کیا جاتا جب تک یہ امکان نہ ہو کہ مستقبل میں ان اخراجات سے وابستہ معاشی فوائد کمپنی کو پہنچیں گے اور لاگت کی قابل اعتماد انداز سے پیمائش کی جاسکتی ہے۔ دیکھ بھال اور معمول کی مرمت کا خرچہ منافع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان پر لیا جاتا ہے۔

فرسودگی کو راست طریقے (straight-line method) کا استعمال کرتے ہوئے نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کی مد میں عائد کیا جاتا ہے، جبکہ آپریٹنگ اثاثہ کی لاگت کو اس کی مدتِ استعمال کے تخمینے کو اس کی تخمینہ کردہ مالیت سے منہا کر دیا جاتا ہے، جیسا کہ ان مالی گوشواروں کے نوٹ 4.1 میں دیا گیا ہے۔ مالی صورتِ حال کے ہر بیان پر، اگر مناسب ہو تو، بقایا مالیتوں، مدتِ استعمال اور فرسودگی کے طریقوں کا جائزہ لیا جاتا ہے، اور ردوبدل کیا جاتا ہے۔

اضافی آلات پر فرسودگی اسی مہینے سے وصول کی جاتی ہے جس میں کوئی اثاثہ استعمال کے لیے دستیاب ہو جبکہ اس مہینے میں کوئی فرسودگی وصول نہیں کی جاتی جس میں کسی اثاثے کو متروک قرار دیا جاتا ہے۔

فروخت کی آمدنی اور اثاثے کی مندرج رقم کے مابین فرق کی نمائندگی سے، کسی اثاثے کے ضائع کرنے یا ترکِ استعمال پر حاصل ہونے والے نفع یا نقصان کو تلف کی مدت میں نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں بطور آمدنی یا اخراجات تسلیم کیا جاتا ہے۔

اگر کسی تموین کے لیے شناخت کے معیارات کو پورا کیا جاتا ہے تو اثاثے کے استعمال کے بعد اس کو ترک کرنے کے لیے متوقع لاگت کی موجودہ قیمت متعلقہ اثاثے کی لاگت میں شامل ہوتی ہے۔

اگر کسی اثاثے کی مندرج رقم اس کے تخمینہ شدہ واجب الوصول سے زائد ہو تو، اس اثاثے کی مندرجہ مالیت فوری طور پر وصولی کی رقم میں لکھ دی جاتی ہے۔

3.2 حقِ استعمال کے اثاثے

کمپنی لیز کے آغاز کی تاریخ (یعنی وہ تاریخ جب سے اثاثہ استعمال کے لیے دستیاب ہے) پر حق استعمال کے اثاثے کو تسلیم کرتی ہے۔ استعمال میں آنے والے اثاثوں کی کسی بھی جمع شدہ فرسودگی اور مضرت کے نقصان اور لیز کے واجبات کی دوبارہ پیمائش کے تصفیے سے لاگت منہا کر کے پیمائش کی جاتی ہے۔ استعمال میں آنے والے اثاثوں کی لاگت میں لیز کے واجبات کی مقدار، ابتدائی براہ راست اخراجات، اور ہونے کی تاریخ آغاز پر یا اس سے قبل کی گئی لیز کی ادائیگیاں منہا رعایتیں شامل ہیں۔ حقِ استعمال کے اثاثوں کو لیز کی مدت کے دوران راست طریقے اور اس اثاثے کی مفید زندگی کی بنیاد پر فرسودہ سمجھا جاتا ہے۔ حقِ استعمال کے اثاثے فرسودگی سے مشروط ہیں۔ بحوالہ اکاؤنٹنگ پالیسی، نوٹ 3.4.2۔

3.3 غیر مادی اثاثے - کمپیوٹر سافٹ ویئر

اگر یہ امکان ہو کہ اثاثے کی وجہ سے مستقبل کے متوقع معاشی فوائد کمپنی کو ملیں گے اور اس طرح کے اثاثے کی لاگت کی بھی قابل اعتماد طریقے سے پیمائش کی جاسکتی ہے تو اسے ایک غیر منقولہ اثاثہ تسلیم کیا جاتا ہے۔

یہ، اگر کوئی ہوں تو، مجموعی بالاقساط ادائیگی اور مجموعی مضرت کے نقصانات منہا لاگت کی بنیاد پر درج کیے جاتے ہیں۔ بحوالہ اکاؤنٹنگ پالیسی، نوٹ 3.4.2۔

اس کی مدتِ استعمال پر راست طریقے کی بنیاد پر مالی بیانات کے نوٹ 6 میں دی گئی شرح کے مطابق لاگو کر کے بالاقساط ادائیگی کو منافع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں عائد کیا جاتا ہے۔ کمپنی سالانہ بنیادوں پر قسط کی شرحوں کی مناسبیت کا جائزہ لیتی ہے۔ اضافوں پر قسط اس مہینے سے وصول کی جاتی ہے جس میں کوئی غیر مادی اثاثہ استعمال کے لیے دستیاب ہوتا ہے جبکہ اس مہینے کے لیے کوئی قسط وصول نہیں کی جاتی جس میں کوئی غیر مادی اثاثہ متروک کیا جاتا ہے۔

فروخت کی آمدنی اور مندرجہ رقم کے مابین فرق کی نمائندگی کرنے والے کسی غیر مادی اثاثے کے تصرف یا ترکِ استعمال پر حاصل ہونے والے نفع یا نقصان کو تلف کرنے کی مدت میں منافع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں بطور آمدنی یا اخراجات تسلیم کیا جاتا ہے۔

3.4 مضرت

3.4.1 مالی اثاثوں کی مضرت

کمپنی منافع یا نقصان کے ذریعے مناسب قیمت پر نہ رکھے جانے والے تمام قرض کے آلات کے لیے متوقع کریڈٹ نقصانات (ECL) کے لیے الاؤنس کو تسلیم کرتی ہے۔ ای سی ایل معاہدے کے مطابق واجب الادا نقد رقم کے بہاؤ اور تمام نقد بہاؤ جو کمپنی کو حاصل ہونے کی توقع ہے، کے درمیان فرق پر مبنی ہیں اور حقیقی مؤثر شرح سود میں تخفیف پر چھوٹ دی جاتی ہے۔ موجود رہن کی فروخت پر حاصل ہونے والے نقد بہاؤ میں یا دیگر کریڈٹ بڑھانے کی انکیشمنٹ سے نقد بہاؤ شامل ہوں گے، جو معاہدے کی شرائط کا لازمی حصہ ہیں۔

ای سی ایل کو دو مراحل میں تسلیم کیا جاتا ہے۔ کریڈٹ ایکسپوزر کے لیے جن میں ابتدائی شناخت کے بعد سے خطرۂ قرض میں کوئی خاص اضافہ نہیں ہوا ہے، ای سی ایل قرضے کے نقصانات کے لیے فراہم کیے جاتے ہیں جو دیوالیے کے نتیجے میں اگلے 12 ماہ (12 ماہ کے ای سی ایل) میں ممکن ہوتے ہیں۔ ان کریڈٹ ایکسپوزرز کے لیے جن میں ابتدائی شناخت کے بعد سے خطرۂ قرض میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، دیوالیے کے وقت سے قطع نظر، باقی ماندہ ایکسپوزر پر متوقع قرضے نقصانات کے لیے نقصان الاؤنس کی ضرورت ہوتی ہے (تاعمر ای سی ایل)۔

تجارتی قرضوں کے علاوہ دیگر مالی اثاثوں کے لیے، کمپنی ای سی ایل کا حساب لگانے میں عمومی اپروچ کا اطلاق کرتی ہے۔ یہ معاہدے کے مطابق واجب الادا رقوم کے بہاؤ اور ان تمام رقوم کے بہاؤ اور کے درمیان فرق پر مبنی ہے جن کی کمپنی کو توقع ہے کہ اصل مؤثر شرح سود کی تخفیف پر رعایت ملے گی۔ متوقع رقوم کے بہاؤ میں مکفولہ جائداد کی فروخت سے نقد بہاؤ یا دیگر قرضوں میں اضافہ شامل ہوں گے جو معاہدے کی شرائط کے لیے لازمی ہیں۔

تجارتی قرضوں کے لیے، کمپنی ECL کے ایک آسان طریقہ کار کا اطلاق کرتی ہے۔ لہذا، کمپنی خطرۂ قرض میں تبدیلیوں کا سراغ نہیں لگاتی، بلکہ اس کی بجائے ہر رپورٹنگ کی تاریخ پر تاعمر

ای سی ایل پر مبنی نقصان الاؤنس کو تسلیم کرتی ہے۔ کمپنی نے ایک جیسی خصوصیات اور ڈیفالٹ ریٹس رکھنے والے صارفین کے بڑے پورٹ فولیو کے لیے صارفین کے کریڈٹ ریٹنگ کی بنیاد پر ایک پروویژن میٹرکس قائم کیا ہے جس سے وصول کی جانے والی رقم کمپنی کے ماضی کے خسارۂ قرض کے تجربے پر مبنی ہے، جن میں قرض گیروں اور معاشی ماحول سے مخصوص پیش بینی عوامل کے لیے ردوبدل کی گئی ہے۔ کمپنی ماضی کے خسارۂ قرض کے تجربے پیش بینی معلومات کے ساتھ ردوبدل کرنے کے لیے میٹرکس کو کیلیبریٹ کرے گی۔ مثال کے طور پر، اگر پیش گوئی کردہ معاشی حالات (یعنی، مجموعی ملکی پیداوار اور صارف اشاریہ قیمت) اگلے سال کے دوران بگڑنے کا امکان ہے جو معیشت میں ڈیفالٹ کی تعداد میں اضافے کا سبب بن سکتا ہے، تو تاریخی ڈیفالٹ شرحوں کو ایڈجسٹ کیا جاتا ہے. رپورٹنگ کی ہر تاریخ پر، تاریخی مشاہدہ شدہ ڈیفالٹ شرحوں کو اپ ڈیٹ کیا جاتا ہے اور پیش بینی تخمینوں میں تبدیلیوں کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔

تاریخی طور پر مشاہدہ کردہ ڈیفالٹ شرح، پیش گوئی کردہ اقتصادی حالات اور ECLs کے درمیان ارتباط کا اندازہ ایک اہم تخمینہ ہے۔ ECLs کی مقدار حالات میں تبدیلیوں اور معاشی حالات کی پیش گوئی کے لیے حساس ہے۔ کمپنی کا تاریخی کریڈٹ نقصان کا تجربہ اور معاشی حالات کی پیش گوئی بھی مستقبل میں صارف کے حقیقی ڈیفالٹ کی نمائندگی نہیں کر سکتی ہے۔

جب معاہداتی ادائیگی کو 90 دن گزر چکے ہوں، بشرطیکہ ایسے عوامل موجود ہوں، تو کمپنی سمجھتی ہے کہ مالی اثاثہ دیوالیے کے خطرے کا شکار ہے۔ تاہم، بعض صورتوں میں، کمپنی کسی مالی اثاثے کو اس وقت بھی دیوالیہ سمجھ سکتی ہے جب اندرونی یا بیرونی معلومات سے ظاہر ہوتا ہے کہ کمپنی کی جانب سے کسی بھی کریڈٹ کے اضافے کو مدنظر رکھنے سے پہلے ہی کمپنی کے پاس معاہدہ کی بقایا رقم وصول کرنے کا امکان نہیں ہے۔ جب معاہداتی رقم کی وصولی کی کوئی معقول توقع نہ ہو تو وہ مالی اثاثہ متروک سمجھا جاتا ہے۔

3.4.2 غیر مالی اثاثوں کی مضرت

رپورٹنگ کی ہر تاریخ میں غیر مالی اثاثوں کی مندرج مالیت کا اندازہ کیا جاتا ہے تاکہ یہ معلوم کیا جاسکے کہ مضرت کا کوئی اشارہ ہے یا نہیں۔ اگر ایسا کوئی اشارہ موجود ہے تو، اثاثہ کی وصولی کی رقم کا تخمینہ لگایا جاتا ہے تاکہ مضرت کے نقصان کی حد، اگر کوئی ہے، تو اس کا تعین کریں۔ مضرت کا منافع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں اخراجات کے طور پر درج کیا جاتا ہے۔ واجب الوصول رقم اثاثے کی مناسب قیمت منہا تلف کی لاگت ہے اور استعمال کی قدر سے بلند ہے۔ استعمال کی قیمت کا تخمینہ مستقبل کے نقد بہاؤ میں قسط کے ذریعے ڈسکاؤنٹ ریٹ کے ذریعے لگایا جاتا ہے جو کہ پیسے کی حالیہ قدر اور موجودہ اثاثوں کے لیے مخصوص خطرے کی عکاسی کرتا ہے جس کے لیے مستقبل کے نقد بہاؤ کا تخمینہ ایڈجسٹ نہیں کیا گیا ہے۔ مضرت کا اندازہ لگانے کے مقصد کے لیے، اثاثوں کی سب سے نچلی سطح پر گروپ بندی کی جاتی ہے جس کے لیے رقوم کے الگ الگ شناختی بہاؤ (نقد پیدا کرنے والے یونٹ) ہوتے ہیں۔

اگر نقصان کی وصولی کا اندازہ لگانے کے لیے استعمال ہونے والے تخمینوں میں کوئی تبدیلی آجائے تو مضرت کا نقصان پلٹ جاتا ہے۔ مضرت کا نقصان اس حد تک پلٹتا ہے کہ اثاثے کی مندرج رقم اس حد سے زیادہ نہ ہو جس کا تعین کیا جاچکا ہو، فرسودگی یا قسط کا خالص، بشرطیکہ مضرت کا نقصان پہلے تسلیم نہ کیا گیا ہو۔ مضرت کے نقصان کو فوری طور پر نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں درج کیا جاتا ہے۔

3.5 معاونین میں سرمایہ کاری

معاونین وہ تمام ادارے ہیں جن پر کمپنی کا نمایاں اثر ورسوخ ہے لیکن کنٹرول نہیں ہے، جس کی عام طور پر 20 فیصد یا اس سے زیادہ کی حصہ داری لیکن ووٹنگ کے حقوق کے 50 فیصد سے بھی کم کے ذریعے نمائندگی کی جاتی ہے۔ اہم اثر ورسوخ سرمایہ کاروں کی مالی اور آپریٹنگ پالیسیوں اور فیصلے میں حصہ لینے کی طاقت ہے۔ معاونین میں سرمایہ کاری حساب اکاؤنٹنگ کا ایکویٹی طریقہ استعمال کرتے ہوئے کیا جاتا ہے اور ابتدائی طور پر اسے لاگت تسلیم کیا جاتا ہے۔

کمپنی کی جانب سے معاونین کے حصول کے بعد اس کے منافع یا نقصان کو کمپنی کے منافع یا نقصان میں اور معاونین کے حصول کے بعد ان کا حصہ جامع آمدنی میں دیگر جامع آمدنی کی مد میں تسلیم کیا جاتا ہے۔ حصول کے بعد کی مجموعی حرکیات کو سرمایہ کاری کی مندرجہ مالیت کے طور پر ایڈجسٹ کیا جاتا ہے۔ معاونین سے موصول ہونے والے منافع منقسمہ سرمایہ کاری کی مندرج مالیت کو کم کرتے ہیں۔ جب معاونین میں کمپنی کے نقصانات کا حصہ معاون میں اس کے انٹرسٹ، بشمول کوئی طویل مدتی واجبہ کے مساوی یا اس سے زیادہ ہو جاتا ہے تو، کمپنی مزید نقصانات کو تسلیم نہیں کرتی، جب تک کہ اس کے معاون کی طرف سے واجبات کا ادراک یا ادائیگی نہ کی جائے۔

سرمایہ کاری کی مندرج رقم کی مضرت کی جانچ اور کی واجب الادا رقم (زیرِ استعمال بلند مالیت اور عرفی قیمت منہا فروخت کی لاگت) کے اس کی مندرج مالیت اور خسارے کا موازنہ کرتے ہوئے کی جاتی ہے، اگر کوئی ہو تو، اور بطور نفع یا نقصان تسلیم کی جاتی ہے۔

3.6 مالی آلات

ایک مالی آلہ وہ معاہدہ ہے جو ایکا کاروباری ادارے کے مالی اثاثے اور کسی دوسرے کاروباری ادارے کی مالی ذمہ داری یا ایکویٹی آلہ کو بڑھاتا ہے۔

3.6.1 مالی اثاثے

الف) ابتدائی پہچان اور پیمائش

مالی اثاثوں کی پہچان پر درجہ بندی کی جاتی ہے اور اس کے بعد میں اس کی عرفی مالیت بذریعہ دیگر جامع آمدنی (ایف وی او سی آئی) یا عرفی مالیت بذریعہ نفع یا نقصان (ایف وی پی ایل) پر عرفی مالیت کی لاگتِ بالاقساط کے حساب سے پیمائش کی جاتی ہے۔

ابتدائی پہچان میں مالی اثاثوں کی درجہ بندی مالی اثاثوں کے معاہدے کے مطابق نقد بہاؤ کی خصوصیات اور ان کے انتظام کے لیے کمپنی کے کاروباری ماڈل پر منحصر ہے۔ تجارتی واجبات کے استثناء کے ساتھ، اگر مالی اثاثہ منافع یا نقصان، لین دین کے اخراجات کے ذریعے مناسب قیمت پر نہ ہو تو کمپنی ابتدائی طور پر مالی کی اس کی مناسب قیمت پر پیمائش کرتی ہے۔ تجارتی واجبات کی پیمائش آئی ایف آر ایس 15 کے تحت طے شدہ لین دین کی قیمت پر کی جاتی ہے۔

کسی مالی اثاثہ کی درجہ بندی اور اس کی تخمینہ شدہ قیمت یا ایف وی او سی آئی کے لیے، اس کو نقد بہاؤ کو بڑھانے کی ضرورت ہے جو کہ بقایا اصل زر پر صرف اصل اور سود (ایس پی پی آئی) کی ادائیگی ہے۔ اس پڑتال کو ایس پی پی آئی ٹیسٹ کہا جاتا ہے اور یہ آلے کی سطح پر کیا جاتا ہے۔ مالی اثاثوں کے انتظام کے لیے کمپنی کے کاروباری ماڈل سے مراد یہ ہے کہ وہ اپنے مالی اثاثوں کا انتظام کس طرح کرتی ہے تاکہ نقد بہاؤ پیدا ہو۔ کاروباری ماڈل اس بات کا تعین کرتا ہے کہ نقد بہاؤ معاہدے کے مطابق نقد بہاؤ اٹھا کرنے، مالی اثاثوں کی فروخت، یا دونوں کے نتیجے میں ہو گا۔

مالی اثاثوں کی خرید و فروخت جس کے لیے مارکیٹ میں باضابطہ یا کنونشن کے ذریعے قائم شدہ ٹائم فریم کے اندر اثاثوں کی ترسیل کی ضرورت ہوتی ہے (باقاعدہ طریقے سے تجارت)، تجارتی تاریخ کو تسلیم کیا جاتا ہے، یعنی وہ تاریخ جب کمپنی اثاثہ خریدنے یا بیچنے کا معاہدہ کرتی ہے۔

ب) ازاں بعد پیمائش

بعد میں پیمائش کے مقاصد کے لیے، کمپنی اپنے مالی اثاثوں کی درج ذیل زمروں میں درجہ بندی کرتی ہے۔

- بالاقساط لاگت پر مالی اثاثے (قرض کے آلات)
- ایف وی او سی آئی میں نامزد کردہ مالی اثاثے جن کی عدم شناخت (ایکویٹی آلات) پر مجموعی فوائد اور نقصانات کی ری سائیکلنگ نہیں ہے؛ اور
- ایف وی پی ایل پر مالی اثاثے۔

بالاقساط لاگت پر مالی اثاثے (قرض کے آلات)

اگر کمپنی مندرجہ ذیل دونوں شرائط کو پورا کرتی ہے تو کمپنی مالی اثاثوں کی بالاقساط لاگت پر پیمائش کرتی ہے۔

- معاہداتی رقوم جمع کرنے کے مقصد سے مالی اثاثے رکھنے کے لیے ایک کاروباری ماڈل میں رکھے جاتے ہیں
- مالی اثاثے کی معاہداتی شرائط مخصوص تاریخوں پر نقد بہاؤ میں اضافہ کرتی ہیں جو کہ اصل کی ادائیگی اور اصل رقم پر سود کی ادائیگی ہے۔

بالاقساط لاگت پر مالی اثاثوں کو بعد میں مؤثر سود (EIR) کا طریقہ استعمال کرتے ہوئے ماپا جاتا ہے جو مضرت سے مشروط ہوتا ہے۔ اثاثے کے منسوخ، تبدیل یا، خراب ہونے پر حاصلات اور خسارے کو نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں تسلیم کیا جاتا ہے۔

ایف وی او سی آئی میں نامزد کردہ مالی اثاثے (ایکویٹی آلات)

ابتدائی پہچان کے بعد، جب کمپنی آئی اے ایس مالی آلات کے تحت ایکویٹی کی تعریف پر پوری اترتی ہے تو ایف وی او سی آئی میں نامزد کردہ ایکویٹی آلات کے طور پر اپنی ایکویٹی سرمایہ کاری کی غیر مستحکم درجہ بندی کرنے کا انتخاب کر سکتی ہے: پریزنٹیشن ٹریڈنگ کے لیے منعقد نہیں کی جاتیں۔ درجہ بندی کا تعین انفرادی آلات کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔

ان مالی اثاثوں پر حاصلات اور نقصانات کو کبھی بھی نفع یا نقصان کے لیے ری سائیکل نہیں کیا جاتا۔ جب ادائیگی کا حق قائم کیا گیا ہو، منافع منقسمہ کو یا نفع یا نقصان میں دیگر جامع آمدنی کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے سوائے اس کے جب کمپنی اس طرح کی آمدنی سے مالی اثاثہ کی لاگت کے کچھ حصے کی وصولی کے طور پر فائدہ اٹھائے، ایسی صورت میں، اس طرح کے فوائد او سی آئی میں درج کیے جاتے ہیں۔ ایف وی او سی آئی میں نامزد کردہ ایکویٹی آلات مضرت کی تشخیص سے مشروط نہیں ہیں۔

ایف وی پی ایل پر مالی اثاثے

ٹریڈنگ کے لیے رکھے گئے مالی اثاثے، ایف وی پی ایل کی ابتدائی پہچان پر متعین مالی اثاثے، یا مناسب مالیت پر پیمائش کے لیے درکار لازمی اثاثے ایف وی پی ایل پر مالی اثاثوں میں شامل ہیں۔ اگر مالی اثاثے مدتِ قریب میں فروخت کرنے یا خریدنے کے مقصد سے حاصل کیے جاتے ہوں ے تو ان کی درجہ بندی بطور ٹریڈنگ کی جاتی ہے۔ کاروباری ماڈل سے قطع نظر نقد بہاؤ کے ساتھ مالی اثاثے جو صرف اصل اور سود کی ادائیگی نہیں ہوتے ہیں ان کی نفع یا نقصان کے ذریعے مناسب قیمت پر درجہ بندی اور پیمائش کی جاتی ہے۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے قرض کے آلات کو معمولی قیمت پر یا ایف وی او سی آئی میں درجہ بندی کرنے کے معیار کے باوجود قرض کے آلات ابتدائی شناخت پر ایف وی پی ایل میں نامزد کیے جاسکتے ہیں اگر ایسا کرنے سے اکاؤنٹنگ کا فرق ختم ہو جاتا ہے یا ان میں خاطر خواہ کمی واقع ہو جاتی ہے۔

ایف وی پی ایل میں مالی اثاثے مناسب مالیت پر خالص تبدیلیوں کے ساتھ مالی صورتِ حال کے گوشواروں میں نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں درج کیے جاتے ہیں۔

اس زمرے میں مشتق آلات اور درج شدہ ایکویٹی بھی شامل ہے جسے کمپنی نے ناقابلِ ے نسیخ طور پر ایف وی او سی آئی میں درجہ بندی کے لیے منتخب نہیں کیا تھا۔

جب حق ادائیگی قائم ہو جاتا ہے تو فہرستی ایکویٹی پر سرمایہ کاریوں کو نفع یا نقصان کے بیان میں دیگر جامع آمدنی کے طور پر تسلیم کر لیا جاتا ہے۔

کمپنی نے ایف وی پی ایل میں کوئی اثاثہ نامزد نہیں کیا ہے۔

ج) ترکِ استعمال

ایک مالی اثاثہ (یا جہاں قابل اطلاق ہو، مالی اثاثے کا ایک حصہ یا اسی طرح کے مالی اثاثوں کے ایک گروپ کا حصہ) بنیادی طور پر اس وقت متروک کیا جاتا ہے (یعنی کمپنی کی مالی پوزیشن کے بیان سے ہٹا دیا جاتا ہے) جب:

- اثاثے سے نقد رقوم وصول کرنے کے حقوق ختم ہو چکے ہوں، یا؛
- کمپنی نے اثاثے سے نقد رقوم وصول کرنے کے اپنے حقوق منتقل کر دیے ہیں یا موصولہ نقد آمدنی کو بغیر کسی تاخیر کے کسی تیسرے فریق کو 'پاس تھرو' انتظام کے تحت مکمل طور پر ادا کرنے کی ذمہ داری قبول کی ہے اور یا تو (الف) کمپنی نے اثاثے کے تمام خطرات اور فوائد کو کافی حد تک منتقل کیا، یا (ب) کمپنی نے اثاثے کے تمام خطرات اور فوائد کو نہ تو منتقل کیا اور نہ ہی برقرار رکھا، بلکہ اثاثے کا کنٹرول منتقل کیا۔

جب کمپنی نے کسی اثاثے سے نقد بہاؤ وصول کرنے کے اپنے حقوق منتقل کر دیے ہیں، تو اس کا جائزہ لیتے ہیں کہ کیا اس نے ملکیت کے خطرات اور فوائد کو برقرار رکھا ہے، اور کس حد تک۔

جب کمپنی نے اثاثے کے تمام خطرات اور فوائد کو نہ تو منتقل کیا اور نہ ہی برقرار رکھا، اور نہ ہی اثاثے کا کنٹرول منتقل کیا، کمپنی منتقل شدہ اثاثہ کو اپنی مسلسل شمولیت کی حد تک تسلیم کرتی رہے۔ اس صورت میں، کمپنی اس سے منسلک ذمہ داری کو بھی تسلیم کرتی ہے۔ منتقل شدہ اثاثہ اور اس سے منسلک ذمہ داری کو اس بنیاد پر ناپا جاتا ہے جو ان حقوق اور ذمہ داریوں کی عکاسی کرتی ہے جو کمپنی نے برقرار رکھی ہیں۔

مسلسل شمولیت جو منتقل شدہ اثاثے پر ضمانت کی شکل اختیار کرتی ہے اس کی پیمائش اثاثے کی اصل مندرج رقم کے زیریں اور بالائی حد پر جاتی ہے جو کمپنی کو واپس کرنے کے لیے درکار ہو سکتی ہے۔

3.6.2 مالی واجبات

الف) ابتدائی شناخت اور پیمائش

ابتدائی پہچان کے طور پر، مالی ذمہ داریوں کی درجہ بندی ایف وی پی ایل میں مالی واجبات، قرضوں اور ادھاروں، تجارتی ادائیگیوں یا مؤثر hedge میں hedging آلات کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔

قرضوں اور قرض گیریوں اور واجبات کی صورت میں تمام مالی ذمہ داریوں کو ابتدائی طور پر عرفی مالیت خالص بلاواسطہ لین دین کی لاگتوں پر تسلیم کیا جاتا ہے۔

ب) ازاں بعد پیمائش

ایف وی پی ایل پر مالی واجبات

ٹریڈنگ کے لیے رکھے گئے مالی واجبات اپنی نفع یا نقصان کے ذریعے عرفی مالیت پر ابتدائی پہچان کے بعد عرفی مالیت پر مالی واجبات بذریعہ نفع یا نقصان میں شامل ہیں۔ ٹریڈنگ کے لیے رکھے گئے مالی واجبات پر فوائد یا خساروں کو نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی ن کے بیان میں تسلیم کیا جاتا ہے۔ نفع یا نقصان کے ذریعے مندرج مالیت پر ابتدائی پہچان سے متعین کی گئی مالی ذمہ داریوں کا تعین پہچان کی ابتدائی تاریخ پر کیا جاتا ہے، بشرطیکہ وہ آئی ایف آر ایس 9 کے معیار پر پوری اترتی ہوں۔ کمپنی نے ایف وی پی ایل میں کسی مالی ذمہ داری کا تعین نہیں کیا ہے۔

بالاقساط لاگت پر مالی ذمہ داریاں

ابتدائی شناخت کے بعد، EIR طریقہ استعمال کرتے ہوئے بالاقساط لاگت اپر دھار اور ادائیگیوں کی پیائش کی جاتی ہے۔ EIR کے بالاقساط لاگت طریقے کو استعمال کرتے ہوئے جب ذمہ داریاں ترک کی جائیں تو فوائد اور کے نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں حاصلات اور نقصانات کو تسلیم کیا جاتا ہے۔

حصول پر کسی کسی بھی رعایت یا پریمیم کو مد نظر رکھتے ہوئے فیس یا اخراجات پر غور کرتے ہوئے بالاقساط لاگت کا تخمینہ کیا جاتا ہے جو EIR کا لازمی حصہ ہے۔ EIR کو بالاقساط منافع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں مالی اخراجات کے طور پر شامل ہے۔

قرضوں کی درجہ بندی موجودہ ذمہ داریوں کے طور پر کی جاتی ہے جب تک کہ کمپنی کو رپورٹنگ کی تاریخ کے بعد کم از کم بارہ ماہ تک ذمہ داری کے تصفیہ کو مؤخر کرنے کا غیر مشروط حق حاصل نہ ہو۔ غیر ملکی کرنسی میں قرض لینے کے حوالے سے پیدا ہونے والے مبادلے کے فوائد اور نقصانات کو قرض لینے کی رقم میں شامل کیا جاتا ہے۔

ج) ترکِ استعمال

مالی ذمہ داری کو اس وقت ترک کیا جاتا ہے جب واجبہ کے تحت ذمہ داری ختم یا منسوخ یا ختم ہو جاتی ہے۔ جب ایک موجودہ مالی ذمہ داری کو ایک ہی قرض دہندہ سے کافی حد تک مختلف شرائط پر تبدیل کیا جاتا ہے، یا موجودہ ذمہ داری کی شرائط میں کافی حد تک ترمیم کی جاتی ہے، اس طرح کے تبادلے یا ترمیم کو اصل ذمہ داری کی شناخت اور نئی ذمہ داری کے طور پر سمجھا جاتا ہے۔ متعلقہ مندرجہ مالیت میں فرق منافع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے بیان میں تسلیم کیا جاتا ہے۔

3.6.3 مالی آلات کی تلافی

مالی اثاثے اور مالی واجبات ختم کر دیئے جاتے ہیں اور خالص رقم صرف مالی بیانات میں درج کی جاتی ہے جب کمپنی کو قانونی طور پر نافذ کرنے کا حق حاصل ہو اور کمپنی خالص بنیادوں پر تصفیہ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، یا اثاثوں کا ادراک اور ذمہ داریوں کا بیک وقت تصفیہ کرنا چاہتی ہے اس طرح کے اثاثوں اور واجبات کی آمدنی اور اخراجات کی اشیاء بھی تلافی کی جاتی ہیں اور خالص رقم مالی بیانات میں درج کی جاتی ہے۔

3.7 مالی اثاثوں کے علاوہ، ڈپازٹس، پیشگیاں، پیش ادائیگیاں، اور دیگر واجبات

یہ ابتدائی طور پر مناسب مالیت پر بیان کیے گئے ہیں اور بعد میں موثر شرح سود کے طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے بالاقساط لاگت پر پیمائش کی گئی ہے۔

